نقش سلیمانی
کتب خانہ اشاعت الاسلام، چوڑیوالان دہلی
Z. Raushan

اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمٰنَ وَ اِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نُسخۂ صحیحہ

نقشِ سُلیمانی

حصّہ اوّل

تالیف

عامل باکمال حضرت خواجہ اشرف علیصاحب لکھنوی

ناشر

جے ایس سنت سنگھ اینڈ سنز تاجران کتب چوڑیوالان دہلے

قیمت ۳/ مکمل چاروں حصہ جات مجلد

فہرست مضامین نقش سلیمانی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اشرف سخن و بہترین کلام حمد الٰہی کہ جس کے ہاتھ میں از ماہ تا ماہی سبحان اللہ کیا خالق ہے کہ جس نے آسمان کو ایسا رفیع اور مرتفع بنایا ہے اور درج فلک کو کواکب دری سے مرصع فرمایا ہے کہ جس نے نگاہ اٹھا کر دیکھا۔ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ زبان پر لایا اور وادی مدحت میں شبدیز قلم خرام لنگ وعقل دریافت درحقیقت میں دنگ ہیچ ہے قطرے سے تعریف دریا محال زبان در توصیف میں لال تو حش اللہ ایسا سرور کائنات اشرف المخلوقات کہ جس کے نور ظہور سے اللہ کا عالم ایجاد ہوا اور اس کی شان ہدایت نشانی میں لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاك ارشاد ہوا۔ صدقہ میں اسکے بنی آدم نے خلعت وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْ آدَمَ پایا اور اس کے طفیل میں احکم الحاکمین سے خطاب مستطاب لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ اَحْسَنِ تَقْوِيْم انسان خاکی بنیان کے حق میں آیا ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم بعد حمد و نعت خاکپائے فقراء و کفش بردار علما مسکین ہیچمدان فقیر ابو سلیمان ظہیر الدین احمد المدعو محمد اشرف علی لکھنوی خلف اصغر حضرت مولوی محمد اکبر۔ رزقہما شفاعۃ شفیع محشر رقم طراز کو بھی پرواز ہے، ابتدائے شعور سے عملیات کا شوق رہا۔ تعویذ گنڈے کا شوق رہا، جس بزرگ کو اس فن میں کامل پایا کچھ نہ کچھ اس سے حاصل کیا اور بموجب ارشاد بزرگان دین کے اکثر اسمار کی زکوٰۃ دی ایسے شغلوں میں صرف اوقات کی جس عمل اور نسخہ کو آزمایا، سریع النفع پایا، ایک بیاض میں بطور یادگار ترقیم کیا جس حاجت مند کو تعلیم کیا خدا کے فضل سے اس کا مدعا حاصل ہوا اس ہیچمداں کو تجربہ دوبارہ ہوا۔ اسی طرح سے یہ ذخیرہ فراہم ہوا، بزرگوں کا جلوہ کرم ہوا۔ بندہ بھاگتا تھا نام سے تالیف کے گھبراتا تھا ذکر سے تصنیف کے۔ چنانچہ وہ سب چیزیں جمع نہیں ہوئی تھیں کہ ان دنوں تین چار صاحبوں نے کچھ نقش کچھ شعبدے چھپوائے، اپنے استادوں کے نقشے جمائے جو کہ کل چیزوں میں ترکیب کو دخل تمام ہے۔ بغیر ترکیب دعا اور دوا بے اثر لاکلام ہے مثلاً اگر کوئی شخص نماز خلاف وقت مع شرائط ادا کرے، نماز صحیح نہیں ہوتی ہے یا نماز وقت پر پڑھے، لیکن خلاف ترکیب مقررہ پڑھے، تو بھی درست نہیں ہوگی۔ چنانچہ اسطرح عملیات اور نسخجات بغیر ترکیب کے فائدہ نہیں دیتے ہیں۔ مؤلف پر عملیات اور نسخجات کے مفت الزام دیتے ہیں۔ جب اس فقیر نے یہ دیکھا کہ مفت میں بندگان خدا بھٹکتے ہیں اور بعد امتحان کے کتاب کو زمین پر پٹکتے ہیں۔ دل میں خیال آیا کہ ایک رسالہ لکھئے جس میں صحت کے ساتھ عمل اور شرح و بسط کے ساتھ پڑھنے کی ترکیب ہو۔ تعویذ لکھنے کے اوقات اور ساعات لکھے جاویں تاکہ شائقین فائدہ اٹھاویں اور خاص و عام فیض پاویں اور مؤلف نے نہایت جستجو اور غایت تکاپو سے چند مسائل ضروریہ اور امور لابدیہ کو لکھا۔ کتب معتبرہ اور اقوال صحیحہ سے

اعمال پرستار اور نقوش معتمد جمع کر کے نام اس مختصر کا نقش سلیمانی رکھا ہے۔ صحت و نظر ثانی کا اہتمام رکھا، تب پسندیدہ خاص و عام ہوا معروف انام ہوا۔ اکثر شائقین ہنر نے بشوق تمام اس کے چھپوانے پر ایسا اصرار کیا کہ مؤلف نے ناچار اقرار کیا پس عاملین یا ممکین اور ناظرین ہنر سے امید ہے کہ اگر کسی جگہ سہو و خطا پائیں بمقتضائے الانسان مرکب من الخطاء والنسیان اس ہیچمدان کو حرف گیری سے معاف فرمادیں۔ اگر فائدہ اٹھائیں تو دعائے خیر سے اس عاصی کو یاد فرمادیں ؎

کردم ہمیں امید ایں نامہ سیاہ کیں نقش و نگار یادگارت

اور یہ رسالہ پانچ باب پر منقسم ہے

باب اوّل شامل او پر تین فصلوں کے

فصل اوّل قواعد عامہ میں

اے عزیز! جان تو کہ دعا اور دوا بلکہ ہر شے میں ایک ترکیب ہوتی ہے اور اس چیز کو مع ترکیب ادا کرتے ہیں وہ چیز تمام و کمال اور سراد بر حسب دل خواہ پہنچتی ہے ورنہ ناتمام رہ جاتی ہے۔ لوگ فائدہ سمجھکر کرتے ہیں اور آخر کو بے ترکیبی اور بے عنوانی سے سراسر نقصان اٹھاتے ہیں، خصوصاً جو صاحب عملیات وغیرہ بے ترکیبی سے خود پڑھتے اور تعویذ لکھنے میں خاتے ہندسوں سے بے ترکیبی کے ساتھ بھرتے ہیں اور بباعث نادانی مشقت اٹھاتے ہیں، جب فائدہ نہیں ہوتا تو عمل کو بدنام کرتے ہیں۔ پس لازم ہے کہ جب کسی شے کے کرنے کا ارادہ ہو، دل سے آمادہ ہو تو اوّل اس علم کے قاعدے سیکھے پھر اس کو شروع کرے۔ لہٰذا فقیر نے چند قاعدے جو کہ عاملین فن ہذا نے مقرر کئے ہیں اور اپنے پیران طریقت سے سنے ہیں، ان کو مختصر لکھا ہے۔ جو عامل ان قاعدوں کا لحاظ رکھے گا انشاء اللہ تعالیٰ سوائے فائدہ کے کبھی نقصان نہ اٹھائیگا

قاعدہ اوّل۔ قبولیت دعا اور اعمال میں بڑی تاثیر ہے مگر اکل حلال اور صدق مقال اور پڑھنے کے وقت رجوع قلب کرے اور وساوس شیطانی اور خیال لایعنی کو دل سے سلب کرے اور ابتدا سے انتہا تک اپنے مطلب کا دھیان رکھے، ورنہ کچھ فائدہ نہ ہوگا بقول حضرت مولوی معنوی ؎

برزباں تسبیح و در دل گاؤ خر ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

قاعدہ ۲۔ جو عمل اور وظیفہ کو ایام معدود تک واسطے کسی مطلب کے پڑھے، ترک حیوانات ضرور کرے یعنی کھانا ان چیزوں کا چھوڑ دے، جیسے گوشت، مچھلی، انڈا کسی جانور کا اور بہتر یہ ہے کہ بھنگ اور لہسن پیاز خام وغیرہ کو بھی نہ کھاوے ان چیزوں کے ترک کرنے

سے قوی امید اجابت دعا کی ہے اور کھانے سے تاثیر میں نقصان اور قباحت ہے

قاعدہ ۳۔ جواہر خمسہ وغیرہ میں سے کہ عملیات کے پڑھنے میں تعیین وقت ضروری ہے مثلاً اگر کوئی شخص کسی عمل کو جلالی یا جمالی کے طور پر پڑھے اور زوال سے تا اختتام وقت مقررہ کا التزام ضرور رکھے، اختلاف وقت سے سراسر نقصان ہے۔

قاعدہ ۴۔ اختتام وقت مقررہ کا التزام ضروری ہے، اختلاف مکاں کا بلاعذر ہرگز جائز نہیں ایک ہی مصلّی پر پڑھا کرے جہاں پہلے روز اتفاق ہو۔

قاعدہ ۵۔ شروع کرنا عمل کا عروج ماہ میں بہتر ہے زوال سے۔

قاعدہ ۶۔ جب عمل کرنے کو بیٹھے، الحمد اور آیۃ الکرسی اور چاروں قل کو تین تین یا دو دو بار اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے اپنے گرد حصار باندھ کر بیٹھے

قاعدہ ۷۔ جو اسم یا دعا پڑھے اگر سر اسم دعا اور حروف سر اسم پڑھنے والے کا آتشی ہو تو مراد جلد برآوے۔ حروف آتشی اور آبی سے عداوت ہے اور حروف آتشی اور بادی سزاوار ہیں۔ اور آبی آتشی میں عداوت ہے کہ جو اسم یا عمل شروع کرے حرف سر اسم درست کر کے پڑھے تا کہ جلد اثر ہو جاوے باد برابر آب میانہ آب خاک سزاوار۔ آب د آتش مخالف اربع عناصر خاک رنگ زرد۔ جبرائیل باد رنگ سبز حضرت اسرافیل، آب رنگ نیلا حضرت میکائیل آتش رنگ سفید و زرد حضرت عزرائیل۔

قاعدہ ۸۔ جب کسی عمل کی زکوٰۃ دے چکے تو چاہیئے کہ ہر روز سات مرتبہ یا بارہ مرتبہ یا اس سے زیادہ اس کو بلاناغہ پڑھ لیا کرے۔

قاعدہ ۹۔ اعمال میں اجازت صاحب عمل کی ضروری ہے ورنہ اس کے کرنے میں نقصان اور فتور ہے۔ لہٰذا فقیر عفی اللہ عنہ نے اعمال مندرجہ رسالہ ہذا کا اذن عام دیا ہے

قاعدہ ۱۰۔ عامل کو دریافت کرنا کیفیت برجوں اور ستاروں اور ان کی ساعتوں وغیرہ کا بھی درکار ہے اس واسطے ان کا مختصر حال لکھا جاتا ہے

فصل دوم برجوں کے بیان میں

تفسیر فتح العزیز اور مقصود العاشقین وغیرہما میں لکھا ہے کہ حقیقت برج کی یہ ہے کہ بسبب گردش آفتاب کے آسمان میں دائرہ پیدا ہوتا ہے اور اسی کو دائرۃ البروج کہتے ہیں آفتاب دائرہ کو ایک سال کی مدت میں طے کرتا ہے اور اس کو برابر بارہ حصوں پر تقسیم کیا ہے اور ہر حصہ کا برج نام رکھا ہے اور ہر برج کو موافق اس صورت کے جو کہ بسبب اجتماع ستاروں کے جیسی شکل پیدا ہوتی ہے اس شکل پر اس برج کا نام رکھا ہے اور برج کو اہل ہند راس کہتے ہیں اور وہ بارہ برج یہ ہیں۔ حمل ۱۔ ہندی میکھ، ماہ بیساکھ کو کہتے ہیں۔ بصورت مینڈھے کے اور وہ دو شاخ رکھتا ہے سر اس کا بجانب مغرب اور دم اس کی مشرق کی طرف ہے اور پشت شمال کی جانب

اور پا جنوب اور منہ پیچھے پھرا ہوا ہے گویا کسی کو دیکھتا ہے۔ خانہ مریخ مشرقی آتشی سرخ وبال زہرہ
شرف آفتاب ۱۹ درجہ پر ہبوط زحل مذکور منقلب، مؤکل ہے اطاعیل، حرف ا۔ع۔ل۔ی۔
ثور ۲۔ ہندی برکھ ماہ جیٹھ کو کہتے ہیں۔ صورت گاؤ۔ سراس کا بجانب مشرق اور دم بطرف مغرب
خانہ زہرہ جنوبی خاکی سفید بال، مریخ شرف قمر ہندی بیساکھ ۱۹ درجہ پر۔ مؤنث۔ موکل عزرائیل۔
حرف ب۔ جوزا ۳۔ ہندی میں ماہ اساڑھ کو کہتے ہیں اور دو لڑکے برہنہ باہم ملے ہوئے
کی شکل ہے۔ سر بجانب شمال و مشرق اور پیر بطرف جنوب و مغرب، خانہ عطارد۔ غربی بادی
زرد وبال مشتری شرف راس ہبوط ذنب ذوجسدین۔ مؤکل اسرافیل۔ حرف۔ ف۔ ق۔ ک۔
سرطان ۴۔ ہندی کرک ماہ ساون کو کہتے ہیں بصورت جانور دریائی ہندی جو کیکڑا اور
کٹکٹا ہے۔ خانہ قمر شمالی آبی سپید وبال زحل شرف مشتری ہبوط مریخ مؤنث منقلب۔ مؤکل
تیقائیل۔ حرف ہ۔ ح۔ اسد ۵۔ ہندی سنگھ ماہ بھادوں کو کہتے ہیں بشکل جانور صحرائی
کہ فارسی میں اس کو شیر کہتے ہیں۔ خانہ شمس شرقی آتشی سرخ وبال زحل مذکر ثابت موکل ہرکائیل،
حرف م۔ ت۔ سنبلہ ۶۔ ہندی کنیان ماہ کنوار یعنی آسن کو کہتے ہیں۔ بصورت دختر کے ہے
دامن کو لٹکائے ہوئے اور سراس کا بطرف مغرب اور شمال۔ پیر بجانب مشرق اور جنوب،
بایاں ہاتھ لٹکائے اور داہنا ہاتھ برابر کاندھے کے اٹھائے ہوئے اور اسی ہاتھ میں چھال
کسی درخت کی لئے ہوئے خانہ عطارد جنوبی خاکی سبز۔ نزد بعضے سیاہ وبال مشتری شرف
عطارد ہبوط زہرہ مؤنث ذوجسدین۔ مؤکل سماکائیل، حروف، ب۔ ت
میزان ۷۔ ہندی تلا، ماہ کاتک کو کہتے ہیں بصورت ترازو کے ہے۔ خانہ زہرہ غربی بادی
سپید وبال مریخ شرف زحل ہبوط آفتاب مذکر منقلب مؤکل فہم النحائیل۔ حروف۔ ر۔ ت۔ ط
عقرب ۸۔ ہندی برچھک ماہ اگھن کو کہتے ہیں۔ بصورت بچھو کے ہے۔ خانہ مریخ شمالی آبی
سرخ وبال زہرہ ہبوط قمر، مؤنث ثابت مؤکل ضدضائیل۔ حروف۔ ل۔ ن۔ ظ۔ ض۔ ز۔ ذ
قوس ۹۔ ہندی دھن ماہ پوہ کو کہتے ہیں۔ بصورت ایک مرد کے، تیر و کمان ہاتھ میں لئے ہوئے
خانہ مشتری شرقی آتشی زرد وبال، عطارد و شرف ذنب ہبوط راس مذکر ذوجسدین۔ مؤکل
ضلخائیل حرف، ف۔ جدی ۱۰۔ ہندی مکر ماہ ماگھ کو کہتے ہیں۔ بصورت بکری کے ہے
خانہ زحل جنوبی خاکی سیاہ وبال قمر شرف مریخ ہبوط مشتری مؤنث منقلب مؤکل ہماکائیل
حروف، ج۔ خ۔ دلو ۱۱۔ ہندی کنبھ ماہ پھاگن کو کہتے ہیں۔ بصورت مرد کہ ڈول ہاتھ میں
لے کر ٹیڑھا کر کے پانی زمین میں گراتا ہے، خانہ زحل غربی بادی زرد وبال آفتاب مذکر
ثابت مؤکل سخازائیل۔ حروف۔ س۔ ش۔ ث۔ غ۔ حوت ۱۲۔ ماہ چیت کو کہتے
ہیں بصورت مچھلیوں کے ہے۔ خانہ مشتری شمالی آبی سرخ وبال ہبوط عطارد شرف زہرہ
مؤنث ذوجسدین مؤکل فقہائیل۔ حروف، ج، د۔ بروج اور ماہ ہندی کو فقیر راقم نے نظم کیا ہے

تاکہ دریافت کرنا ان دونوں کا بہت آسان ہو

نظم

حمل بیساکھ ہے اے نکتہ پرداز — مقرر ثور کو رکھ جیٹھ ہمراز
اساڑھ ہندی میں جوزا کو کہیں گے — مگر سرطان کو ساون جان لیں گے
اسد بھادوں ہے آسن سنبلہ ہے — کہ میزان کا تک اب بے فاصلہ ہے
کہو عقرب کو اگھن قوس کو پوس — جدی کو ماگھ کہ بے روئے افسوس
لکھ اشرف دلو کو پھاگن مقرر — کہ کہتے حوت کو ہیں چیت اکثر

کسی شاعر نے برجوں کی طبع نظم کی ہے ؎

حمل است آتشی و تیر و کماں — ثور خاکی جدی و خوشہ ہماں
طبع جوزا و دلو را بشمار — واں تو خرچنگ و حوت عقرب مار

ابوالصرانی فرخی نے ستاروں کے خانوں میں نظم کیا ہے

حمل و عقرب است با بہرام — قوس حوت است مشتری را نام
ثور میزان چو خانہ زہرہ است — مرزحل راست جدی و دلو مقام
تیر جوزا و خوشہ مہ سرطاں — خانہ آفتاب شیر مدام

جان تو کہ اللہ تعالیٰ نے ہر بُرج اور ستارے کو نیکی اور بدی اور سعادت و نحوست میں اثر جداگانہ مرحمت فرمایا ہے اور حکم ان کا اس عالم میں جاری ہوتا ہے لہٰذا عاملوں کے نزدیک بروج دوازدہ گانہ تین قسم کے ہیں: ثابت و منقلب و ذوجسدین۔ جب آفتاب بروج ثابت میں آوے عمل محبت و کشایش رزق وغیرہ کا اور منقلب میں ہلاکی دشمن وغیرہ کا اور ذوجسدین میں دونوں کا پڑھنا مقرر ہے۔ اور حب کا عمل منقلب میں ہرگز شروع نہ کرے کہ وہ برعکس ہوگا۔ یعنی اُلٹی تاثیر ہوگی اور یہی حال بارہ مہینوں کا ہے اور اس کا تعیّن از روئے شمسی مہینوں کے ہے۔ نقیر سے بروج دوازدہ گان کی کیفیت ایک جگہ پر شائقین کو بخوبی حاصل ہوسکتی ہے

دائرۃ البروج اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

دائرۃ البروج یہ ہے

دائرۃ البروج

شرقی آتشی سرخ
شمالی آبی سرخ
وبال زہرہ شرف آفتاب
وبال عطارد شرف زہرہ
ہبوط زحل
ہبوط عطارد
مذکر منقلب
مؤنث ذوجسدین
جنوبی خاکی سفید
غربی بادی زرد
وبال آفتاب

فصل ۳ طالع کے بیان میں

جان کہ اس فن میں استخراج کرنا طالع کا بھی واسطے حب وغیرہ کے ضرور ہے اس کا مفصل حال بڑی بڑی کتابوں میں لکھا ہے ۔ اس رسالہ مختصر میں طول کی گنجائش نہیں، لہٰذا ایک مختصر قاعدہ عام فہم لکھتا ہوں جس شخص کا حال دریافت کرنا منظور ہو، اعداد اس کے نام کے اور اس کی ماں کے لیکر ایک جگہ جمع کرے اور پھر اس مجموعہ سے بارہ بارہ کو طرح دے جو ایک باقی رہے طالع حمل ہے اور دو باقی رہیں برج ثور ہے اور تین باقی رہیں برج جوزا ہے اور چار باقی رہیں طالع برج سرطان ہے اور پانچ باقی رہیں برج اسد ہے اور چھ باقی رہیں برج سنبلہ ہے اور سات باقی رہیں برج میزان ہے اور آٹھ باقی رہیں برج عقرب ہے اور نو باقی رہیں برج قوس ہے اور دس باقی رہیں برج جدی ہے اور گیارہ باقی رہیں برج دلو ہے اور بارہ باقی رہیں برج حوت ہے ۔ اس کی مثال یہ ہے کہ نام سائل کا مرادی، عدد اسکے دوسو پینتالیس ہیں اور سائل کی ماں کے نام کے عدد چھیالیس ہیں جملہ دوسو اکانوے ہوتے ہیں بعد طرح دینے کے تین عدد باقی رہے ۔ اب معلوم ہوا کہ اس شخص کا طالع برج جوزا ہے

باب دوسرا اس میں چھ فصلیں ہیں

فصل اوّل ستاروں کے بیان میں

عجائب المخلوقات اور مقصود العاشقین میں لکھا ہے، اللہ تعالیٰ نے بیشمار ستارے پیدا کئے ہیں کہ شمار اُن کا سوائے اللہ تعالیٰ کے اور کوئی نہیں جانتا ہے، وہ سب ثوابت ہے یعنی ان کو بذات خود حرکت نہیں۔ ایسے جڑے ہیں کہ جیسے انگوٹھی میں نگینہ مگر نگینہ وار پار نہیں ہوتا اور یہ ستارے وار پار ہیں اسی سبب سے ان کو ثوابت کہتے ہیں۔ مگر ان میں سے سات ستاروں کو متحرک کیا ہے یعنی سوائے حرکت سماوی کے وہ خود بھی متحرک ہیں اور اسی واسطے ان کو سبعہ سیارہ کہتے ہیں۔ ان کی حرکت سے طرح طرح کی تاثیرات عالم میں ظاہر ہوتی ہیں اور وہ اکثر چیزوں میں مؤثر ہوتی ہیں اور ہر ایک ستارہ ایک وقت پر حرکت کرتا ہے اور سعد و نحس میں حکومت علیحدہ کرتا ہے، اور ہر ایک ستارہ کا ایک آسمان میں مقام ہے اور اسی کے نام سے مشہور ہے اور وہ ستارے یہ ہیں۔ قمر[۱] فارسی ماہ ہندی، چندرماں بصورت مرد دراز قد دونوں ہاتھ کاندھے پر رکھے ہوئے ایک ہالہ گرد چہرہ رنگ سبز نزد بعضے آبی فلک اول عامل روز دوشنبہ مؤکل بعوائیل اقلیم ہفتم۔ عطارد[۲] بفارسی دبیر ہندی بدھ بصورت پیر مرد دراز ریش ہاتھ میں قلم زانو پر کاغذ رکھے ہوئے گویا کوئی چیز لکھتا ہے رنگ فیروزی فلک دوم روز چہارشنبہ مؤکل اسمائیل اقلیم دوم۔ زہرہ[۳] فارسی ناہید ہندی بیکر بصورت عورت ہاتھ میں کوئی باجہ لئے ہوئے رنگ سفید عامل فلک سوم روز جمعہ مؤکل ارسموئیل اقلیم سوم۔ شمس[۴] بفارسی خورشید ہندی سورج۔ رویت بہ شکل مرد میانہ قد ہالہ گرد چہرہ داہنے اور بائیں صورت شیر کی دونوں ہاتھ اوپر رکھے ہوئے رنگ طلائی عامل فلک چہارم روز یکشنبہ مؤکل کلائیل اقلیم چہارم۔ مریخ[۵] بفارسی بہرام ہندی منگل بصورت مرد لشکری ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے ہاتھ میں سر کٹا ہوا رنگ سرخ عامل فلک پنجم روز سہ شنبہ مؤکل لجبرائیل اقلیم پنجم۔ مشتری[۶] بفارسی برجیس ہندی برہسپت بہ شکل مرد پیر سن کتاب ہاتھ میں لئے ہوئے رنگ زرد نیچے صندلی عامل فلک ششم روز پنجشنبہ موکل میمائیل اقلیم ششم۔ زحل[۷] فارسی کیوان ہندی سنیچر بصورت مرد دراز قد بال چھ ہاتھ دو ہاتھوں سے عصا نیچے گدی کے لگائے ہوئے، دو ہاتھوں میں ڈالی کسی میوہ کی لئے ہوئے اور دو ہاتھوں میں دُم چوہے کی لئے ہوئے رنگ سیاہ عامل فلک ہفتم روز شنبہ موکل اذقائیل اقلیم ہفتم۔ سبع سیارہ کے نام کسی شاعر نے نظم کئے ہیں۔

اسمائے سبع سیارہ کواکب مہ و تیر و ناہید داں + چو خورشید و بہرام و برجیس کیواں + اقلیم ستاروں کی ساتوں اس نظم سے دریافت کرو سیارہ ہند را حاکم زحل شد ملک چیں را مشتری + ملک ترکستان را مریخ کردہ سروری شمس آمد در خراساں زہرہ در مار النہر؛ روم عطارد و زقمر بلغار را شد برتری۔ مؤلف عفی عنہ نے

ایک دائرہ بنایا ہے نام اسکا دائرۃ النجوم رکھا ہے کہ جسکی سیر سے کیفیت نجوم معلوم اور جہل معدوم ہو۔

دائرۃ النجوم یہ ہے

ہر چند ستاروں کی صورت اور رنگ اور مؤکلات وغیرہ میں بہت اختلاف ہے لیکن اکثر منجموں کے نزدیک اور کتب معتبرہ میں بھی جو ٹھیک پایا موافق اس رسالۂ مختصر کے تھوڑا حال بالاجمال لکھدیا اور قرآن و تسدیس و تربیع و تثلیث و نظرات وغیرہ کو بلحاظ طولِ کلام نہیں لکھا۔

فصل دوم دن اور رات کی ساعتوں کے بیان میں

جاننا چاہیئے کہ خالق جل شانہٗ نے اپنی ہر مخلوق میں تاثیریں بخشی ہیں اور ان کی تاثیرات ہمیشہ ظہور میں آتی ہیں۔ چنانچہ جب کوئی ستارہ کسی وقت کا حاکم ہوتا ہے اپنی ایک تاثیر دکھاتا ہے اس واسطے عالموں نے ازروئے انکے خواص و تاثیرات کے عمل پڑھنا اور تعویذ کا لکھنا اختیار کیا ہے اور زمانۂ سابق سے تا ایں دم اس پر عالموں کا اتفاق رہا ہے لہٰذا ایک نقشہ دریافت کرنے ساعت کا کہ بطور دھوپ گھڑی کے ہے اور دوسرا کہ بطریق جدول کے ہے درج کتاب ہذا ہے

نقشہ دریافت کرنے ساعتوں کا بطور دھوپ گھڑی کے

جب آفتاب نکلے ایک لکڑی بارہ انگل کی ہموار زمین پر روبرو آفتاب کے کھڑی کرے پھر اس کے سایہ کو دیکھ کر اس نقشہ سے ساعت معلوم کرے۔ وہ نقشہ یہ ہے

حصہ اول صبح

		انگل	ساعت	
۱	۴۰			۱
۲	۳۰	〃	〃	۲
۳	۱۸	〃	〃	۳
۴	۱۲	〃	〃	۴
۵	۸	〃	〃	۵
۶	۴	〃	〃	۶

حصہ دوم بعد میانہ روز

		انگل	ساعت	
۱	۶			۷
۲	۱۰	〃	〃	۸
۳	۱۸	〃	〃	۹
۴	۳۰	〃	〃	۱۰
۵	۳۶	〃	〃	۱۱
۶	۴۰	〃	〃	۱۲

اور یہ جدول ساعت نامہ جس کے دیکھنے سے رات دن اور ان کی ساعتوں کی کیفیت معلوم ہوتی ہے اس کو حضرت ابو المعاشر بلخی نے تالیف کیا تھا اور بکثرت سبب نقلوں کے اسمیں تفاوت ہو گیا پھر حکیم ابو العسیر نے درست کیا تھا کہ آج تک مروج ہے اب فقیر مؤلف عفی عنہ نے کتاب مقصود العاشقین اور دیگر بیاض ہائے معتبرہ سے صحیح کیا ہے مخفی نہ رہے کہ ساعت ستارے کی ایک گھنٹہ ہوتی ہے جدول ساعت نامہ یہ ہے

	پاس اول			پاس دوم			پاس سوم			پاس چہارم		
شب و روز	ساعت ۱	ساعت ۲	ساعت ۳	ساعت ۴	ساعت ۵	ساعت ۶	ساعت ۷	ساعت ۸	ساعت ۹	ساعت ۱۰	ساعت ۱۱	ساعت ۱۲
شب شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زہرہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یکشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زہرہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

فصل سوم ستاروں کے سعد و نحس اور انکی ساعتوں اور تعویذات لکھنے کی بیان میں

جان تو کہ مشتری سعد اکبر ہے اسکی ساعت میں تعویذ محبت اور حاضر ہونے غائب اور دفع بیماری کا لکھا جائے۔ اور زہرہ سعد اصغر ہے اس کی ساعت میں تعویذات ام الفت و زبان بندی اور خواب بندی لکھنا چاہیئے۔ اور عطارد مشترک ہے اسکی ساعت میں تعویذات محبت اور خواب بندی اور تیغ بندی وغیرہ لکھا جائے اور شمس سعد ہے اسکی ساعت میں بھی تعویذات محبت اور اخلاص اور شفائے امراض لکھتے ہیں اور زحل نحس اکبر ہے اسکی ساعت میں تعویذ بلا کی اعدار لکھنا چاہئے اور مریخ نحس اصغر ہے اسکی ساعت میں تعویذات علاوہ و بلا کی دشمن کیلئے لکھے۔ لیکن طالب کو چاہیئے کہ وقت سعد کے کام کرے اور وقت نحس کے کوئی کام جدید نہ کرے کہ انجام کو نہ پہونچیگا نیک ساعت میں جو کام ہوگا اس کا انجام اچھا ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

فصل چہارم بخورات کے بیان میں

جواہر خمسہ اور مقصود العاشقین میں لکھا ہے کہ عامل عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے میں ان بخورات کا ضرور دھیان رکھے، موافق ہر ستارے کے بخور جلاوے، بخورات مشتری عود اور مشک اور کافور اور تخم دانہ اور صندل سرخ اور شکر۔ بخورات زہرہ، عود اور عنبر اور مشک اور صندل سفید اور کافور اور اسپند۔ بخورات عطارد۔ عود اور کافور اور صندل سرخ اور قرنفل۔ بخورات شمس۔ عود اور مشک اور دار چینی۔ بخورات قمر، عود اور کافور اور شہد وغیرہ۔ بخورات زحل عود اور لوبان اور رال۔ بخورات مریخ، عود اور لوبان اور وقت لکھنے تعویذ اور جلانے فتیلہ کے پیل گرد جلاوے اور یہ بخورات بحکم ستارۂ عاشق اور بحکم ستارۂ معشوق کے کرے اگر ستارۂ عاشق و معشوق کا ایک ہی ہو تو ایک ہی بخور جلاوے۔ اور بخورات تعویذات بغضیات رائی اور رال ہے واسطے فتیلہ جن اور بھوت وغیرہ کے گوگل اور ہینگ اور سرسوں اور پیل گرد ہے اور بخور دھونی کو کہتے ہیں

فصل پنجم ستاروں کے فالنامہ میں

بسبب مناسبت مقام کے یہ فالنامہ لکھدیا ہے جب کسی شخص کو کچھ اپنی کیفیت دریافت کرنی منظور ہو تو اول آنکھ بند کر کے کلمہ کی انگلی کو ایک خانہ پر رکھے پھر اپنا حال اشعار مرقومہ سے دریافت کرے یہ فالنامہ بہت عمدہ اور آزمودہ ہے

زحل پر گر پڑے انگشت فی الحال
کوئی تیرا مخالف ہے سیہ رُو
بکدر طبع بھی رہتا ہے گاہے
مقرر جی بھی گھبراتا ہے اکثر
تو جسکا دوست ہے وہ بھی ہے بہات

تو سن لے طالع اختر کا احوال
خبر اس کی تجھے ہو یا نہیں ہو
کم ہاتھ آئے جس شے کو چاہے
کہیں جانے کا خیال آتا ہے اکثر
کرتے ہیں دشمن کی تجھ سے کچھ بات

کسی نے کر کے کچھ اقرار تجھ سے
رہے گا چند روز احوال اس طور
کہ یعنی ہاتھ کچھ آئے گی دولت
تلاش نوکری ہیں گر ہے حیران
کسی سے گر ہوئی ہے کچھ لڑائی
اگر ہے خواہش محبوب و فرزند
غرض اس سے ہراساں ہو نہ اب کچھ
بروز شنبہ دے تو تیل اور ماش
بڑی گر مشتری پر تیری انگشت
یقین ہے یہ کہ گذرے اب خوش اوقات
جو بچھڑا دوست ہو مدّت سے تیرا
الم جو کچھ ہے وہ جاتا رہے گا
اگر اولاد کی ہوئے تمنّا
یقیں ہے ہاتھ آوے گا مقرر
غم دُوری ہے یا ہو اور کچھ غم
اگرچہ ہو گی اب کچھ شے تری کم
اگر جھگڑا کچھ آپس میں ہوا ہے
پیادہ پا سے گر ہے بیقراری
بروز پنجشنبہ صدقہ کر کے
اگر انگشت تیری تا بہ یک دو
بدن میں رہتی ہے گرمی سی اکثر
نحوست رکھتے ہیں از بسکہ ایّام
درون سینہ دل رہتا ہے بیتاب
اک اندیشہ رہے ہی دل کو دن رات
کسی سے دل بھی چاہے گا کہ لڑیئے
لباس سرخ سے دل ہو گا خوشحال
مگر چندے ابھی تشویش سی ہے
نہ تیری جان دُکھ پاتی رہے گی
عدس کی دال تو اور گوشت سیندور

کیا القا نہ وعدہ یار تجھ سے
پھر اس کے بعد نقشہ ہوگا کچھ اور
مرض ہو کچھ تو ہو گی اس سے صحت
توقف سے ترا دل ہو گا شاداں
بہ مہلت صاف ہو جائے صفائی
بدیر اس سے ترا دل ہو گا خرسند
ٹک اک عرصہ میں ہاتھ آئیگا سب کچھ
تصدق اپنے اوپر کر کے خوش باش
تو زر آئیگا تیرے ہاتھ یکمشت
کسی اہل دل سے ہووے ملاقات
مقرر وہ کرے پھر گھر میں پھیرا
نہ رنج و تنگدستی تو سہے گا
پسر ہوئے سعادتمند پیدا
لباس زعفرانی یا کہ پُر زر
تو پھر کچھ غم نہ کھا ہوئے گا خرم
پکڑ آئیں گے وہ سب دزد و مردم
تو ہو گی صلح تجھ کو خوف کیا ہے
تو پھر ہاتھ آئے گی اچھی سواری
چنے کی دال اور چوب زردے
سو مریخ آوے چوں مہ نو
عدد خونخوار ہے کوئی مقرر
بگڑ جاتا ہے ہوتے ہوتے ہر کام
بوضع دائم اب ہے کم خور و خواب
غرض ہے نادرستی ابتر اوقات
نہیں کوئی توآپی سے بگڑیئے
بقسم بافتہ یا اور کچھ لال
پھر اس کے بعد تجھ کو خوش دلی ہے
جو کچھ تشویش ہے جاتی رہے گی
دیا منگل کو کرتا ہو نہ رنجور

پڑے اب شمس پر گر تیری انگشت
کہ سلطان الکواکب ہے یہ خورشید
مگر شدت پہ جدم آئے ہے یہ
تعلق گر طبیعت کا کہیں ہو
کہیں سے خوشدلی کا آوے پیغام
مخالف مفلسی یا ہووے آزار
جواہر پا کے بھی دل ہووے شاداں
لڑے کوئی نہ راہ تند خوئی
پسر کی دل میں کچھ خواہش اگر ہو
جو آپس میں ہوئی ہوگی لڑائی
یہ سن لے روز یکشنبہ منگا کر
جو زہرہ پر تیری انگشت پڑ جائے
سواری کو جو چاہے ہے تراجی
اگر غم دل پہ ہے جاتا رہیگا
کسی نقصان سے غمگیں ہے گر دل
جو ہے امراض سے کچھ دل کو آزار
کوئی خواجہ سرا ہو یا کہ عورت
مقرر اس سے ہوگا نفع حاصل
اگر کچھ گشت اب تو جو کرے گا
مطالب جو کہ ہیں سب ہونگے حاصل
بروز جمعہ کام اتنا کیا کر
عطارد پر پڑے گر تیری انگشت
مگر اندک توقف سے ہے ہر کام
طپش ہو دل کو جیسی رشک پری بن
اگر آزار ہے تو غم نہ کھا تو
اگرچہ چند روز ایام ہیں سخت
کہ تجھ پر مرد قابل مہرباں ہو
بلا کر ہاتھ وہ پکڑے گا تیرا
اگر ہے خواہش محبوب تجھ کو

ہراساں ہو نہ دانتوں میں دے ہر انگشت
خدا چاہے ہے تو بر آوے ہر امید
نحوست کام میں کر جائے ہے یہ
تو معشوق اپنا اکثر خشمگیں ہو
جو بگڑے ہوں سنور جائیں وہ ایام
خدا چاہے تو سب دفع اکبار
بقسم لعل یاقوت اور مرجان
تو اس پر فتح ہو یا سرخروئی
تو فخر خانداں پیدا پسر ہو
بمہلت صاف ہو جاوے صفائی
گیہوں اور دودھ تو صدقہ دیا کر
گیا پردیس میں جو ہو وہ گھر آئے
ملے گی خنگ گھوڑی یا کہ نقرئی
خوشی کی بات کوئی آ کہے گا
تو ہوگا نفع افزوں اس سے حاصل
تو صحت اس سے تو پاوے گا اکبار
کہ ہووے گا کوئی امرو کی صورت
کر اب شادی نہ غمگیں اپنا گر دل
تو پھر دولت سے گھر تیرا بھرے گا
منور ہوگا مقصد سے ترا دل
کہ صدقہ مونگ اور روغن دیا کر
در علم آئیگا تو ہاتھ یکمشت
درستی پر بہ مہلت ہوویں ایام
تو ہووے وصل اس سے اک نہ اک دن
کہ صحت اس سے ہووے کر دوا تو
ولے ہوئیگا رخشاں کوکب بخت
کہ جس کے گھر میں دولت بھی عیاں ہو
غلط سمجھو یہ کہنا تم نہ میرا
ملے گا وہ بہر اسلوب تجھ کو

جو کچھ ہے دل میں تیری اور مطلب — توقف سے وہ حاصل ہو دینگے سب
دیا کرنا ختنا لی پارچہ اور — بروز چارشنبہ مونگ فی الفور
قمر پر گر تری انگشت آئے — تو تجھ کو عیش و عشرت دکھائے
سریع السیر ہے ازبس یہ تارا — بزودی کام ہو دل آشکارا
نصیبوں میں ہو یکباری امارت — تعجب کیا کہ ہوجائے وزارت
مخالف جلد ہوگا دفع تیرا — رہے گا وہ نہ غم جس غم نے گھیرا
کسی درویش کا شاید ہو آنا — بتادے وہ تجھے چاندی بنانا
کرے نزلہ اگر بیتاب تجھ کو — بجا ہے احتیاط اب تجھ کو
کرے سودا اگر تو نفع ہووے — مگر دریا میں کچھ اپنا بھی کھووے
اگرچہ آج کل دل کو نہیں کل — ولے کل ہوگی تجھ کو آج ہی کل

اگر ہے آرزو فرزند ہوگا — تو اس فرزند سے خرسند ہوگا
ملے گا مہ لقا محبوب کوئی — کہے تو جس کو ہے یہ خوب کوئی
یہ سن لے تو دوشنبہ کو منگا کر — برنج اور کوڑیاں صدقہ دیا کر

فصل ۶ مہینے قمری اور تاریخوں نحس اور قمر در عقرب کے بیان میں

اس فن کے کاملین نے عملیات پڑھنے میں مثل مہینوں شمسی کے قمری مہینوں کی بھی رعایت رکھی ہے چنانچہ ہر مہینے کے تین تین عشرے مقرر کئے ہیں۔ پہلا عشرہ واسطے کشایش رزق و فتوح۔ اور دوسرا عشرہ بنا بر محبت اور تسخیر کے تیسرا عشرہ واسطے عداوت کے۔

ان دنوں کا بھی عامل لحاظ رکھے بنا بر وسعت رزق تسخیر و شفائے مریض پیر کا دن۔ واسطے محبت دوستی اور ترقی دولت دن جمعرات اور جمعہ کا ہلاکی اعدا کے دن ہفتہ کا۔ اور دن اتوار اور منگل کا واسطے زبان بندی وغیرہ کے دن اتوار اور بدھ کا

اور ان تاریخوں کا بھی خیال رکھے۔ شرح سفر السعادہ اور کتاب سنن الہدایہ میں لکھا ہے کہ حضرت عباس رضؓ سے منقول ہے کہ ہر مہینے میں سات دن نحس ہیں چنانچہ ان ایام کو کسی شاعر نے نظم کیا ہے ؎

ہفت روزے نحس باشد ہر مہے — زو حذر کن تا نیابی ہیچ رنج
سہ و پنج و سیزدہ یا شانزدہ — بست و یک یا بست و چار و بست و پنج

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ عامل ان دنوں میں کوئی جدید کام نہ کرے اگر کرے گا سرانجام کو نہ پہونچے گا۔ واللہ اعلم

اور ہر کار جدید میں قمر در عقرب کا دھیان ضرور رکھے کسی شاعر نے اس حساب کو بھی نظم کیا ہے اور مؤلف نے لفظ بلفظ مرقوم کیا ہے

ابیات

عقرب اندر ہر مہے دو نیم روز آرد گراں — ہر کہ کارے نو کند بیند در و خطر و زیاں

یازدہ اند ساڑھ و ہشت اندر ساون است — شش بہ بھادوں سہ تا آسن یک کاتک امتحاں

دہشت آید بہ اگھن بست و شش آید بہ پوس — بست و سہ در ماگھ آید بست و یک پھاگن بداں

ہژدہ اندر چیت بشمر شانزدہ بیساکھ گیر — سیزدہ در جیٹھ گیر دایں نمیدانی بداں

باب تیسرا اس میں دو فصلیں ہیں

فصل اوّل معانی اور اعداد ابجد کے بیان میں

اکثر رسائل معتبرہ میں لکھا ہے کہ عامل حساب جمل کو دریافت کرلے، واسطے بنانے نقش کے بہت ضروری ہے اور بغیر دریافت اعداد حروف اکثر امور میں غلطی واقع ہوتی ہے لہٰذا اعداد رقم سے اول معانی ابجد دریافت کرنا چاہیئے منتخب اللغات اور غیاث اللغات میں لکھا ہے کہ مرامر نام ایک مرد کا تھا کہ لکھنا اس نے ایجاد کیا۔ اور یہ آٹھ کلمے یعنی ابجد ہوز وغیرہ نام اس کے آٹھوں بیٹوں کے ہیں۔ اور رسالہ ضوابط عظیم میں ان آٹھوں کلموں کے معانی یہ لکھے ہیں ابجد آغاز کیا ہوز ملا۔ حطی واقف ہو۔ کلمن سخن گو ہوا۔ سعفص اس سے سیکھا۔ قرشت ترتیب کیا ثخذ نگاہ رکھا۔ ضظغ تمام کیا۔ اور نزدیک اہل لغت کے اور بھی معانی ان الفاظ کے ہیں اس رسالہ مختصر میں تھوڑے سے لکھدیئے۔ یہ جدول ابجد علم جفر سے ہے اسکے سات کلمے ہیں اور ہر کلمہ چار حرفی ہے اور ہر ایک کلمہ سبعہ سیارہ سے متعلق ہے اور اسمیں سات حروف آتشی اور سات بادی اور سات آبی اور سات خاکی ہیں ان حروف میں سے جو حرف جس شخص کے سر اسم پڑے اس نام کا تعلق اس ستارے سے ہوگا اور موافق اس کے بخور جلاوے بہت جلد اثر ظاہر ہوگا۔

سبعہ سیارہ	زحل۔ ابجد	مشتری۔ ہوزج	مریخ۔ بنیکل	شمس۔ منع	زہرہ۔ فص۔ قمر	عطارد۔ شتثخ	قمر۔ ذ ضظغ
آتشی	ا۔ ۱	ہ۔ ۵	ط۔ ۹	م۔ ۴۰	ف۔ ۸۰	ش۔ ۳۰۰	ذ۔ ۷۰۰
بادی	ب۔ ۲	و۔ ۶	ی۔ ۱۰	ن۔ ۵۰	ص۔ ۹۰	ت۔ ۴۰۰	ض۔ ۸۰۰
آبی	ج۔ ۳	ز۔ ۷	ک۔ ۲۰	س۔ ۶۰	ق۔ ۱۰۰	ث۔ ۵۰۰	ظ۔ ۹۰۰
خاکی	د۔ ۴	ح ۸	ل۔ ۳۰	ع۔ ۷۰	ر۔ ۲۰۰	خ۔ ۶۰۰	غ۔ ۱۰۰۰

فصل دوم حروف تہجّی کے بیان میں

عاملان کامگار و مرشدان نامدار نے فرمایا ہے کہ عامل پر لازم ہے کہ پہلے حروف تہجّی کی زکوٰۃ دیوے بعدہ جس عمل کو چاہیے پڑھے اس کی تاثیر بہت جلد ہوگی اور رجعت سے محفوظ رہیگا اور بہت لوگ نادانی سے عمل شروع کرتے ہیں زکوٰۃ حروف تہجّی کی نہیں دیتے آخر رجعت میں گرفتار رہتے یا جان سے گذر جاتے ہیں اور رجعت اسے کہتے ہیں کہ عمل پڑھنے میں بسبب کسی بے احتیاطی کے طبیعت منقلب ہو جائے بعض کہتے ہیں کہ یہ اٹھائیسوں حروف تہجّی نام باری تعالیٰ کے ہیں کہ فرشتے ان ناموں سے اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور بزرگی ان کی ظاہر ہے کہ الفاظ قرآن مجید اور سب نام انھیں سے ترتیب پاتے ہیں۔ طریقے ان کی زکوٰۃ کے بہت ہیں لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ ہر روز ایک حرف کو چار ہزار چار سو چوالیس مرتبہ اٹھائیس دن تک بلاناغہ با موکل پڑھے اور جب کوئی مشکل پیش آوے اٹھارہ سو مرتبہ ایک مجلس میں پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ مشکل حل ہوگی۔ وہ یہ ہیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا اسرافیل بحق یا الف، یا جبرائیل بحق یا باء یا عزرائیل بحق یا تاء، یا میکا ئیل بحق یا ثاء، یا کلکائیل بحق یا جیم، یا تکفیل بحق یا حاء یا میکائیل بحق یا خاء یا دردائیل بحق یا دال یا اھرائیل بحق یا ذال یا امواکیل بحق یا را یا شرفائیل بحق یا زاء یا ھمواکیل بحق یا سین یا ھموائیل بحق یا شین یا اھجائیل بحق یا صاد یا عطکائیل بحق یا ضاد یا اسمائیل بحق یا طاء یا لموزائیل بحق یا ظاء یا لومائیل بحق یا عین یا لوخائیل بحق یا غین یا سرحمائیل بحق یا فاء یا عطرائیل بحق یا قاف یا حوزائیل بحق یا کاف یا طاطائیل بحق یا لام یا رویائیل بحق یا میم یا حرکائیل بحق یا نون یا رقمائیل بحق یا واؤ یا دوریائیل بحق یا ھاء یا سرکیطائیل بحق یا یاء حماکائیل۔

باب چوتھا اسمیں تین فصلیں ہیں

فصل اوّل اقسام تعویذات اور انکے فوائد میں

تعویذ چار قسم کا ہوتا ہے آتشی بادی آبی خاکی تعویذ آتشی اسکو کہتے ہیں کہ کاغذ یا سفال آب نارسیدہ یا پوست ہرن یا لوح چینی یا جس چیز پر لکھیں اور آگ میں ڈالیں یا نزدیک چولھے کے دفن کریں یہ واسطے فتوحات اور خواب بندی کے ہے اور بادی تعویذ یہ ہیں کہ تعویذ لکھ کر درخت یا کسی جگہ بلندی پر لٹکا دیویں تاکہ ہوا سے ہلیں یا محبت یا زبان بندی کیلئے ہے اور تعویذ آبی وہ ہے کہ تعویذ لکھ کر پانی میں مثل دریا یا حوض یا کنویں وغیرہ کے ڈالیں یہ خلاصی قید و تسخیر وغیرہ کے لیئے جائز ہے اور تعویذ خاکی وہ ہے کہ نیچے چوکھٹ یا چوراہے یا راستے یا گورستان یا پہاڑ وغیرہ کے دفن کریں اس واسطے یہ تعویذ بلاکی دشمن کیلئے ہے اور تعویذ آتشی لکھیں تو ان شرطوں کا خیال رکھیں کہ جس وقت یہ تعویذ لکھیں تو منہ طرف مشرق کے ہو اور ایک زانو پر بیٹھیں اور قریب دیگدان یا تنور کے لکھیں اور اگر تعویذ بادی کا لکھیں تو ان باتوں کا خیال رکھیں کہ جس کے واسطے یہ تعویذ لکھے اس کے نام میں

یہ گیارہ حروف نہ ہوں ابج دو ق ہ ک ن ض ط اور اونچے مکان پر بیٹھ کر لکھے اور کچھ بدن پانی میں ہو اور گذر ہوکا نہ ہو اور منہ طرف مغرب کے ہو اور اگر تعویذ آبی لکھے تو ان چار شرطوں کا لحاظ رکھے کہ مکان خاکی ہو اور منہ بجانب جنوب ہو اور کچھ خوشبو مثل عود کے جلتی ہو اور ایک زانو زمین پر بیٹھے

فصل ۲ تعویذات لکھنے کے بیان میں

جو کوئی شخص تعویذ لکھے ان ساعات میں قلم بناوے واسطے زبان بندی کے اور خواب بندی کے ساعت عطارد میں اور بجہت تیغ بندی کے دوسری ساعت مریخ میں اور واسطے دشمنی اور جدائی کے ساعت زحل میں واسطے محبت کے ساعت قمر میں ترقی اور رزق کے لئے ساعت زہرہ میں اوقات لکھنے تعویذ کے یہ ہیں۔ وقت صبح تعویذات محبت اور ترقی رزق کے لئے وقت چاشت تعویذ بیماری وقت ظہر تعویذ عداوت درمیان ظہر و عصر تعویذات زبان بندی وقت نماز عشا تعویذات خواب بندی یہ اوقات تعویذ لکھنے کے حضر داؤد و سبز پوش ابوالقاسم غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے اور شرائط تعویذ لکھنے کے یہ ہیں کہ جملہ تعویذات کو باطہارت بدن اور وضو کے لکھنے کے وقت اپنے بدن میں خوشبو لگاوے اور تعویذ کے شروع سے پہلے ۷۸٦ عدد بسم اللہ کے ہیں لکھے اور جب نقش لکھے تو اوّل یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل پڑھ کر دم کرے اپنے اوپر رجعت نہ ہوگی۔ اور درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے اور وقت لکھنے کے سایہ عورت ناپاک اور غیر محرم کا نہ پڑے اگر تعویذ محبت کا لکھے تو عروج ماہ ہو اوّل قلم ہاتھ میں لیوے پھر کاغذ داہنی ران پر رکھے کوئی چیز شیریں منہ میں رکھے اور شکر چراغ میں جلاوے اور تعویذ مشک اور زعفران سے تحریر کرے تو بہتر ہے اور خیال مطلوب کا دل میں رکھے کہ گویا سامنے موجود ہے اور منہ خانہ محبوب کی طرف کرے تعویذ محبت کا واسطے حرام کے ہرگز نہ کرے کہ مفاد اسکا ہرگز ظہور میں نہ آویگا۔

قاعدہ۔ اگر چاہے کہ مرد عورت سے محبت کرے تو نام عورت کا پہلے اور مرد کا پیچھے لکھے اور اگر چاہے کہ عورت مرد سے محبت کرے تو نام مرد کا عورت کے نام سے پہلے لکھے اور تعویذ واسطے رفع بیماری اور سحر کے خوش و خرم لکھے، اور اگر واسطے عداوت کے لکھے اول کاغذ بائیں ران پر رکھے پھر قلم ہاتھ میں لے اور کوئی چیز ترش یا تلخ منہ میں رکھے اور تیل میں تھوڑا سرکہ ملا کر لکھے اور ہینگ جلاوے اور اگر آخر مہینہ میں لکھے گا بہت جلد فائدہ حاصل ہوگا مگر تعویذات عداوت کے جدائی عورت منکوحہ کے لئے نہ لکھے ورنہ گنہگار ہوگا اور اگر تعویذ زبان و تیغ بندی و خواب بندی کا لکھے تو تھوڑا موم منہ میں رکھے اور زبان دانتوں میں دباوے اور جب تعویذ تمام ہو زبان کھولکر المنۃ للہ کہے

تعویذ زباں بندی کا شنگرف سے پُر کرے اور اگر تعویذ تیغ بندی اور خواب بندی وغیرہ کا لکھے
تو پیپل گرد منہ میں اور تعویذ سیاہی سے لکھے

فصل ۳ تعویذ بھرنے کے بیان میں

مولانا استاذی عالم ربّانی مرتاض حقانی حضرت مولوی نظیر علی صاحب لکھنوی
مدظلہ العالی نے فرمایا ہے کہ قاعدہ پُر کرنے نقش مثلث کا یہ ہے کہ جس کے نام کا آیت کا نقش
بھرنا چاہے اس میں جتنے حروف لکھے جاتے ہیں انکے عدد نکال لے اور جو حرف پڑھا جائے
اور لکھا نہیں جاتا ہے اس کے عدد نہ لے۔ جب عدد اس طرح نکال لے تو ان میں سے
بارہ گرا دے باقی کو تین حصے کرکے ایک حصہ کو پہلے خانے میں لکھے جیسے حوا اس کے حروف
مکتوبی تین ہیں ح و ا اور ملفوظی چار ہیں ایک ح دو واؤ ایک الف مکتوبی کے عدد پندرہ ہیں بارہ
گرا دیئے تین باقی رہے اس کے تین حصے کئے ایک ایک حصہ ہوا اسی ایک کو پہلے خانے میں
لکھے پھر ایک ایک اس پر زیادہ کرکے لکھنا چاہیئے اس طریقے پر کہ پہلا عدد جہاں لکھا اسی
شطرنج کے گھوڑے کی چال پر جو خانہ ہو وہاں دوسرا لکھے اور تیسرا عدد اسی خانہ میں لکھے جو دوسرے
سے گھوڑے کی چال پر ہو اور چوتھا عدد اس خانے پر لکھے رخ کی چال ہو اور پانچواں اس خانے میں
لکھے جو چوتھے سے فرزین کی چال پر ہو اور چھٹا اس خانے میں لکھے جو پانچویں پر فرزین کی
چال پر ہو اور ساتواں اس خانے میں لکھے جو چھٹے خانے سے رخ کی چال پر ہو اور آٹھواں
اسی خانہ میں لکھے جو ساتویں سے گھوڑے کی چال پر ہو
اور نواں اسی خانہ میں لکھے جو آٹھویں سے پھر گھوڑے
کی چال پر ہو بس مثلث کے سب گھر پورے ہونگے۔ مثلاً
مثلث میں جبتک بعد بارہ گھٹانے کے اعداد تین پر تقسیم نہ ہوں
بھرا نہیں جاتا۔ دو اسپ و رخ دو فرزین باز رخ گیر۔ دو اسپ آخر مثلث را

اسپ ۸	۱	فرزین ۶
اسپ ۳	فرزین ۵	رخ ۷
رخ ۴	اسپ ۹	اسپ ۹

ایک کتاب معتبر میں نقش مثلث آتشی، بادی اور آبی، خاکی اور ان کے کسور بھرنے
کا طریقہ یوں لکھا ہے کہ آتشی کو پہلے خانے سے شروع کرے اور کسر اعداد کو خانہ ۱ اور ۲ کو ۴ میں اور
اور بادی کو تین سے بھرے اور کسر ۱، ۴ میں اور کسر ۲، ۷ میں اور آبی کو خانہ ۷ میں لکھ کسر
۱-۴ اور کسر ۲، ۷ میں اور خاکی کا خانہ ۹ سے مبدا ہے اور کسر ۱، ۴ میں اور کسر ۲، ۷ میں بھرے مثلث پورا ہوگا

آتشی

۸	عزرائیلؑ ۱	۶
۳	۵	۷ کسر ۱
۴ کسر ۲	۹	۲

بادی

۸	۳	۴ کسر ۱
اسرافیلؑ ۱	۵	۹
۶	۷ کسر ۲	۲

آبی

۲ کسر ۱	۳	۸
۹	۵	میکائیلؑ ۱
۲	۷ کسر ۲	۶

خاکی

۲	۹	۳ کسر ۱
۷ کسر ۲	۵	۳
۶	جبرائیلؑ ۱	۸

اور مولانا ممدوح نے فرمایا ہے کہ مربع بھرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسی قاعدہ سے اعداد نکال کے ان میں سے تیس گرا دے اور باقی کو چار پر تقسیم کرے اگر پوری تقسیم ہو جائے تو ایک حصہ کو پہلے خانہ میں لکھے مثلاً کل عدد ۳۴ ہیں، تیس کم کرنے کے بعد چار بچے، چار کو چار پر تقسیم کیا پوری تقسیم ہو گئی، ایک ایک حصہ ہوا۔ ایک حصہ کو کسی خانہ میں لکھا بعد اسکے دوسرا عدد اسی خانہ میں لکھا جو پہلے سے گھوڑے کی چال پر ہو اور تیسرا اس خانہ میں لکھا جو دوسرے سے فرزین کی چال پر ہو اور چوتھا اس خانہ میں جو تیسرے سے اسپ کی چال پر ہو اور پانچواں اس خانہ میں جو چوتھے سے رُخ کی چال پر ہو اور چھٹا اس خانہ میں جو پانچویں سے اسپ کی چال پر ہو اور ساتواں اس خانہ میں جو چھٹے سے فرزین کی چال پر ہو۔ اور آٹھواں اس خانہ میں جو ساتویں سے اسپ کی چال پر ہو اور نواں عدد اس خانہ میں جو آٹھویں سے فیل کی چال پر ہو۔ مگر ایسے طریقہ پر کہ اور عددوں کی فیل کی چال بند نہ ہو اور دسواں عدد اس خانہ میں جو ساتویں سے فیل کی چال پر ہو اور گیارھواں اُس خانہ میں جو چھٹے سے فیل کی چال پر ہو اور بارھواں اس خانہ میں جو پانچویں سے فیل کی چال پر ہو اور تیرھواں اس خانہ میں جو چوتھے سے فیل کی چال پر ہو اور چودھواں اس خانہ میں جو تیسرے سے فیل کی چال پر ہو اور پندرھواں اس خانہ میں جو دوسرے سے فیل کی چال پر ہو۔ اور سولھواں اس خانہ میں جو پہلے سے فیل کی چال پر ہو۔ پس سب خانہ نقش کے بھر جاویں گے اور اگر بعد تقسیم کے ایک عدد بچے مثلاً کل عدد ۳۵ ہوں تو تیس کم کرنے کے بعد پانچ بچے پانچ کو چار پر تقسیم کیا تو ایک، ایک حصہ ہوا۔ اور ایک بچا جب بھی ایک حصہ کسی خانہ میں لکھے اور لکھتا چلا آوے۔ جب تیرھویں خانہ تک پہنچے تو اس میں ایک عدد بڑھا دیوے اور اگر دو عدد بعد تقسیم کے بچے ہوں تو نویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کر کے لکھے اور اگر تین بچے ہوں تو پانچویں خانہ میں ایک زیادہ کر کے لکھے نقش پورا بھر جائیگا۔ مثال یہ ہے۔

پہلی مثال اسکی جو بعد ۳۱ تقسیم کے کچھ نہ بچے

۱	۱۴ پیل ۳ کا	۱۱ پیل ۶ کا	۸ اسپ
۱۲ پیل ۵ کا	۷ فرزیں	۲ اسپ	۱۳ پیل ۴ کا
۶ اسپ	۹ پیل ۸ کا	۱۶ پیل ۱ کا	۳ فرزیں
۱۵ پیل ۲ کا	۴ اسپ	۵ رخ	۱۰ پیل ۷ کا

دوسری مثال اسکی جو بعد ۲۵ تقسیم کر ایک بچے

۱	۱۵	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۴ یہ خانہ ۱۳ ہے
۶	۹	۱۷	۳
۱۶	۴	۵	۱۱

تیسری مثال اسکی جو بعد ۳۶ تقسیم کر دو بچیں

۱	۱۵	۱۲	۸
۱۳	۷	۲	۱۴
۶	۱۰ یہ خانہ ۹ ہے	۱۷	۳
۱۶	۴	۵	۱۱

چوتھی مثال اسکی جو بعد ۳۶ تقسیم کے تین بچیں

۱	۱۵	۱۲	۹
۱۳	۸	۲	۱۴
۷	۱۰	۱۷	۳
۱۶	۴	۶ یہ خانہ ۵ ہے	۱۱

شعر مربع

اسپ فرزین اسپ رُخ باز اسپ فرزیں اسپ گیر
پیل داری در مربع ہر طرف در وے پذیر

اور مثلث و مربع بھرنے کے اور بھی طریق ہیں لیکن فقیر نے اسی پر اکتفا کیا کہ طول نہ ہو جائے

باب ۵ عملیات اور تعویذات ہر قسم کے ۱۸ فصلیں ہیں

فصل اوّل عملیات اور تعویذات قضائے حاجات کے بیان میں ہے جب کسی کو حاجت درپیش ہو تو یا حیّ یا قیّوم بحق لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۰ عشا کے بعد ستر بار پڑھے اور بعد ہر ظالمین کے اپنا مطلب کہے انشاء اللہ تعالیٰ درمیان ۴۰ روز کے مطلب حاصل ہوگا مجرّب ہے۔

حضرت شاہ اہل اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے چار باب میں لکھا ہے کہ جو عمل حصول مطلب جلالی ہو یا جمالی بیچ حکم کبریت احمر کے ہے اس کو اسم اعظم شمار کیا ہے وہ لَا اِلٰہَ سے مِنَ الظّٰلِمِیْنَ تک ہے اور حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ دعا ذوالنون مصری کی ہے کہ مچھلی کے پیٹ میں حضرت یونس علیہ السّلام نے فرمائی جو مسلمان جس مطلب کے واسطے اس آیت سے دعا کریگا قبول ہو گی اور یہ حق ہے کہ یہ دعا نہایت ہی مجرب ہے اور کمال سریع الاثر ہے جس امر میں چاہے اس آیت سے دعا کرے۔

حضرت امام جعفر صادق نے فرمایا کہ جو کوئی اس آیت کے وسیلہ سے جو سوال کرے وہ اللہ جل شانہٗ سے پاوے اور جو دعا کرے قبول ہو مجھ کو تعجب آتا اس شخص سے کہ بواسطہ اس دعا کے جو دعا مانگے اور قبول نہ ہو اور مشایخ رحمۃ اللہ علیہ کا اس کی سرعت تاثیر اور عدم تخلف پر اجماع ہے اور طریقہ اس کے ختم کے بہت ہیں اور آسان تر دو طریقہ ہیں ایک یہ ہے کہ بارہ دن تک یہ آیت بہ نیت حصول مقصد و مطلب بارہ ہزار بار پڑھے اور اول اور آخر چند مرتبہ درود شریف پڑھے اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ایک لاکھ پچیس ہزار بار پڑھے اور اس طریقہ کو چالیس دن تک کرے

خلاصہ یہ ہے کہ اس کی قوت و تاثیر میں کچھ شک نہیں اس واسطے کہ کوئی عمل ایسا نہیں ہے کہ جس کی صحت قرآن مجید اور حدیث شریف اور اقوال مشایخ سے برابر ثابت ہو

ایضاً۔ حضرت مشایخ سے منقول ہے کہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بارہ سو مرتبہ بارہ دن تک بستر طاہر پر بیٹھ کر رجوع قلب سے پڑھے اور پھر اسی جگہ سو رہے اور قبل پڑھنے کے ہر روز نہائے اور گوشت وغیرہ سے پرہیز کرے، حصول مدعا اور بر آمد حاجات کے لئے مجرب ہے۔ ایضاً۔ جو کوئی شخص حصول مطلب کے لئے بکثرت درود شریف پڑھے ہر بلا دور ہو درود شریف کا عمل نہایت مجرّب ہے بزرگوں کا آزمودہ ہے۔ ایضاً۔ ترکیب ختم صلوٰۃ تنجینا۔ عروج ماہ میں شب جمعہ کو شروع کرے اور جب پڑھنا منظور ہو اس روز روزہ رکھے اور شام کو شیر برنج سے روزہ افطار کرے اور غسل کرکے کپڑا پاک مثل چادر وغیرہ کے

اوڑھے اور زیر آسمان کھڑے ہو کر ایک ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ تین شب میں مطلب حاصل ہو گا یہ واسطے برآمد مطلب کے بہت مجرب ہے۔ درود شریف یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَحْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ۔ ایضاً۔ واسطے برآمد جمیع حاجات کے سوا لاکھ مرتبہ ایک مجلس میں ایک آدمی یا کئی ہوں لیکن آدمی بعدد طاق ہوں آیۂ کریمہ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ آخر تک پڑھیں جو مشکل پیش آئیگی بہت جلد آسان ہو گی مجرب ہے۔ ایضاً۔ ترکیب ختم خواجگان حضرت خواجہ بہاؤ الدین نقشبند اور خواجہ بایزید بسطامی اور خواجہ ابو الحسن خرقانی اور خواجہ عبد الخالق عجدوانی اور خواجہ احمد سوانی اور خواجہ ابو المنصور ماتریدی اور خواجہ یوسف ہمدانی اور خواجہ بابا سمنانی اور خواجہ محمد نقشبند اور خواجہ عبید اللہ احرار نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس ختم شریف کو تین روز تک پڑھے گا خدا تعالیٰ ہزار حاجات اس کی اپنے فضل و کرم سے پوری فرمائے گا۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ اوّل قدرے شیرینی لے کر الحمد ایک بار اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ تین بار پڑھ کر ثواب اس کا خواجگان ممدوح کو بخشے۔ پھر الحمد سات بار اور درود شریف سو مرتبہ اور الم نشرح ستر بار یا اناسی بار۔ پھر قل ہو اللہ احد ایک ہزار بار پھر الحمد سات بار اور درود شریف سو بار۔ ہر سورہ کو سوائے درود کے مع تسمیہ پڑھے اور لوبان وغیرہ جلاوے۔ بعدہٗ ان اسماء یعنی ہر ایک اسم کو ایک سو ایک بار پڑھے۔ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ اس ختم شریف کو جس وقت چاہے پڑھے مگر بہتر یہ ہے کہ دوشنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ کے دن شروع کرے اور اکثر مشائخ رحمہم اللہ نے بعد نماز عصر کے فقیر مؤلف کو پڑھنے کی اجازت دی ہے۔ یہ ختم نہایت مجرب ہے اور برآمد مطلب کے واسطے بارہا آزمایا ہے اور فقیر مؤلف نے جب اسکا ورد کیا خدائے تعالیٰ نے مشکل آسان کی۔ ایضاً۔ جو شخص مطلب کے واسطے اس سورہ یٰسین کا ختم پڑھے گا خداوند کریم اس کی حاجت برلاوے گا اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ جلسہ میں ایک یا تین یا پانچ یا سات آدمی باہم بلکر سورہ یٰسین بہتر بار خلوص نیت سے مسجد میں بیٹھ کر پڑھیں اور قبل شروع سورہ موصوف سو مرتبہ درود شریف پڑھا جاوے
یہ عمل اکثر مشائخین رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے اور نہایت مجرب ہے اور اہل حاجت کا آزمودہ ہے۔ ایضاً۔ جب کوئی مشکل سخت و دشوار پیش آوے تو رباعی حضرت شیخ ابو الخیر ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ کو اس طرح پڑھے کہ اوّل وضو کرے اور پھر رو بقبلہ ہو کر بیٹھے اور شیرینی لے کر فاتحہ حضرت ممدوح کی کرے پھر درود شریف کو بعدد طاق پڑھ کر رباعی

کو ستر بار پڑھے اور اپنے مطلب پر دھیان رکھے ہر ہر مرتبہ بعد رباعی کے ایکبار بحق شیخ ابو الخیر ابو سعید کہے جب موافق تعداد مذکور کے رباعی پڑھ چکے تو پھر درود شریف پڑھے یہ رباعی اثر یا قاضی الحاجات کا رکھتی ہے اور وہ یہ ہے

یارب بہ محمدؐ و علیؓ و زہراؓ ؛ یارب بہ حسنؓ و حسینؓ و آں آل عبا
کز لطف برآر حاجتم در دو سرا ؛ بے منت خلق یا علی الاعلی

الیضاً - یہ نقش تمام اعداد قرآن مجید کا ہے - ایک بزرگ نے مؤلف سے فرمایا ہے کہ یہ نقش واسطے برآمد جمیع مطالب کے مفید ہے اس کی زکوٰۃ کے طریقے بہت ہیں لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ اس نقش متبرک کو ہر روز پانچ چلہ تک تین سو اکیاون بار حسب اعداد لفظ قرآن شریف کے لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بعد ختم چلہ کے یہ نقش عمل میں آئے گا - زہے نصیب اس کے جس کے عمل میں یہ نقش آوے پھر کسی امر کی اس کو ضرورت نہ رہے کہ ہر ایک نقش ایک اسم کا ہوتا ہے بس کیا عمدہ ہوتا ہے اور کیا کیا مطلب براری ہوتی ہے بخلاف اس کے کہ یہ اکثر اسما کا نقش ہے بس کیونکر کوئی اس سے محروم رہیگا جب کوئی مہم یا کسی طرح کی حاجت پیش آوے اس نقش کو دو ہزار پچاس بار موافق اللہ کافی المہمات و قاضی الحاجات کے لکھ کر آٹے میں گولی بناوے اور دریا میں ڈالے مجرب ہے - نقش معظم یہ ہے -

۹۰۴۲۲۱۱	۹۰۴۲۲۲۵	۹۰۴۲۲۳۲	۹۰۴۲۲۱۸
۹۰۴۲۲۲۳	۹۰۴۲۲۲۷	۹۰۴۲۲۱۲	۹۰۴۲۲۲۴
۹۰۴۲۲۱۶	۹۰۴۲۲۲۰	۹۰۴۲۲۲۷	۹۰۴۲۲۱۳
۹۰۴۲۲۲۶	۹۰۴۲۲۳۱	۹۰۴۲۲۱۵	۹۰۴۲۲۲۱

د و ہ ی ع ص ، ح م ع س ق

الیضاً - ترکیب نقش سورۂ اخلاص کی یہ ہے کہ جمعرات کے دن عروج ماہ میں بتاریخ طاق روزہ رکھے اور پھر رات کو بعد غسل کرے اور شیرینی پر فاتحہ موکلوں کی دے اور واسطے خوشبو کے لوبان جلاوے اور اول و آخر درود شریف چودہ چودہ بار پڑھکر سورۂ اخلاص چارسو بار پڑھے اور اس نقش کو لکھے انشاء اللہ تعالیٰ جس مطلب کیواسطے لکھیگا حاجت برآویگی نقش یہ ہے ...

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بحق یا میکائیل — بحق یا جبرائیل
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم — بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	له	کفوا	احد

بحق یا عزرائیل — [illegible] ۱۲۵ [illegible] — بحق یا اسرافیل

الیضاً - جب کسی کو کوئی حاجت پیش ہو تو آیۂ قطب کو پڑھے خواص اسکے بہت ہیں لیکن چند خاصیتیں لکھتا ہوں اول یہ ہے کہ جو مہم پیش آوے چالیس بار ہر روز بلاناغہ چالیس روز تک پڑھے دوسرے یہ ہے کہ واسطے ہلاکی ظالم کے اکیس بار اکیس روز تک پڑھے - اور تیسرے یہ ہے کہ بجہت

دفع غم انتیس روز تک انتیس بار پڑھے چوتھے واسطے غنا کے ہر روز دس بار پڑھے اور پانچویں بجہت دفع تپ ولرزہ کے چینی کی پیالی پر لکھ کر بیمار کو پلاوے اور چھٹے بجہت سلامتی عیال و اطفال ومال وغیرہ کے ہر روز پانچ مرتبہ پڑھے اور دفع بیماری اور نظر بد اور سحر کے اس نقش آیت کریمہ کو لکھے اور گلے میں ڈالے اس نقش معظم کے ہزارہا فوائد ہیں بارہا کا آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے:۔

ایضاً۔ نقش سورہ فاتحہ کا واسطے حاجتوں کے ۴۱ روز تک ۳۳۲ بار یہ نقش ہر روز لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے مدعا حاصل ہوگا اور واسطے شفا امراض کے کاغذ یا چینی کی پیالی پر لکھ کر مریض کو دھو کر پلاوے بہت جلد شفا پاوے نقش یہ ہے.........

۷۸۶

۵۵۴۲	۵۵۳۵	۵۵۳۸	۵۵۴۵
۵۵۴۷	۵۵۳۶	۵۵۴۱	۵۵۴۶
۵۵۳۷	۵۵۵۰	۵۵۳۳	۵۵۴۰
۵۵۴۲	۵۵۳۹	۵۵۳۱	۵۵۴۹

۷۸۶

۸	۴۶۷۴	۴۶۷۸	۱
۴۶۷۷	۲	۷	۴۶۷۵
۳	۴۶۸۰	۴۶۷۲	۶
۴۶۷۳	۵	۴	۴۶۷۹

فصل دوم عملیات اور تعویذات وسعتِ رزق کے بیان میں

جو کوئی شخص وسعت رزق اور طلب جاہ اور عزت کے لئے اس آیت کو ایک ہزار بار توجہ سے پڑھے رزق اسکا غیب سے وسیع ہو اور وہ آیہ کریمہ یہ ہے اَللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَن يَشَاۗءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ ۔ ایضاً۔ اگر کوئی شخص وقت چاشت کے چار رکعتیں بہ نیت چاشت پڑھے۔ پہلی رکعت میں بعد الحمد کے سورہ والشمس پڑھے اور دوسری رکعت میں سورہ واللیل تیسری رکعت میں سورہ والضحیٰ چوتھی رکعت میں سورہ الم نشرح پھر سلام پھیرے اور گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر پندرہ بار اذا جاء نصر اللہ اور بعد اس کے پانچسو بار یا باسط پڑھے اور پھر سجدہ کرے اور ہاتھ مثل دعا مانگنے کے پھیلا دے اور یہ دعا پندرہ بار کہے یَا بَاسِطَ اللّٰهُ الَّذِي يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَن يَشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ط اور سر سجدے سے اٹھا کر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو چالیس روز تک برابر کرے اور اس کو بروز پنجشنبہ عروج ماہ میں شروع کرے مجرب ہے۔ ایضاً۔ خواجہ بہاء الدین قدس سرہٗ سے منقول ہے کہ جو کوئی سورۂ الم ترکیف کو بعد نماز ظہر ۲۱ مرتبہ پڑھے گا رزق غیب سے پاوے گا۔ ایضاً۔ واسطے فتوحات کے چاہیئے کہ ماہ صفر آخر چہار شنبہ کے دن شروع کرے اور بعدہٗ ہر مہینے چہار شنبہ کے دن دریا یا حوض میں غسل کر کے کھڑے ہو کر تراسی بار یا باسط پڑھے یہ سہل طریقہ ہے اور بزرگان طریقت سے اور طریقے منقول ہیں اس رسالہ میں بسبب طوالت کے نہیں لکھے ہیں۔ ایضاً۔ واسطے ترقی رزق کے اور جمعیت ظاہری و باطنی کے عروج ماہ میں جمعرات کے دن روزہ رکھے اور بعد نماز فجر کے غسل کرے اور دو رکعت بہ نیت صلوٰۃ الحاجات پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیت الکرسی ایکبار اور سورہ اذا جاء پچیس بار پڑھ کر سلام پھیرے اور بعد سلام کے درود شریف تین سو مرتبہ

اور سو مرتبہ کلمہ تمجید پڑھے اور پھر ایک بیٹھک سے چوالیس ہزار بار اسم یا وَھَّابُ پڑھے روزہ شیر برنج سے افطار کرے ۴۴ جمعرات تک یہ عمل کرے اور بعد ختم عمل کے ہر روز بعد نماز عشاء کے ایکہزار چار سو بار پڑھا کرے اور ہر روز بوقت پڑھنے کے ایک تہبند باندھے اور اس تہبند کو دوسرے کام میں نہ لاوے۔ ایضاً۔ اسم یا مُغنی ایکہزار ایک سو بار بعد نماز کے اور ۴۱ بار سورہ مزمل پڑھے اور اگر ممکن ہو تو سورہ مذکور کو ۱۱ بار پڑھے غنی ہو جائے اور پھر کبھی محتاج نہ ہو نہایت مجرب ہے۔ ایضاً۔ جو کوئی سورہ واقعہ کو ہر شب صرف ایکبار پڑھے ہرگز رنج و فاقہ نہ اٹھائے اور چندہی روز میں بفضل خدا غنی ہو جائے۔ ایضاً۔ واسطے کشائش رزق اور دفع محتاجگی کے اس نقش کو نگینہ پر کھدوا کر اپنے پاس رکھے مجرب ہے ال ال ہ انت البصرۃ ۱۱۱ ااا ف

ایضاً۔ ترکیب ختم بسم اللہ کی یہ ہے کہ اول شرف آفتاب میں ہر دو نقش بسم اللہ باطہارت لکھے اور ہر روز سات سو چھیاسی بار کہ عدد بسم اللہ کے ہیں سات دن تک پڑھے جو مشکل ہو گی آسان ہو گی اور ہر روز بعد اتمام ورد کے ایکسو تیئیس بار پڑھا کرے مستجاب الدعوات اور متوسع رزق ہو گا اور کوئی شخص اس پر غالب نہ ہو گا اور کشائش رزق ہر روز زیادہ ہو گی اور اس مربع کو باطہارت ہر روز اپنے پاس رکھے اگر کی خوشبو سے معطر رکھے اس نقش سے بہت فائدے ہیں مگر اس مختصر رسالہ میں بسبب طول کے نہیں لکھے کسی شاعر نے خوب کہا ہے

خوش بگوائے یار بسم اللہ را ہر چہ میخواہی ز بسم اللہ جوے

چاہیئے کہ دو مربع لکھے ایک مظہر اور دوسرا مضمر۔ مربع مظہر پشت مربع مضمر پر لکھے

مربع مظہر یہ ہے ۷۸۶

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲.۵۸	۱۹۷	۱۹۸
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

مربع مضمر یہ ہے ۷۸۶

الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن

ایضاً۔ جان تو کہ تمام قرآن مجید میں ایک سو تیرہ بسم اللہ ہیں اور جملہ حروف انکے دو ہزار ایک سو سینتالیس ہیں اور کل اعداد ان کے اٹھاسی ہزار آٹھ سو اٹھارہ ہیں نقش اسکا لکھکر اپنے پاس رکھے ترقی رزق ہووے اور بیمار باندھے شفا پاوے اگر صدق دل سے ہر روز صبح کو دیکھے گا عزیز خلائق ہو گا اور اسناد اس کے بہت ہیں اس مختصر میں سبکی گنجائش نہیں نقش یہ ہے..........

۷۸۶

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

ایضاً۔ وسعت رزق کے لئے اس نقش کو لکھکر دیوار پر لگاوے وہ یہ ہے:

۷۸۶

۲۲۰۴	۲۲۰۷	۲۲۱۰	۲۲۱۹۷
۲۲۰۹	۲۲۱۹۸	۲۲۰۲	۲۲۰۸
۲۲۱۹۹	۲۲۱۲	۲۲۰۵	۲۲۰۳
۲۲۰۶	۲۲۰۱	۲۲۰۰	۲۲۱۱

ایضاً جسکی دوکان پر سودا کم بکتا ہو اس نقش کو لکھکر دوکان کے دروازے پر لگاوے خریدار غیب سے آوے نقش معظم یہ ہے......

۱	۶	سص	۲	ع	۳	۷
سص	۶	سص	ع	۲	۳	ع
ع	ع	۲	۶	۲	۶	۲
سص	۲	سص	ع	۶	ع	۲
۷	۲	۳	سص	۷	۳	۱
۳	سص	۲	۲	۳	۳	۷
سص	۲	ح	سص	۲	ع	سص

ایضاً جو کوئی اس تعویذ کو لکھکر اپنے پاس رکھے رزاق مطلق اسکو غیب سے روزی عنایت کرے اور ترقی روز بروز ہو نقش یہ ہے......

۶۹	۸۳	۸۰	۷۶
۸۱	۷۵	۷۰	۸۲
۷۴	۷۸	۸۵	۷۱
۸۴	۷۲	۷۳	۷۹

ایضاً۔ طریقہ زکوٰۃ اسمائے حسنےٰ کے بہت ہیں لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ تمام اسمائے حسنےٰ شریف کو ہر روز ننانوے بار پڑھے ننانوے روز تک بخلوص نیت پڑھے اور اسم شریف میں لفظ یا کو ملاوے اور گوشت وغیرہ سے پرہیز کرے زکوٰۃ تمام ہوئی اور یہ طریقہ واسطے کشائش رزق کے لئے مفید ہے جو کوئی اس نقش کو مع نام باری تعالیٰ کے لکھکر اپنے پاس رکھیگا رزق اس کا غیب سے ملے گا اور عزیز خلائق ہوگا وہ نقش یہ ہے......

۶۹	۸۳	۸۰	۷۶
۸۱	۷۵	۷۰	۸۲
۷۴	۷۸	۷۵	۷۱
۸۴	۷۲	۷۳	۷۹

ایک جدول اعمال اسماء حسنےٰ مروجہ معتبرہ بحساب حروف ابجد درج رسالہ ہذا ہے

حروف ابجد	اسمائے حسنیٰ	اعداد	معنی	خاصیت	تعداد ورد	تاثیر	طبائع	بخور	بروج	منازل	سیارہ	جن	موکل
ا		۶۶	خدا	جلالی	۱۰۰	مودت	گرم	عود سیاہ	حمل	شرطین	زحل	قیبوپوش	اسرافیل ع
ب		۱۱۳	ہمیشہ رہنے والا	جمالی	۱۰۰۰	محبت	رطب	شکر	جوزا	بطین	مشتری	دنوش	جبرائیل ع
ج	جامع	۱۱۴	جمع کرنیوالا	مشترک	۷۰	محبت	یابس	دارچینی	سرطان	ثریا	مریخ	لونوش	کلکائیل ع
د	دیان	۶۵	حساب کرنیوالا	جلالی	۷۲	عداوت	بارد	صندل سرخ	ثور	دبران	شمس	طیوش	دردائیل ع
ہ	ہادی	۲۰	راہ دکھانیوالا	جمالی	۱۰۰	عداوت	گرم	صندل سفید	حمل	ہنقعہ	زہرہ	ہموش	دریائیل
و	ولی	۴۶	دوست ومددگار	جمالی	۲۰۰	محبت	رطب	کافور	جوزا	ہنقعہ	عطارد	پولوش	قمائیل
ز	زکی	۳۷	پاک کرنیوالا	مشترک	۷۱	محبت	خشک	شہد	سرطان	وزاع	قمر	کاپوش	شرقائیل
ح	حق	۱۰۸	سزاوار خداوندی	مشترک	۳۰۰	بغض	تر	زعفران	جدی	نثرہ	زحل	عیبوش	تنکفیل ع
ط	طاہر	۲۱۵	پاک کرنیوالا	جلالی	۷۲	عقد شہوت	گرم	مشک	حمل	طرفہ	مشتری	مدلیوش	اسمائیل ع
ی	یٰسین	۱۳۰	بزرگ	جمالی	۱۰۰	فتح اجل	تر	گل سرخ	میزان	جبہہ	مریخ	شہیوش	سراکائیل
ک	کافی	۱۱۱	کفایت کرنیوالا	جمالی	۲۰۰	محبت	خشک	گل سفید	عقرب	زہرہ	شمس	قدیوش	خروزائیل
ل	لطیف	۱۲۹	باریک بیں	جمالی	۷۲	جدائی	سرد	پوست	ثور	صرفہ	زہرہ	عدلیوش	طاطائیل
م	ملک	۹۰	بادشاہ حقیقی	جلالی	۹۰	محبت	گرم	آبی	اسد	عوا	عطارد	محیوش	رویائیل
ن	نور	۲۵۶	روشن کرنیوالا	جمالی	۷۲	بغض	تر	سنبل	میزان	ساک	قمر	دطیوش	حولائیل
س	سمیع	۱۸۰	سننے والا	مشترک	۵۰۰	عقد شہوت	خشک	خوشبو مرکب	قوس	عفر	زحل	نعیوش	ہمواکیل

حروف ابجد	اسماء الحسنیٰ	اعداد	معنی	خاصیت	تعداد ورد	نشانہا	طبائع	بخور	بروج	منازل	کواکب	جن	موکل
ع	علی	۱۱۰	بلند مرتبہ	جلالی	۲۰۰	تونگری	سرد	فلفل سفید	سنبلہ	زبانا	مشتری	تنتیوش	لومائیل ؑ
ف	فتاح	۴۸۹	کھولنے والا	جمالی	۷۲	عداوت	گرم	جوزا	اسد	اکلیل	مریخ	بعطیوش	سرحمائیل ؑ
ص	صمد	۱۳۴	بے پروا	جلالی	۲۰۰	الفت	تر	بسباسہ	میزان	قلب	شمس	قلایوش	اہجمائیل ؑ
ق	قادر	۳۰۵	قدرت والا	مشترک	۳۰۰	عقد شہوت	خشک	ترنج	حوت	مشعلہ	زہرہ	شمیوش	عطرائیل ؑ
ر	رب	۲۰۲	پروردگار	جلالی	۷۲	مودت	سرد	گلاب	سنبلہ	نعایم	عطارد	رہوش	امواکیل ؑ
ش	شفیع	۴۶۰	شفاعت قبول کرنیوالا	جلالی	۳۰۰	عداوت	گرم	عود سفید	عقرب	بلدہ	قمر	نسیوس	ہمرائیل ؑ
ت	تواب	۴۰۹	توبہ قبول کرنیوالا	جمالی	۳۰۰	عقد نوم	تر	عنبر	دلو	سعد ذابح	زحل	علیوش	عزرائیل
ث	ثابت	۹۰۳	قائم رہنے والا	جلالی	۴۰۰	بغض	خشک	عود سفید	حوت	سعد بلع	مشتری	ملیحوش	میکائیل ؑ
خ	خالق	۷۳۱	پیدا کرنیوالا	مشترک	۷۰	محبت	سرد	بنفشہ	جدی	سعد السعود	مریخ	والایوش	مہکائیل ؑ
ذ	ذاکر	۹۲۱	یاد کرنے والا	مشترک	۷۹	بغض	گرم	ریحان	قوس	ماقیتہ	شمس	ملکایوش	ہرطائیل
ض	ضار	۱۰۰۱	ضرر پہنچانیوالا	جلالی	۷۲	بغض	گرم	گل ارغوان	دلو	مقدم	زہرہ	غایوش	عطکائیل
ظ	ظاہر	۱۱۰۶	آشکارا	جلالی	۲۵	عداوت	خشک	گل نسرین	حوت	مؤخر	عطارد	غصیوش	لوزائیل
غ	غفور	۱۲۸۶	بہت بخشنے والا	جمالی	۳۰	صحت امراض	خشک	قرنفل	حوت	رشا	قمر	عرفیوش	لوخائیل

فصل سوم حب کے عملیات اور تعویذات میں:۔ حضرت مولانا محمد اصغر قدس سرہٗ نے اپنے مجربات میں لکھا ہے کہ جو کوئی شخص کسی کو عاشق اور دیوانہ بنانا چاہے بروز جمعہ عروج ماہ میں اس عمل کو شروع کرے ہر روز ۴۰ بار ۴۰ روز تک پڑھے از ابتدا تا انتہا مطلوب کو دھیان میں رکھے گویا کہ سامنے موجود ہے یہ واسطے حب کے سریع التاثیر ہے بشرطیکہ نیت حرام نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلدی مطلب حاصل ہوگا اور گوشت وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے وہ عمل یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الٰہی بحرمت جبرائیل ؑ و میکائیل و اسرافیل ؑ و توریت موسیٰ و انجیل عیسیٰ ؑ و فرقان محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایضاً۔ جو کوئی چالیس روز تک بعد پنجگانہ نماز کے سورۂ یٰسین کو ایک بار ایک دانہ فلفل سفید پر پڑھ کر جلا دیگا اگر اسکا مطلوب سو کوس پر ہوگا بہت جلد حاضر ہو جائیگا۔ ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ فلاں شخص عاشق فلاں شخص کا ہو سات کیلیں آہنی کہ ہر ایک بمقدار انگشت کے ہو لیکر ہر ایک کیل پر ایک بار سورۂ یٰسین بہ نیت محبت پڑھ کر دم کرے اور کہے کہ سوختم دل و جاں فلاں بن فلاں بہ محبت فلاں بن فلاں۔ اور بجائے فلاں نام مطلوب کا اور بجائے بن فلاں اسکی ماں کا نام لیوے اور ان کیلوں چولھے میں گاڑے اور آگ جلاوے جب کیلیں گرم ہونگی مطلوب دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔

ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرے اس آیۃ کو آیۃ محبت کہتے ہیں چودہ مرتبہ شب کو پڑھے اور شیرینی اور میوہ یا جو چیز کہ مطلوب کو پسند ہو اسپر دم کرکے جسکو کھلائے گا وہ بیشک عاشق ہو جائے گا

دوسری ترکیب یہ ہے کہ اس آیت کو ہر روز چالیس مرتبہ شیرینی یا اور کسی چیز پر دم کرے جس کو کھلائیگا انواع و انواع و طرح طرح کے فائدے اٹھاوے گا۔ وہ آیت یہ ہے یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ۔ ایضاً۔ اس طلسم کو بیچ وقت سعد کے لکھے اور اس کو جانب مشرق مطلوب کے گھر میں لٹکاوے تاکہ ہوا اس کو ہلاوے وہ یہ ہے۔

ع ۹۹۹ ھ ھ ۹۹۹ لا ۷۷۷۱۱۱۱۹۲۹۷۱۱۱۸۲۵

ایضاً واسطے محبت کے اس عزیمت کو مرغ کے انڈے پر لکھ کر آگ میں دفن کرے مطلوب مثل کتے کے پیچھے پیچھے طالب کے پھرے گا۔ عزیمت یہ ہے ۴۳۱۲۱۱۱ اللہ اسم ۴۲ اسم فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا العجل العجل العجل العجل۔

ایضاً۔ واسطے محبت کے اس آیۃ کو پان پر لکھ کر یا دم کرکے جس کو کھلاویگا وہ اس کی محبت میں دیوانہ ہو ویگا فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ایضاً۔ خاک زیر پائے مطلوب اور اپنے بائیں پیر کی خاک لے کر اس آیت کو سات بار پڑھے اور خاک کو کپڑے میں باندھ کر طالب اپنے پیر سے دباوے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب بہت جلد دیوانہ ہو گا اور پا برہنہ ہو کر حاضر ہو گا وہ آیت یہ ہے۔ هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ۔ ایضاً۔ اس نقش کو مٹی کے پیالے میں لکھے اور اس کو پانی میں ڈالے اور یہ عمل سات دن تک برابر کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دوست ہو جاوے گا۔ نقش معظم یہ ہے ......

۷۸۶

جبرائیل ع — میکائیل ع

اذا زلزلت الارض زلزالہا و اخرجت الارض اثقالہا و قال الانسان مالہا یومئذ تحدث اخبارھا۔ الوحا الوحا الوحا العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

عزرائیل ع — اسرافیل ع

۷۸۶

ایضاً۔ جو کوئی اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا جس شخص کے پاس جاوے گا وہ اس کی عزت کرے گا اور ہر ایک کے دل میں اس کی محبت ہو گی نقش معظم یہ ہے ....

۲۳	۲۶	۲۹	۱۶
۲۸	۱۷	۲۲	۲۷
۱۸	۳۱	۲۴	۲۱
۲۵	۲۰	۱۹	۳۰

ایضاً۔ واسطے حب کے یہ نقش سورہ اخلاص کا چار طرح پر کیا جاتا ہے اوّل یہ ہے کہ لکھ کر انار کے درخت پر لٹکا دے جب ہوا سے ہلے گا مطلوب فرط محبت سے بیقرار ہو گا۔ دوسرے یہ ہے کہ صحرا میں دفن کرے تیسرے یہ کہ اس نقش کو گیہوں کے آٹے کی گولی بنا کر علی الصبح ۲۱ روز دریا میں ڈالے چوتھے یہ کہ اس تعویذ کو لکھ کر فتیلہ تیار کرے اور منہ فتیلہ کا خانۂ مطلوب کی جانب کرے ۲۱ روز تک بلا ناغہ روشن کیا کرے مطلوب بیقرار ہو گا وہ نقش معظم یہ ہے ...

۷۸۶

احد	اللہ	ھو	قل
یلد	لم	الصمد	اللہ
ولم	لد	یو	ولم
احد	کفوا	لہ	یکن

۱۴	۱۱	۴	۱۷
۵	۱۶	۱۵	۱۰
۱۹	۶	۹	۱۲
۸	۱۳	۱۸	۷

ایضاً۔ واسطے حب کے اس نقش کو لکھ کر مطلوب کے گھر میں دفن کرے محبت پیدا ہو گی بیحد مجرب ہے نقش معظم یہ ہے ....

ایضاً۔ واسطے حب کے اس نقش کو فلیتہ بنا کر روغن کنجد میں جلاوے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے دنوں میں مطلوب سراسیمہ اور بیقرار ہو کر حاضر ہو گا بیحد مجرب ہے اور وہ نقش معظم یہ ہے ....

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۱۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

ایضاً۔ اس نقش کو کورے سکورے یا نعل اسپ پر لکھکر آگ میں ڈالے اور فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں بن فلاں عاشق شد لکھدے اور بجائے فلاں بن فلاں کے نام طالب اور مطلوب اور ان کی ماں کا نام لکھے ۵۵ لہ ۱۱۱ ط ۱۱۱۶۱۹۱ العلصا طا ۱۹۱-۱۱ ۱۱ ح ۱ ۸ عہ عص ۳ ۵ ح ط ۱۱۱ عص ولاص ۱۱۱ ھم

ایضاً۔ جب کسی شخص میں باہم کھٹ پٹ ہو جائے جلد اس نقش کو ساعت نیک میں مشکی گھوڑے کے نعل پر کندہ کرا کے آگ میں ڈالے مطلوب بیقرار ہو کر جلد حاضر ہو گا نہایت مجرب ہے نقش یہ ہے ....

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

فصل ۳ عملیات اور تعویذات بغض کے بیان میں

اخی مکرم حضرت مولانا مولوی محمد اصغر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ سات کنکریاں نمک سانبھر کی لے کر ایک کنکری پر اس آیت شریف کو معہ بسم اللہ پڑھے اور دم کرے اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ۔ ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ دو شخصوں کے درمیان عداوت ہو تو یہ آیہ کریمہ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ ط بعد ہر نماز کے ستر بار پڑھے اور بعد ہر دہائی کے نام اس شخص کا لے۔ ایضاً۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے عداوت ہو جاوے تو کپڑا پہنا ہوا اس شخص کا لے کر اس شخص کا نام لے کر اس نقش کو لکھے اور آگ میں ڈالے اور اس شخص کے نام کے ساتھ اس کی ماں کا نام بھی لکھے نقش یہ ہے

۸ ۸ ۸ ۸ ۸ ۸ ۸ ۸ عص

لاحول ولاقوۃ اِلاّ باللہ العلی العظیم

ایضاً۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے جدائی پیدا ہو تو چالیس روز تک ایک سنگریزہ

سفید پہ ایک بار سورۃ اِنَّآ اَعْطَیْنٰا پڑھ کر دم کرے اور سنگریزہ مذکور کو اس کے گھر میں ڈالے جدائی ہو۔
ایضاً۔ واسطے عداوت کے یہ ختم مجرّب ہے بعض بزرگوں نے فقیر مؤلف کو اجازت دی ہے کہ
سورہ یٰسین اس طرح پر کہ اوّل ۴۱ بار سورہ فاتحہ پڑھے پھر یٰسین پڑھنا شروع کرے جب لفظ مبین
اوّل پر پہونچے کہے بحق سورہ یٰسین اور اس آیت کو پڑھے فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا وَالْحَمْدُ
لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ٥ اور پھر ہتھیلی زمین پر مارے اور نام اس کا بوے اور تین بار آمین کہے
پھر ابتدا سے شروع کرے اور جب دوسری مبین پر پہنچے موافق پہلے کے کرے یہاں تک
کہ سورۂ مذکور کو تمام کرے اور اوّل آخر اس عمل کے یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ
الْقَاهِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ ایضاً۔ واسطے خرابی دشمن کے اس طلسم کو لکھ کر
دشمن کے گھر میں دفن کرے ط ع ۱۲۱۱۳۰۱ ھ ھم ھم ۵ ط
۳۱۱۱۱ مارا حم دائم اوعلے
ایضاً۔ واسطے ہلاکی دشمن کے اس نقش سورہ
تَبَّتْ یَدَا کو کوری اینٹ پر ہر روز چالیس روز تک لکھے اور نیچے نقش کے یہ لکھدے کہ بنام
فلاں بن فلاں اور بجائے فلاں نام
دشمن کا اور بجائے بن فلاں کے نام
اسکے باپ یا ماں کا لکھے اور خشت
مذکور کو کنوئیں میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ
بہت جلد دشمن خراب ہوگا نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

حبل من مسد	فی جیدها	حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارًا	سیصلٰی	وما کسب
فی جیدها	حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارًا	سیصلٰی	وما کسب	عنہ مالہ
حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارًا	سیصلٰی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنیٰ
وامراتہ	ذات لہب	نارًا	سیصلٰی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنیٰ	وتب
ذات لہب	نارًا	سیصلٰی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنیٰ	وتب	لہب
نارًا	سیصلٰی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنیٰ	وتب	لہب	ابی
سیصلٰی	وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنیٰ	وتب	لہب	ابی	یدا
وما کسب	عنہ مالہ	ما اغنیٰ	وتب	لہب	ابی	یدا	تبت

ایضاً۔ واسطے خرابی دشمن کے اس
نقش کو
لکھ کر
زمین میں
دفن کرے۔۔۔

یا ہاروت فلاں بن فلاں
یا ہاروت فلاں بن فلاں
الٰہی فلاں بن فلاں
ہ اہ ہ ہ ہ اہ ہ ممیمہ

ایضاً۔ اس نقش کو تین روز
تک لکھ کر گھول کر بلا شخص کو
پلاوے دل اس پھر جاوے اور ستّر بار
پلانے سے قبل کہے وَاَلْقَیْنَا بَیْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ
وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۵۶	۵۹	۴	۴۳
۳۹	۴۴	۵۵	۶۰
۴۵	۴۲	۵۷	۵۴
۵۸	۵۳	۵۶	۴۱

فصل ۵ زبان بندی میں

۔ ایک دھاگہ لڑکی نابالغہ سے کتوا کر اس پر سورۂ یٰسین
تین بار پڑھے اور ہر مبین پر گرہ دے اور وقت گرہ دینے کے زبان دانتوں میں دباوے

اور اس دھاگے کو دشمن کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے دشمن کا منہ بند ہو جائے گا۔ الیضاً۔ اس آیت کریمہ ایک ہزار بار پڑھے۔ اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ؕ الیضاً۔ زبان بندی کے واسطے یہ عمل مجرب ہے اس آیت کریمہ کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دباوے فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۳ س ۳ د ۳ ھ ۳ ع ۳ ب ۳ ج ۳ ط ۳ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ؕ تا آخر صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ؕ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَفْقَھُوْنَ ؕ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَنْطِقُوْنَ **الیضاً**۔ اس طلسم کو نیچے زبان کے رکھے دشمن کی زبان بند ہوگی۔ بے حد مجرب اور زود اثر ہے۔ طلسم یہ ہے ۱۱ ۱۱ ع ۱۱ ج ۱ ۹ ۸ ۱ ۵ ۱۱ ط ۱ ح ۱ لحہ ۸ الیضاً۔ واسطے زبان بندی کے اس نقش حٰمٓ عٓسٓقٓ کو چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری پر جڑوا دے اور جب کسی امیر یا دشمن کے پاس جاوے انگوٹھی پہن لے۔ زبان دشمن کی بند ہوگی اور اس پر نہایت مہربان ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے

ح	م	ع	س	ق
س	ق	ح	م	ع
م	ع	س	ق	ح
ع	س	ق	ح	م

الیضاً۔ واسطے زبان بندی کے اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے دریا میں رکھ کر کوئی چیز بھاری اس پر رکھ دے کہ بہہ نہ جاوے مجرب ہے نقش یہ ہے......

ر ۴	۱۱ م	لا ۱۳	س ع
ھ ۱۳	ص ۶	ر ۳	و ۱۳
ط ۷	فلاں	ی ۱۰	ح ۳
ن و	۱۱	ع ۸	۵ ۱۶

فصل ۶ خواب بندی میں

سورہ والناس کو وقت شب پڑھے اور ایک چھری زمین پر گاڑ دے اور ہر لفظ ناس پر چھری کو گاڑتا جائے جب چھری زمین میں گھس جائے تب اس آیت کو پڑھے اور اس پر دم کرے اور وہ یہ ہے اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ ؕ اور چھری کو تین روز سے زیادہ زمین میں نہ رکھے اور جو چاہے خواب کو کھوے چھری کو زمین سے نکال لے اور سورۂ نصر پڑھے۔ الیضاً۔ واسطے خواب بندی کے یہ سورت ایک کاغذ پر اور میخ فولاد کی درمیان کاغذ کے رکھ کر اوپر سے ٹھونکے کہ کاغذ میں گھس جائے پھر سوراخ کو چوراہے کی خاک سے بند کر دے مجرب ہے سورۃ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عقدت نوم فلاں بن فلاں بحق اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عقدت نوم فلاں بن فلاں بحق رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ عقدت راسہ بحق الرَّحْمٰنِ عقدت شعرہ بحق الرَّحِیْمِ عقدت عینیہ بحق مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ عقدت اُذنیہ بحق اِیَّاکَ نَعْبُدُ عقدت لسانہ بحق وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ عقدت وجہہ بحق اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ عقدت یدیہ بحق صِرَاطَ الَّذِیْنَ عقدت قلبہ بحق اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ عقدت فرجہ بحق غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ عقدت ساقیہ بحق وَلَا الضَّآلِّیْنَ عقدت رجلیہ بحق اٰمِیْنَ عقدت قرارہ وسکونہ من الراس الی الرجلین باللّٰہ وبحکم اللّٰہ عزوجل عقدت النوم فلاں

بن فلاں علے حب فلاں بن فلاں - ایضاً - واسطے خواب بندی کے اس طلسم کو لکھے ١١ ٧ ع ۴ ٢ ٦ ٨ ۴ ھ م ر ھ ۵ بما
النوم النوم النوم

ایضاً واسطے خواب بندی کے اس تعویذ کو لکھکر جہاں پر وہ شخص سوتا ہو وہاں دفن کرے نقش یہ ہے...

٢	٣	٦	٩
٨	٦	۴	٢
٣	٢	٨	٦
٦	٩	٢	٣

بستم خواب فلاں بن فلاں

ایضاً - واسطے خواب بندی کے اس نقش کو لکھے مجرب ہے نقش یہ ہے

١	٣	٢	٨
٢	لو	م	٢
١	۴ع	٦	۵
م	۴عص	١	۵

بستم خواب فلاں بن فلاں

فصل تعویذ تیغ بندی میں - جو کوئی چاہے کہ تلوار چھری دشمن کی مجھ پر کند ہو جائے اتوار کے دن موافق شرائط مذکورہ بالا یعنی ساعت وغیرہ دیکھکر یہ تعویذ لکھے مگر اول بکرے وغیرہ کی گردن میں باندھ کر امتحان کرلے تا کہ شک رفع ہو ١١ ھ ٦ ١١١ ١٩ ۴ ٢٢

ایضاً - واسطے تیغ بندی کے لکھ کر جو کوئی قبضہ شمشیر پر باندھ لیگا جس شخص سے مقابلہ کریگا ہرگز زخم دشمن سے مجروح نہ ہوگا ١١١١ ۵ ١١١ صما ح یہ شکل نہایت مجرب ہے لیکن جملہ شرائط سے دشوار ہے کفح اجا ایضاً واسطے تیغ بندی کے اتوار کے روز پاس رکھے جب کوئی دشمن تلوار ماریگا اثر نہ کرے گی اور جب لکھے تو امتحان کرلے وہ یہ ہے ١١ ٢ ١ ٢ ٧ ١١١ ٩ ٩ ۴ ۵ / ١١ ۴ ٧ ٣ ٩ ١۴

ایضاً - واسطے تیغ بندی کے تلوار یا نیزہ یا بندوق پر باندھ کر دشمن کے مقابلہ میں آئے عدو کی تلوار وغیرہ کند ہو جاوے گی اور دشمن پر غالب ہوگا اور جو کوئی افسر فوج اپنے جھنڈے پر اس نقش مکرم کو لکھے گا جدھر وہ جھنڈا ہوگا ادھر فتح ہوگی اور دشمن مقابلہ پر ہرگز نہیں ٹھہرے گا۔ مگر بہ طہارت تمام اس کو عمل میں لاوے نقش مکرم یہ ہے....:

ایضاً - جو کوئی شخص اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا زخم تلوار و نیزہ و بندوق وغیرہ سے محفوظ رہے گا اول امتحان کرلے وہ نقش یہ ہے....

انا	فتحنا	لک	فتحا	مبینا
فتحنا	لک	فتحا	لک	مبینا
مبینا	لک	فتحا	لک	فتحنا
مبینا	فتحا	لک	فتحنا	انا

فصل عملیات اور تعویذات حاضر ہونے غائب کے بیان میں

جو کوئی شخص غائب ہو جائے اور اس کا بلانا منظور ہو تو درمیان سنت اور فرض نماز

کے اسم بار سورۂ فاتحہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد غائب حاضر ہوگا مجرّب ہے
ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ غائب کو خواب میں دیکھے اور اس کا حال خواب میں معلوم کرے یا کوئی مطلب دریافت کرنا منظور ہو تو یہ عمل بطور استخارہ کے صدق دل سے طاہر کپڑا پہن کر وضو کرے اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹے اور سورۂ الحمد اور سورۂ والشمس اور سورۂ والضحیٰ اور سورۂ واللیل اور سورۂ الم نشرح اور سورۂ والتین اور سورۂ اخلاص ہر سورت کو سات مرتبہ پڑھے اور بعد اسکے اس دعا کو پڑھے اَللّٰھُمَّ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ کَذَا وَ کَذَا وَاجْعَلْ مِنْ اَمْرِیْ فَرَجًا وَ مَخْرَجًا اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ مَا اَسْتَدِلُّ بِہٖ اِجَابَۃَ دَعْوَتِیْ اور بجائے کذا و کذا کے اپنے مطلب کو کہے۔ اگر پہلی رات میں مدعا معلوم ہو جاوے فہو المراد، والّا سات رات تک اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ سات راتوں سے زیادہ نہ پڑھے گا کہ حال کھل جائے گا یہ عمل نہایت مجرّب ہے۔ ایضاً۔ اس عزیمت کو لکھے اور ڈول میں رکھ کر کنوئیں میں ڈالے اگر آواز ہنسنے کی آوے تو غائب زندہ ہے اور اگر صدا رونے کی آوے تو غائب مردہ ہے وہ طلسم یہ ہے ۱۹۱۱۲۹۲۱۱عص۹ی۹۱۹عص۱مالو۶۔

ایضاً۔ اس نقش کو لکھکر چرخے کے اوپر باندھے اور کنواری لڑکی سات مرتبہ چرخے کو پھراوے اس کے بعد چرخے کو آسمان کیطرف سیدھا کھڑا کرے۔ دور رفتہ بہت جلد پہنچے گا خدا کے فرمان سے وہ نقش یہ ہے

۳	وہ	۱د۲
۱۵ی	ع۵	۱دو
راہ	باصرہ	پر سید و ح

فصل ۹ بھاگے ہوئے کے بیان میں

اگر کوئی شخص مثل غلام یا لونڈی یا جانور کے بھاگا ہو اور دریافت کرنا اسکا منظور ہو کہ کس سمت کو بھاگا ہے پس اگر ہفتہ کے دن بھاگا ہے تو جانب جنوب یعنی دکھن کے تلاش کرنا چاہیئے اور اگر اتوار کے دن بھاگا ہے تو جانب مشرق یعنی پورب کے تلاش کرے اور اگر پیر کے دن بھاگا ہو طرف شمال یعنی اتر کے بھاگا ہے اور منگل کے دن بھاگا ہو طرف مشرق گیا ہے اور اگر بدھ کے روز بھاگا ہو جانب مغرب یعنی پچھم کے فرار ہوا ہے اور اگر جمعرات کے دن بھاگ گیا ہو جانب پچھم تلاش کرنا چاہیئے اور اگر جمعہ کے دن بھاگا ہو طرف دکن کے ڈھونڈے۔ ایضاً۔ جس شخص کا غلام یا جانور بھاگ گیا ہو اس گرد نامہ کو لکھکر درخت میں اپنے ہاتھ سے ایسے طور سے لٹکاوے کہ ہوا سے ہلے بھاگا ہوا جلد آویگا وہ یہ ہے

الٰہی بحرمت عبد الکریم
مشرق
فلاں
سَیُصِیْبُ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا

ایضاً۔ اس طلسم کو لکھکر چرخے میں باندھے اور الٹا گھماوے مفرور جلد حاضر ہو طلسم یہ ہے دے۱ا۱م دل ۱۸ ۱۴ ع ۵ہ ۱م ادو ۹۴ ۵ ع ۱۱ ع ۲ مادر

ایضاً۔ اگر غلام یا لونڈی بھاگ جاوے اس مربع کو لکھے اور بیچ میں نام بھاگے ہوئے کا لکھے اور قرآن مجید میں پارہ ولو اننا میں جہاں پر یہ آیت واقع ہو لکھے مفرور بہت افتاں و خیزاں حاضر ہو۔۔۔۔

الیضاً۔ اتوار کے دن لکھ کر چرخے پر باندھے اور سات مرتبہ الٹا گھماوے، بھاگا ہوا جلد آوے۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔

یابدوح یاعلی
یابدوح ۔ یابدوح ۔ یابدوح ۔ یابدوح ۔ یابدوح

فصل ابپہچاننے چور میں

جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو اور منظور ہو کہ چور کو دریافت کریں، دو شخص آمنے سامنے بیٹھیں، ایک بدھنی کوری کو اپنے داہنے ہاتھ کی کلمہ کی انگلی سے اٹھاویں اور جس جس پر چوری کا گمان ہو انکا نام بدھنی پر لکھے اور سورۂ یٰسین کو من المکرمین تک پڑھے۔ اگر وہی شخص چور ہے تو ضرور بدھنی گھوم جاویگی اور اگر نہ گھومے تو نام اسکا مٹا کر دوسرے آدمی کا نام لکھے اور وہیں تک پڑھے اور اسی طرح نام ہر شخص متہم کا لکھتا جاوے یہانتک کہ بدھنی گھومے اور بعض بزرگ فرماتے ہیں کہ نام متہم کا کاغذ پر لکھکر بدھنی میں ڈالے اور جبتک وہ نہ گھومے نام لکھ لکھ کے ڈالتا جاوے چار طرف بدھنی کے ان ناموں کو بھی لکھے یا جبرائیلؑ یا میکائیلؑ یا اسرافیلؑ یا عزرائیلؑ مجرب ہے۔ مؤلف عفی عنہ کہتا ہے کہ یہ عمل یا اور کوئی عمل کر کے چور سے مطلع ہو جاوے تو چاہئے کہ اسکے چرانے پر یقین کامل نہ کرے اور اسکو ہرگز بدنام نہ کرے بلکہ قرائن سے خوب دریافت کرے کہ کسی کو بدنام کرنا اچھا نہیں الیضاً۔ جو کوئی چاہے کہ چور کو دریافت کرے، صبح کے وقت ایک طشت کے نیچے خروس سفید کو رکھے اور سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور اس طشت پر دم کرے اور جن لوگوں پر چوری کا گمان ہو وہ سب ایک ایک دفعہ اس طشت پر ہاتھ رکھیں جو کوئی چور ہو گا خروس آواز کرے گا مجرب ہے۔ الیضاً۔ واسطے دریافت کرنے چور کے چند برگ ترنج لا کر ہر ایک پر اس آیہ کریمہ کو لکھے اور پھر نام ایک ایک شخص متہم کا ہر ایک پتہ پر نیچے آیہ کریمہ کے لکھ کر آگ میں جلاوے جو چور ہو گا اسکے پیٹ میں ضرور درد ہو گا آیہ کریمہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ط الٰہی بحق کبریٰ بشرط احتیاط یہ عمل بہت مجرب ہے۔

فصل اا عملیات اور تعویذات رہائی محبوس میں

جو کوئی شخص قید ہو جائے اول آخر درود پڑھ کر سات بار ان آیات کفی کو پڑھے اور اپنی انگلیوں پر دم کرے قید سے رہائی پائے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ هَادِيًا وَّكَفٰى بِاللّٰهِ نَصِيْرًا۔ الیضاً۔ جب کوئی شخص بے وجہ قید ہو جائے تو اس تعویذ کو لکھ کر اپنی پگڑی یا ٹوپی میں رکھے اس کی برکت سے جلد خلاصی پاوے گا وہ تعویذ یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ط وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ط فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ح ع ح ۱۱۱ ۵۵ ۱۱ ۸ ۵۵ ع ۱۱

ایضاً جو کوئی قید ہووے اس مثلث کو اپنے پاس رکھے اسی طرح پر ایک داہنے اور ایک ایک نیچے اور ایک سامنے انشاء اللہ تعالیٰ محبوس بہت جلد خلاص ہوگا مگر احتیاط ضرور ہے مثلث یہ ہے:-

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

ایضاً - بروز جمعہ قبل طلوع آفتاب کے اس نقش کو کو محبوس کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ خلاص ہوگا نقش یہ ہے

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ایضاً - جو کوئی قید میں گرفتار ہو جاوے اس نقش کو اپنے پاس رکھے بفرمانِ خدا بہت جلد رہا ہوگا اور جب رہائی پاوے تو اس نقش کو دریا میں ڈال دے وہ یہ ہے

۷۸۶

۸	۳	۷
ع	۶	۲
صرع	و	م

فصل ۱۲ عملیات اور تعویذات رفع آسیب و جن وغیرہ کے بیان میں

اکثر علماء معتبر سے منقول ہے کہ جس پر آسیب کا اثر ہو اس کے داہنے کان میں سات بار اذان کہے اور اس کے بعد سورۂ فاتحہ اور سورۂ موذتین اور آیت الکرسی اور سورۂ والطارق اور آخر سورۂ حشر یعنی ہو اللہ الذی سے آخر تک اور سورۂ والصّافات ایک مرتبہ اور سورۂ جن سات بار پڑھے آسیب بھاگ جاوے گا۔ جیسا کہ انسان آگ سے بھاگتا ہے یا جل جاویگا۔

ایضاً - واسطے دفع آسیب کے اصحاب کہف کے نام گھر کی دیوار پر یہ اسماء لکھے ہوں گے انشاء اللہ تعالیٰ جن کا گذر نہ ہوگا۔ الٰہی بحرمۃ یملیخا مکسلمینا کشفوطط اذرفطیوس کشافطیوس تبیونس یوانس بوس وکلبہم قطمیرا۔

ایضاً - چہل کاف کو جس مطلب کے واسطے گیارہ بار پڑھے گا خدا کے حکم سے مطلب برآر ہوگا۔ جس شخص کو خلل آسیب کا ہو گیارہ بار پانی یا کسی چیز پر پڑھکر دم کریں اور آسیب والے کو دے آسیب بھاگ جاوے گا۔ وہ یہ ہے قادر ذہات قد ذ قضاءِ ففہقہر اقول بقرقار مع قرقش فی قیقوش بحق قلابس قطب القنا قن فقر قرپری تقبل بقبول قرب قدّس عن القرام قیا قیوم بقوتہما فی قیقات بقفقفہ قفقفہ فقہر قطارطی وقسمہ قفندہ یا قوی۔ ایضاً چہل کاف تصنیف محبوب سبحانی قطب ربانی غوث صمدانی حضرت شاہ محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ ہے خواص اس کے بہت ہیں یہ رسالہ مختصر اس کے بیان کی گنجائش نہیں رکھتا۔ مختصر یہ ہے کہ جس امر کے واسطے پڑھا جاوے نہایت مؤثر ہوگا خصوصاً واسطے دفع کرنے جن وغیرہ کے

سریع النفع ہے جس شخص کو دیو یا پری یا خبیث ایذا دیتا ہو چاہیئے کہ اس کو سات مرتبہ روغن تلخ پر پڑھے اور روغن کو آسیب زدہ کے دونوں کانوں میں ڈال کر انگلیوں سے دبا دے کہ روغن باہر نہ نکلے اور کچھ بدن میں ملے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب کے جلنے کی بو آوے گی اور آسیب بالکل جل جاوے گا بلکہ جلتے وقت فریاد بھی کرے گا ترجمہ اس کا حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے فارسی زبان میں کیا ہے چونکہ وہ عام نہ تھا اور یہ رسالہ بزبان اردو ہے لہٰذا فقیر مؤلف عفی عنہ نے ترجمہ عبارت فارسی شیخ موصوف کو بلفظ اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ وہ یہ ہے کَفٰىكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِينٍ كَانَ مِنْ كَلْكَا تَكِرُّ كَرًّا (ترجمہ) کافی ہے تجھکو پروردگار تیرا اکثر ہے کفایت کرے تجھکو آرزوئے حادثہ کے چھپنا اسکا مانند شکاری کے ہے کہ لپٹتا ہے مانند لپیٹنے کَكَرِّ الْكَرِّ فِي كَبِدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً کَلْکَلَتٍ کَلْکَا کَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ رسی کے جگر میں کھینچتا ہے چھری تیز سے مانند اس شیر کے کہ پیچھے سے پنجہ مارے خاصکر تجھکو كُرْبَتُهٗ یا کوکبا کَانَ تَحْكِيْ كَوْكَبُ الْفَلَكِ اسی چیز سے کفایت کرتا ہے باز رکھنے سے اندوہ جگر کے۔ اے ستارہ دل میرے کا کہ مشابہت رکھتا ہے تو ساتھ ستارے یا جنتائیل یا ذولائیل یا جبرائیل یا کنکائیل یا مدکائیل یا آسمان کی روشنی میں۔ نعمائیل یا سرکائیل یا ھمرائیل یا عزرائیل یا دردائیل یا میکائیل ۔ جس شخص کو چہل کاف مع موکلان پڑھنا منظور ہو موافق ہندسوں کے بعد ہر کلمہ کے اسم موکل کو ضم کرے

٣٩١١	٣٩٦٢	٣٩٠٩
٣٩٠٦	٣٩٠٨	٣٩١٠
٣٩٠٧	٣٩١٣	٣٩٠٥

ایضاً۔ یہ نقش چہل کاف کا ہے جو کوئی لکھکر اپنے پاس رکھے گا دیو و جن کے شر سے محفوظ رہیگا نقش یہ ہے۔۔۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
بحق یا جبرائیل یا بدوح

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
بحق یا میکائیل یا بدوح

٨	٦	٤	٢
٢	٤	٦	٨
٦	٨	٢	٤
٤	٢	٨	٦

۲ ۹ ۸ ۹ ۱ ۲ ۱۲ ۱ ۲ ۱ ۲ یمخ
ہہام ہمہ سہج ہہ ۱۱۱ ۱۱۱ ۱۱۱

ایضاً۔ جس کے گھر میں جن ہو اور آزار دیتا ہو اس نقش کو لکھکر دروازے پر لگاوے شر جن سے محفوظ رہیگا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ
بحق یا عزرائیل یا بدوح

ایضاً۔ اس فتیلہ حضرت غوث الاعظم کو لکھ کر کوری روئی پر لپیٹے بھر کورے سکورے میں رکھکر روغن تلخ ڈال کر جلاوے اور شیرینی پر فاتحہ حضرت موصوف کی دیدے آسیب دور ہوگا نقش یہ ہے۔۔۔

١١	٨	١	١٣
١١	١٢	١١	٨
١٦	٣	٦	٩
ع	١٠	١٥	عص

ایضاً۔ اس نقش کو آسیب والے کے بازو پر باندھے آسیب دور ہوگا نقش مکرم یہ ہے۔۔۔

٦	٧	٢
١	٥	٩
٨	٣	٤

ایضاً۔ یہ نقش سورۂ جن کا ہے اسکو لکھکر لڑکے کے گلے میں ڈالے لڑکا جمیع آفات سے خصوصاً شر بھوت اور آسیب وغیرہ سے محفوظ رہیگا اور جس شخص کو جن وغیرہ نے ستایا ہو لکھکر اپنے پاس رکھیگا جن ہلاک ہوجاویگا نقش یہ ہے۔۔۔

٤٨٢٢	٤٨١٧	٤٨٢٢
٤٨٢٣	٤٨٢١	٤٨١٩
٤٨١٨	٤٨٢٥	٤٨٢٠

جس شخص کے گھر میں جنات ڈھیلے یا پتھر پھینکتے ہوں اس نقش کو دیوار قبلہ رو پر چسپاں کرے شر جن سے محفوظ رہیگا آسیب کا گذر نہ ہوگا۔ نقش مکرم یہ ہے......

۷۸۶

۹	۶	۳	۱۶
۱۷	۱۲	۱۳	۲
۱۳	۱	۸	۱۱
۱۴	۱۵	۱۰	۵

ایضاً۔ یہ نقش متبرک سورۂ مزمل کا ہے خواص اسکے بہت ہیں از منجملہ ایک یہ ہے کہ جو کوئی باطہارت لکھکر اپنے پاس رکھے جنوں کے شر سے محفوظ اور جمیع بلیات سے دور رہیگا مجرب ہے نقش مکرم و معظم یہ ہے.........

۷۸۶

۳۲۵۶۶	۳۲۵۵۹	۳۲۵۶۴
۳۲۵۱۱	۳۲۵۶۳	۳۲۵۶۵
۳۲۵۶۲	۳۲۵۶۷	۳۲۵۶۰

تنبیہ:۔ جان تو کہ اس فصل میں جن وغیرہ شیشہ میں اتارنے کی ترکیب نہیں لکھی کہ یہ امر نہایت مشکل ہے شاید کوئی ناواقف کر کے زک اٹھاوے لہذا ترک کیا۔

فصل ۱۳ علامات سحرزدہ اور عملیات و تعویذات دفع سحر کے بیان میں

علامات سحرزدہ یہ ہیں کہ روز بروز لاغر اور بیقرار ہوتا جائے اور زن و فرزند اور سب گھر کے لوگوں سے اور کھانے پینے اور بولنے سے نفرت کریگا اور ہڈیوں میں درد کہیگا اور ڈرتا جائے گا اور بعضوں کو درد سر اور اسہال شکم ہوگا اور مسحور جس پر سحر کیا ہوا ہے دیوانوں کی طرح ہو جاتا ہے اور چپ رہتا ہے جس شخص پر سحر کا شبہ ہو اس آیت کریمہ کو کاغذ باریک پر خون ہدہد یا کبابۂ سیاہ یا مشک و زعفران سے لکھے اور گلے میں باندھے اور سات پارچے کاغذ پر بسم اللہ لکھے اور سات دن تک ایک ایک گھول کر پلاوے نہایت مجرب ہے سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ط اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ ط وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ط بحق اهيا اشراهيا۔ ایضاً۔ واسطے دفع سحر کے سورۂ مومنین کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز پڑھا کرے یا چینی کی رکابی میں لکھے اور دھو کر پلادے سحر کا اثر دور ہو گا۔ ایضاً۔ واسطے دور ہونے سحر کے یہ دونوں نقش ہیں اور ایک قصیدہ بردہ اور دوسرا نقش حضرت امیر المومنین کا ہے ان دونوں کی پشت پر اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَاذُوْقَابِيْلَ لکھے اور سوچیہ گلی میں دریا کا یا سات کنوؤں کا پانی بھرے پھر یہ نقش ڈالے اور پانی کو گرم کرے جب گرم ہو جائے مسحور کو ایک طشت میں بٹھا کر دو آدمی دو طرف سے پانی ڈالیں اور آیت کریمہ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ سے عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ تک پڑھیں اور جب پانی ختم ہو جائے سب پانی کو ایک جا کر کے دریا میں ڈالیں اور سات روز تک یہ عمل کریں انشاء اللہ مسحور صحت پائیگا نقش دونوں یہ ہیں.........

نقش قصیدہ حضرت امیر علیہ السلام یہ ہے

۷۸۶

۳۰۹۱۹	۳۰۹۲۴	۳۰۹۱۷
۳۰۹۱۸	۳۰۹۲۰	۳۰۹۲۲
۳۰۹۲۳	۳۰۹۱۶	۳۰۹۲۱

نقش قصیدہ بردہ یہ ہے

۷۸۶

۱۴۳۴۳۵	۱۴۳۴۲۶	۱۴۳۴۳۲	۱۴۳۴۳۶
۱۴۳۴۲۴	۱۴۳۴۳۲	۱۴۳۴۳۰	۱۴۳۴۲۲
۱۴۳۴۳۷	۱۴۳۴۲۱	۱۴۳۴۲۸	۱۴۳۴۳۱
۱۴۳۴۳۴	۱۴۳۴۳۲	۱۴۳۴۳۳	۱۴۳۴۲۲

فصل ۱۴ کیفیت چشم زخم اور اسکے عملیات اور تعویذات کے بیان میں

صحیح مسلم اور تفسیر فتح العزیز وغیرہ میں لکھا ہے کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نظر کا لگنا ٹھیک ہے۔ کوئی چیز تقدیر پر غالب ہوتی ہے نظر ہوتی یعنی تاثیر اس کی نہایت قوی ہے کہ نظر ایک قسم کا زہر ہے کہ حق تعالیٰ نے بعض آدمیوں اور جنوں کی آنکھ میں اس کو رکھا ہے جیسا کہ بچھو کی ڈنک اور سانپ کی زبان پر رکھا گیا ہے اور یہ نہ جانے کہ غیر کی نظر لگتی ہے یا اپنے کی نظر لگتی ہے وہ فقط آدمی پر نہیں لگتی ہے بلکہ باغ اور اسباب اور دوکان اور جانور اور کھیت وغیرہ سب چیزوں پر نظر لگتی ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو چیز آنکھ میں اچھی معلوم ہو ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ کہے اس کی برکت سے نظر کا اثر نہ ہوگا۔ کیفیت اس کی بڑی کتابوں میں لکھی ہے

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی شخص نظر لگاوے پس فوراً نظر لگانے والے کا منہ اور دونوں پاؤں اور شرم گاہ ایک برتن میں دھونے کو کہے اور اس پانی کو اس پر چھڑک دے جس کو نظر لگی ہو خدا کے حکم سے جلد از جلد اچھا ہو جائیگا اور یہ عمل کتب معتبرہ میں لکھا ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب تم سے کوئی منہ وغیرہ دھلاوے تو دھو دو اگر دفع نظر کے واسطے تم سے کوئی درخواست کرے کہ منہ وغیرہ دھوئے تو دھو دینا چاہئے۔ اور اس کا برا ماننا عبث ہے

روایت ہے کہ حضرت عثمان نے ایک خوبصورت لڑکا دیکھا آپ نے فرمایا کہ اس کی ٹھوڑی پر کالا ٹیکا لگاؤ تا کہ اس پر نظر اثر نہ کرے کالا ٹیکہ لڑکوں کو دفع نظر کے لئے اکسیر ہے۔ ترمذی شریف سے ظاہر ہے کہ کالا ٹیکہ لگانا بے اصل نہیں ہے

ایضاً۔ حضرت حسن بصری نے فرمایا کہ جس شخص کو اپنے اوپر یا اپنے مال وغیرہ پر نظر لگنے کا خوف ہو تو چاہیئے کہ اس آیت کریمہ کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کر لیا کرے وہ یہ ہے وَاِنۡ يَّكَادُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَيُزۡلِقُوۡنَكَ بِاَبۡصَارِهِمۡ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكۡرَ وَيَقُوۡلُوۡنَ اِنَّهٗ لَمَجۡنُوۡنٌ ایضاً۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حسنین علیہما السلام کو اس طرح تعویذ فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیم حضرت اسمٰعیل اور حضرت اسحٰق کو انہیں کلمات سے تعویذ فرماتے تھے وہ یہ ہے اُعِيۡذُكَ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنۡ شَرِّ كُلِّ شَيۡطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيۡنٍ لَامَّةٍ ہر ایک شخص کو چاہیئے کہ اپنے لڑکوں کو یہ تعویذ لکھ کر ان کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ تعالیٰ جس کے گلے میں یہ تعویذ ہوگا وہ صحت سے رہیگا۔ ایضاً۔ جو کوئی اس تعویذ کو لڑکے کے گلے میں ڈالے گا حق تعالیٰ اسکو نظر بد اور

بلاؤں سے محفوظ رکھے گا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّۃٍ۔ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

ایضاً۔ واسطے دور ہونے اُمّ الصّبیان کے اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں بچے کے ڈالے وہ یہ ہے اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا بُدُّوْحُ یَا غَفُوْرُ اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ یَا غَوْثُ یَا اٰھِیًّا اَشْرَاھِیًّا نِی السَّفَرِ خَالِدٍ اَوْ مُخَلَّدٍ اَوْ بِاِسْمِہٖ دَرْکَاتٍ بِعَوْنِ اللّٰہِ فِی شِفَاءٍ وَعَلَیْھِمْ یَا حَافِظُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اور اس فتیلہ کو لکھ کر جلاوے اور دھواں اسکا بدن میں لڑکے کے لگاوے وہ یہ ہے ۲۸۵ ۱۵ ۲۳۱۲ ح ۷۶۵۱۹۹۲۳۵۹۷۷ ایضاً۔ جب لڑکے کو ام الصبیان ہوجائے اس شکل کو کاغذ پر لکھے اور فتیلہ بنا کر جلاوے کر دھواں اس کا مریض کے بدن کو لگے شکل یہ ہے لال ۵۶ رھ ۱۱۵۱ ۴۶ س داہ اول ا ایضاً۔ جو کوئی شخص اس نقش کو لکھکر اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے نظر بد سے محفوظ رہے نقش مکرم یہ ہے:

یوم الدین	مالک	الرحمن الرحیم	رب العالمین	الحمد للّٰہ
[illegible]	[illegible]	[illegible]	المستقیم	[illegible]
ولا	علیہم	غیر المغضوب	علیہم	انعمت
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

ایضاً۔ جو شخص اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھکر اپنے پاس رکھیگا نظر بد اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا وہ نقش یہ ہے......

۱

۶ ۸

۷ ۵ ۳

۲ ۴

۹

ایضاً۔ جو شخص اس نقش کو لکھکر لڑکے کے گلے میں ڈالے یا چینی کی رکابی پر لکھکر دھو کر پیٔے گا یا پلاوے گا جمیع بلیات سے مثل نظر بد وغیرہ کے امان میں رہیگا نقش مکرم یہ ہے.....

۴۴۶	۴۵۰	۴۵۳	۴۳۹
۴۵۲	۴۴۰	۴۴۵	۴۵۱
۴۴۱	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۴
۴۴۹	۴۴۴	۴۴۲	۴۵۴

فصل ۵ گریۂ اطفال میں

جب لڑکا سوتے میں یا جاگتے میں ہمیشہ یعنی ہر وقت روتا ہے تو اس آیت کریمہ کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا سے عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ تک جس لڑکے کے گلے میں ہو گا کم روئے گا۔ ایضاً۔ واسطے دفع ہونے گریۂ اطفال کے بِسْمِ اللّٰہِ شَافِی بِسْمِ اللّٰہِ کَافِی بِسْمِ اللّٰہِ عَالِی بِسْمِ اللّٰہِ مُتَعَالِی بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ط وَ بِحَقِّ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَلَا یَزِیْدُ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا خَسَارًا ان آیات متبرک کو چینی کی رکابی پر لکھکر دھو کر پلاوے اور

منہ پر چھینٹے دیوے لڑکا رونے سے باز رہے گا اور ان دونوں نقشوں کو لکھکر گلے میں ڈالے مجرب ہیں وہ نقش یہ ہیں.........

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

یا غفور یا صمد یا رزاق

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ایضاً۔ جو کوئی شخص اس نقش مکرم کو باطہارت کاغذ پاک پر روبقبلہ ہو کر لکھے اور جو لڑکا بہت روتا ہو اس کے گلے میں ڈالے لڑکا بہت کم روئے گا وہ نقش مکرم یہ ہے.........

۱۱۵آہ		۱۱۱ہ۶

ایضاً۔ جو کوئی اس نقش کو ماہ محرم میں چاندی کی تختی پر کھدوا کر لڑکے کے گلے میں ڈالے لڑکا بہت کم روئے گا اور سب بلیات سے محفوظ رہے گا۔ نقش یہ ہے.........

ح	ف	ی	ظ
ظ	ی	ف	ح
ف	ج	ظ	ی
ی	ظ	ح	ف

ایضاً۔ اس نقش کو واسطے دفع بدخوابی اور گریۂ اطفال کے لڑکے کے گلے میں ڈالے نقش یہ ہے.........

۴۷۲۵	۴۷۱۸	۴۷۲۳
۴۷۲۰	۴۷۲۲	۴۷۲۴
۴۷۲۱	۴۷۲۶	۴۷۱۹

فصل ۱۶ مریض کے حال دریافت کرنے میں

اگر کوئی شخص چاہے کہ دریافت ہو اس مریض کو کیا مرض ہے یا کوئی آسیب ہے یا کوئی اور بدنی مرض ہے تو سات تار سوت کے لے کر پیر کے انگوٹھے سے موئے پیشانی تک ناپ کر ایک مرتبہ درود شریف اور سات مرتبہ الحمد اور ایک بار آیت الکرسی پڑھے اس کے بعد سات مرتبہ اس دعا کو پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قَیُوشٍ مُقَشِّنٍ تَرجُمَاشٍ مِیَعَاشٍ شَاقِیشٍ مَاشٍ اَبُوشٍ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط پھر سوت مذکور کو موافق اول کے ناپے اور دیکھے کہ کم ہوا یا زیادہ۔ اگر ایک انگل کم ہوئے دیو ہے اگر دو انگل کم ہو آسیب ہے۔ اگر تین انگل کم ہو سحر ہے اور اگر چار انگل کم ہو تو ام الصبیان ہے۔ اور اگر ایک انگل زیادہ ہو تو نظر آدمی کی ہے اور اگر دو انگل زیادہ ہو جائے نظر کفار کی ہے اور اگر تین انگل زیادہ ہو جائے باد ہے اور اگر چار انگل زیادہ ہو تو تپ ہے اور اگر کم یا زیادہ نہ ہو تو مرض بدنی ہے۔ ایضاً۔ واسطے دریافت کرنے مرض اور آسیب کے لازم ہے کہ باوضو ہو کر اس نقش کو لکھے اور اس نقش پر یہ اسما سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کے ہاتھ میں پڑھ کر پھونک دے اگر سحر ہو گا سر اور دوش گراں ہو گا اور اگر آسیب ہے تو مریض کانپے گا اور اگر مرض ہے تو کچھ بھی اثر نہ ہو گا وہ نقش یہ ہے.........

۳۱۷	۳۱۶	۳۲۷	۳۳۳
۳۳۵	۳۲۷	۳۱۸	۳۲۹
۳۲۲	۳۱۵	۳۳۳	۳۱۹
۳۲۱	۳۱۳	۳۰۹	۳۰۸
۳۳۰	۳۰۲	۳۲۱	۳۲۶

اسمار یہ ہیں ملحشفا ایک بار بلنحشفا دو بار ملنحشفا تین بار ادسلتا اثم علق بحق سلیمان
بن داؤد علیہما السلام حاضر آید بند شود ایضاً۔ طریقہ دیگر دریافت کرنے مرض اور آسیب
کا یہ ہے کہ ایک کورا سکورا لے کر اس پر نقش لکھے اور سات مرتبہ مریض پر سے اتارے پھر
آگ میں ڈالے اور آگ پنکھے سے خوب روشن کرے اگر حرف سفید ہوں سحر اگر حرف
سرخ ہوں آسیب چڑیل ہے اور اگر حرف غائب ہوں آسیب پری ہے اور اگر حرف
سیاہ ہوں تو مرض بدنی ہے نقش یہ ہے ۳۴۱۱۱۲ ع ۴ ح ۹ ع ۵۱۸۳۱۱ ۔
ایضاً ۔ اگر کوئی شخص بیمار ہو وہ روزنامہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھے اور ہر روز ہر شب
کے لئے جو کچھ فرمایا ہے اس پر عمل کرے تو شافی مطلق کی عنایت سے جلدی شفا حاصل ہو
اور بروز شنبہ کو جو کوئی بیمار ہو اس روز کا عامل زحل ہے۔ بیمار پر آٹھ دن بہت گراں ہیں
بیماری اس کی چشم زخم ہے علامت یہ ہے کہ اور رنج سہے گا اور سارا جسم بھاری ہوگا اور تشنگی
ہوگی نیند کم آوے گی اور اگر بیمار لڑکا ہو تمام دن اور رات روتا ہوگا دودھ دیکھکر منہ موڑے
گا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی دودھ پلائی نے اس کو کسی غیر عورت کے سامنے دودھ
پلایا ہے بچہ کو نظر ہو گئی سات روز گراں ہیں صدقہ ماش سیاہ سوا پاؤ اور جامہ سیاہ سوا گز اور
تھوڑا سا حلوہ محتاجوں کو دے اور نیز ایک تعویذ نظر بد کا لکھ کر گلے میں ڈالے شب شنبہ
کو اگر بیمار ہو بیماری ان کی بسبب نیلی پری کے ہے صدقہ کوئی جانور سیاہ رنگ اور چار گز
نیا کپڑا لے کر چاروں کونے سیاہ کرے اور کپڑے کے ایک گوشے میں تھوڑے کوئلے اور
ایک میں تھوڑا لوہا اور ایک طرف ہلدی اور ایک میں روٹی باندھ کر کسی کو دیدے اور ایک تعویذ
نظر کا لکھے اور گلے میں ڈالے اگر روز یکشنبہ کو بیمار ہو اس روز کا عامل آفتاب ہے بیمار چودہ
روز تک بہت علیل ہوگا آخر صحت ہوگی بیماری اس کی بسبب برہنہ ہونے یا بجہت کھانے
طعام سفید کے ہے علامات اس کی یہ ہیں کہ دردسر اور تمام دن اس کا بدن گرم ہوگا اور تمام
رات دن بیقرار ہوگا اور آنکھیں سرخ اور منہ زرد ہوگا اور کسی سے بات نہ کرے گا اور خواب
میں ڈرے گا اور صدقہ دہی اور چاول اور کپڑا پہنا ہوا بیمار کا یا سات روٹی تیل سے چپڑ کر
کسی محتاج کو دے شب یکشنبہ کو بیمار ہو جائے بیماری اس کی بسبب سایہ کالی پری کے یا
کسی دیو کی علامت یہ ہے کہ بدن سست ہوگا اور خواب میں ڈرے گا اور دیکھے گا کوئی شخص سامنے
کھڑا ہے اور کسی سے بات نہ کرے گا۔ صدقہ سوا گز کپڑے کا زرد رنگ اور ہلدی اور زرد چاول
دے روز دوشنبہ کو اگر کوئی شخص بیمار ہو اس دن نوبت مہتاب کی ہے بیمار پر پندرہ روز گراں
ہیں۔ بیماری اس کی بسبب نظر چیل یا کوا پری یا کھانے طعام سفید کے ہے علامت اس کی یہ ہے
کہ دردسر اور سستی جگر اور تمام بدن میں درد ہو اگرچہ بیمار ہو۔ ام الصبیان نام ایک دیوتی کا ہے
کہ لڑکے کو دودھ پلاتی ہے اسی سبب سے لڑکا کسی عورت کا دودھ نہیں پیتا ہے یہاں تک کہ

ہلاک ہوجاتا ہے ہلدی اور سیندور لڑکے پر باندھے اور ایک مرغی سفید اور تل سواپاؤ ایک
مرغ سفید اور تھوڑا تیل اور سوا ماشہ چاندی محتاجوں کو دے اگر سہ شنبہ کو بیمار ہوا ہے اس
روز مریخ ہے بیمار پر دس روز گراں ہیں بیماری اس کی بسبب دیو کے ہے اور اس کے گھر میں
آسیب ہے یا اس کے گھر میں کوئی درخت ہے کہ اس پر کوئی آسیب ہے اس کی نظر لگی
ہے علامت جاگتے میں ناف اور شکم میں درد معلوم ہوتا ہے بدن کانپتا ہے۔ صدقہ سوا گز
کپڑا سرخ رنگ مسور سرخ برنج اور کنجد اور چند گل انار اور ایک کپڑا مریض کے بدن کا اور
سات سیر آرد گندم اور روغن زرد سوا سیر اور ایک مرغ سرخ مریض کو دکھا کر صدقہ کر دیے
اگر لڑکا بیمار ہووے نظر ڈائن اور بدنظری لگی ہے صدقہ شیر اور برنج پکا کر تھوڑا سا کپڑا سرخ
ہمراہ شیر برنج کے رکھے اور کسی محتاج کو دے اور اگر عورت حاملہ ہووے بیماری اسکی ہووے
اس سبب سے کہ رات کو واسطے ضرورت کے اٹھی تھی اسی وقت دیو کھڑا تھا اس کی نظر پڑی
اور ڈر گئی علامت درد شکم اور پیشاب میں بدبو اور سوتے میں ڈرے اور تمام جسم میں کانٹے
سے چبھیں۔ صدقہ ایک بچہ کبوتر سیاہ ذبح کر کے خون اس کا ناخنوں اور انگلیوں میں
لگاوے اور گرم پانی سے دھوئے اور اس پانی کو چوراہے میں ڈالے۔ شب سہ شنبہ کو
اگر بیمار ہو تو بیماری اس کی بسبب سردی یا خوف یا نظر دیو پری کے ہے۔ تھوڑی اجوائن
کھائے صدقہ جامہ سفید یا سیاہ اور ایک مرغی اور سوا پاؤ کی روٹی اور سوا ماشہ چاندی کسی کو دے
روز چہار شنبہ کو اگر بیمار ہو اس روز عطارد ہے بیمار پر پندرہ روز گراں ہیں بیماری اس کی اس
سبب سے ہے کہ کسی بزرگ کی نذر مانی تھی وہ ادا نہیں کی یا کوئی رنج دل میں ہے
علامت درد سر و پشت و سینہ صدقہ روغن زرد روٹی پر لگا کے اور چار گز کپڑا اور تھوڑی
چاندی اور ایک انڈا مرغ کا اور ایک مرغ سفید اور اگر ممکن نہ ہو تو سوا پاؤ گوشت چیلوں
کو اور سوا پاؤ چاول اور سوا پاؤ تل سیاہ محتاجوں کو دے اور اگر لڑکا بیمار ہو اسکی دودھ
پلائی نے ایک عورت غیر کے سامنے دودھ پلایا ہے علامت یہ ہے کہ لڑکا دودھ نہ
پیئے اور سست رہے صدقہ ایک چراغ آٹے کا چار رُویہ بناوے اور گھی ڈال کر
چاروں طرف اسکے بتی جلاوے اور دریا میں چھوڑ دے اور نمک اور موٹھ اور برنج
محتاج کو دے شب چہار شنبہ کو اگر بیمار ہو بیماری اس کی بسبب کسی غم کے ہے صدقہ
سوا پاؤ برنج اور ایک مرغ اور کپڑا مریض کے بدن کا اور سوا سوا پاؤ کی دو روٹیاں کسی
مستحق کو دے روز پنجشنبہ کو اگر بیمار ہو اس روز مشتری ہے۔ بیمار پر دس روز گراں ہیں
بیماری اس کی اس سبب سے ہے کہ کسی روز برہنہ غسل کیا۔ ننگا بدن کسی پری کو اچھا
معلوم ہوا یا آدھی رات کو پانی پینے یا پیشاب وغیرہ کے لئے اٹھا ہے اور نظر پری کی
پڑی ہے علامت اس کی یہ ہے کہ درد سر اور درد کمر اور درد ناف ہو اور سوتے میں ڈرے

اور آنکھ بند ہوئی جاوے صدقہ مرغ سرخ اور کپڑا زرد اور سرخ وسیاہ اور تھوڑی مہندی کی
پتی اور سوا پاؤ گندم اور تھوڑی چاندی اور اگر لڑکا بیمار ہو ام الصبیان نے دودھ پلایا ہی
علامت اس کی یہ ہے کہ بچہ اپنی ماں کا دودھ نہ پیئے اور اگر کچھ پیئے فوراً قے کرے اور
بشدت رویا کرے اور لحظہ بہ لحظہ رنگ زرد اور سبز ہو جاوے اور گھڑی بہ گھڑی لاغر
ہوتا جاوے صدقہ ایک چراغ جو کے آٹے کا بناوے اور چاروں طرف اس کے بتی
جلاوے اور کھیر پکا کر اور مریض کو دکھا کر دریا میں چھوڑ دے۔ شب پنجشنبہ کو اگر بیمار
ہو جاوے بیماری اس کی دیو یا جن یا پری کے ستانے سے ہے کہ رات کو چلتے وقت
کسی پری کو اس کی رفتار اچھی معلوم ہوئی۔ علامت اس کی یہ ہے کہ درد اعضاء اور
سستی بدن اور پاؤں میں درد ہو۔ صدقہ۔ ایک بچہ بکری کا سیاہ رنگ، آٹا جو کا سوا سیر
نمک و روغن کنجد سوا سوا چھٹانک کسی محتاج کو دے۔ روز جمعہ کو اگر بیمار ہو اس روز
زہرہ ہے بیمار پر گیارہ دن تک شدت رہے۔ بیماری اس کی بسبب غلبۂ خون کے ہی
یا کسی جگہ خود بخود گر پڑا ہے اور وہاں کوئی جن تھا اس کا دھکا لگا ہے علامت
کاہلی بدن اور درد سر ہووے اور خواب میں بڑ ّائے اور آنکھیں سرخ ہوں صدقہ خاک
چار چوراہوں کی یا خاک مرگھٹ کی لیکر سفید بکری کے خون میں تر کرے اور ایک
چراغ ماش کے آٹے کا بناوے اور تھوڑا اسیندور اور تھوڑی ہلدی رکھ کر ان
سب چیزوں کو ایک کپڑے سیاہ میں باندھے اور کوری ہانڈی میں رکھ کر دریا میں
ڈالے اور ایک روٹی سوا پاؤ کی پکا کر روغن زرد اور شکر سوا پاؤ رکھ کر اور تھوڑی
چاندی اور سوا گز کپڑا سفید کسی کو دے۔ اور اگر لڑکا بیمار ہو جائے بیماری اس کی
صدمۂ دیو یا پری یا کھانے دہی یا دودھ یا نہانے سے ہے۔ علامت درد سر و زانو
اور آنکھوں سے پانی جاری ہوگا اور چہرہ زرد ہوگا اور دودھ نہ پیئے گا۔ تدبیر کوّے
یا مرغ کی دم کے بال لیکر جلاوے اور دھواں اس کا اس کے بدن پر پہنچاوے اور
کھیر پکا کر محتاج کو دیدے۔ شب جمعہ کو اگر بیمار ہو بیماری اس کی صدمۂ دیو یا پری
سے ہے۔ صدقہ روغن کنجد و دال ماش و دال نخود و دال مسور یا کوئی جانور سفید
یا سیاہ قدرے چاندی اگر ممکن نہ ہو تو ایک روٹی ڈھائی پاؤ کی روغن گاؤ میں تر کرے
اور شکر سفید ڈال کر اور کپڑا سفید اور ایک انڈا مرغ کا اور تازہ پانی محتاج کو دے
اور اگر کوئی شخص بیمار ہو اور دن بیماری کا معلوم نہ ہو تو بیمار اور اس کی ماں کے نام کے
اعداد نکال کر جمع کرے اور سات پر طرح دے اگر ایک باقی رہے روز شنبہ ہے اگر
دو بچیں روز یکشنبہ ہے اگر تین بچیں روز دوشنبہ ہے اگر چار بچیں روز سہ شنبہ ہے
اگر پانچ بچیں روز چہار شنبہ ہی اور اگر چھ بچیں روز پنجشنبہ ہے اگر سات بچیں روز جمعہ ہے

فصل ۷ عملیات اور تعویذات شفاء امراض میں

جب کوئی مرض میں مبتلا ہو تو اس شخص کو لازم ہے کہ سورۃ الحمد کو سنت اور فرض فجر کے درمیان بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم کو لام سے ملا کر ۴۱ بار چالیس دن تک برابر پڑھے اور پانی پر دم کرکے مریض یا مسحور کو پلائے بفضلہ شفا پاوے۔

ایضاً۔ سورہ فاتحہ کو چینی کی رکابی میں گلاب اور مشک اور زعفران سے لکھے اور دھو کر پلاوے بہت جلد شفا پاوے۔

ایضاً۔ جب کوئی بیمار ہو ختم یاسلام کا پڑھے ترکیب یہ ہے کہ اسم شریف یاسلام کو ایک لاکھ پچیس ہزار ایک جلسہ میں طاق آدمی ملکر بیٹھیں اور پڑھیں اور فاتحہ دیکر شیرینی تقسیم کریں اس اسم شریف کی برکت سے مریض بہت جلدی شفا پاوے مجرب ہے فقیر نے تجربہ کیا ہے

ایضاً۔ جو کوئی بیمار ہو یہ چھ آیتیں قرآن کی جنہیں آیات شفا کہتے ہیں بیمار کے واسطے ایک چینی کی رکابی پر معہ بسم اللہ اور سورۂ فاتحہ کے لکھ کر اور پانی میں دھو کر بیمار کو پلاوے آیات شفایہ ہیں وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۝ یَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَآءٌ ۝

ایضاً۔ جو کوئی بیمار ہو وہ اس رباعی شریف کو اول اور آخر درود کے ساتھ پڑھے خدا کے فضل سے شفا پاوے۔ رباعی

اے در صفت ذات تو حیراں کہ ومہ — وز ہر دو جہاں خدمت درگاہ تو بہ
علت تو ستانی و شفا ہم تو دہی — یارب تو بطفیل خویش بستاں و بدہ

ایضاً۔ یہ نقش سورۂ فاتحہ کا واسطے جملہ بیماریوں کے مفید ہے کاغذ یا چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر مریض کو پلاوے خدا کے حکم سے مریض شفا پاوے نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۲۳۴۰	۲۳۴۳	۲۳۴۶	۲۳۳۲
۲۳۴۵	۲۳۴۳	۲۳۳۹	۲۳۴۴
۲۳۴۴	۲۳۴۸	۲۳۴۱	۲۳۳۸
۲۳۴۲	۲۳۳۷	۲۳۳۵	۲۳۴۷

ایضاً۔ یہ نقش دعائے حزب البحر کا ہے اسکو لکھکر بیمار کے گلے میں ڈالے یا چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر اسکو پلاوے اور ہر ایک امر کے واسطے مفید ہے نقش یہ ہے ......

۷۸۶

۴۱۶۸۲	۴۱۶۸۵	۴۱۶۸۸	۴۱۶۷۵
۴۱۶۸۷	۴۱۶۷۶	۴۱۶۸۱	۴۱۶۸۶
۴۱۶۷۷	۴۱۶۹۰	۴۱۶۸۳	۴۱۶۸۰
۴۱۶۸۴	۴۱۶۷۹	۴۱۶۷۸	۴۱۶۸۹

ایضاً۔ یہ نقش تینوں قل کا ہے جو شخص اس نقش کو جمعہ کے دن بازو پر باندھے جمیع امراض سے محفوظ رہے وہ یہ ہے.......

ایضاً۔ یہ نقش اسم یاحفیظ و یاحیّ کا ہے جو کوئی بیمار کے داہنے بازو پر باندھے خدا کے فضل سے بیمار

۷۸۶

۳۵۴۰	۳۵۳۳	۳۵۴۶	۳۵۳۳
۳۵۴۵	۳۵۴۸	۳۵۳۹	۳۵۴۴
۳۵۳۵	۳۵۴۵	۳۵۴۱	۳۵۳۸
۳۵۴۲	۳۵۳۷	۳۵۳۶	۳۵۴۷

بہت جلد شفا پاوے اور جس کے پاس یہ نقش ہوگا جمیع صدمات سے بچا رہے گا۔ اول اعداد یا حفیظ کو مربع میں پُر کرے پھر اعداد یا حیّ کے مثلث میں لکھے نقش مکرم و معظم یہ ہے ....

۷۸۶

۲۴۹	۲۵۲	۲۵۵	۲۴۲
۱	۲		۷
۲۵۴	۲۴۳	۲۴۸	۲۵۳
۰		۹	۲
۲۴۴	۲۵۷	۲۵۰	۲۴۷
۵	۲		۶
۲۵۱	۲۴۶	۲۴۵	۲۵۶

ایضاً۔ یہ نقش متبرک سورۂ لقمان کا ہے عورت بیمار حاملہ کے گلے میں ڈالے یا جو شخص اپنے پاس رکھے گا اہل یقین سے ہوگا مجرب ہے وہ نقش مکرم و معظم یہ ہے ....

۷۸۶

۳۹۷۴۹	۳۹۷۵۲	۳۹۷۵۶	۳۹۷۴۳
۳۹۷۵۵	۳۹۷۴۴	۳۹۷۴۸	۳۹۷۵۳
۳۹۷۴۷	۳۹۷۵۸	۳۹۷۵۱	۳۹۷۴۶
۳۹۷۵۴	۳۹۷۴۶	۳۹۷۴۵	۳۹۷۵۷

ایضاً۔ یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے جب کوئی شخص بیمار ہو لکھکر اسکے گلے میں ڈالے خدا کے حکم سے مریض شفا پاوے مجرب ہے اور جو کوئی اپنے پاس رکھیگا سب آفتوں سے بچا رہیگا۔ نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۱۰۵۴۵	۱۰۵۳۸	۱۰۵۴۳
۱۰۵۴۰	۱۰۵۴۱	۱۰۵۴۴
۱۰۵۴۲	۱۰۵۴۶	۱۰۵۳۹

ایضاً۔ اس شکل کو لکھکر بیمار کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد شفا پاوے مجرب ہے۔ وہ یہ ہے ....

محمد محمد محمد محمد

ایضاً۔ حضرت اخی مولوی محمد اصغر علی غفرلہٗ نے فرمایا ہے کہ جو شخص برگ پان پر اس آیت کریمہ کو لکھے اور قبل آمد بخار کے مریض اس کو دیکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ بخار دور ہو جائیگا اور اگر آجائے تو بعد آجانے بخار کے اس پان کو کنویں میں ڈالے یہ عمل تین روز تک کرے وہ آیت کریمہ یہ ہے لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّ لَا زَمْهَرِیْرًا

ایضاً۔ حضرت اخی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ جب کسی شخص کو تپ ولرزہ آتا ہو پان یا برگ پیپل پر اس آیت کو لکھے اور برگ کو مریض دیکھے اگر خدانخواستہ بخار آوے تو برگ مذکور کنویں میں ڈالے اس کو اگر تین روز مریض دیکھے گا شفا پائے گا وہ آیت شریف یہ ہے قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ط ایضاً۔ واسطے تپ ولرزہ کے ان اسماء کو سفال آب نارسیدہ پر لکھکر مریض کے داہنے ہاتھ میں باندھے وہ اسماء شریف یہ ہیں۔ پہلے روز یا مُحِیْطُ دوسرے روز یا محیطط تیسرے روز یا محیططط اگر پہلے روز بخار نہ آوے تو پھر نہ باندھے ورنہ تین روز تک باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بخار دور ہوگا۔ ایضاً۔ جس شخص کو تپ اور لرزہ آتا ہو اس نقش کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے خدا کے فضل سے بہت جلد شفا پاوے مجرب ہے نقش مکرم و معظم

یہ ہے......

یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ
یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ	یاحافظ

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے تپ ولرزہ کے لہسن کے جوے پر اسم ذیل کو لکھکر ہاتھ میں باندھے تین بار میں دفع ہوگا باری اول رسم باری دوم سرسم باری سوم سراسیم مجرب و آزمودہ ہے۔ ایضاً۔ اس نقش کو واسطے تپ ولرزہ کے لکھکر گلے میں ڈالے یا ہاتھ میں باندھے یا پانی میں گھول کر پلاوے مریض صحت پاوے مجرب اور بارہا کا آزمودہ ہے نقش مکرم یہ ہے......

۴۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

ایضاً۔ اس نقش کو واسطے تپ کہنہ کے لکھکر بیمار کے گلے میں ڈالے خدا کے فضل سے مریض صحت پاوے نقش یہ ہے......

یا کبیکج	یا کبیکج	یا کبیکج
یا کبیکج	یا کبیکج	یا کبیکج

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے عارضہ صرع کے سورۂ سجدہ کو جو کوئی لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے بفضل خدا صرع سے محفوظ رہے۔ ایضاً جس شخص کو عارضہ صرع ہو اس تعویذ کو روز یکشنبہ کی اول ساعت شمس میں تختی مسی پر کندہ کرا کے گلے میں ڈالے صرع دفع ہوگی۔ ایک طرف تختی کے یَا قَہَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَہَّارُ اور دوسری طرف یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَہْرِ عَزِیْزٍ سُلْطَانَہٗ یَا مُذِلَّ لکھے نہایت مجرب ہے۔ واسطے دفع ہونے عارضۂ صرع کے ان حروف کو لکھکر پیشانی پر مصروع کی باندھے۔ ۷۸۶ کٓھٰیٰعٓصٓ بحق حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ۔ بحق اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ صرع فلاں بن فلاں دور شود۔ ایضاً جس کو صرع کا عارضہ ہو جاوے منگل کے دن ایک سفید مرغ لیکر ذبح کر کے اس کے خون سے اس نقش کو لکھکر مریض کے گلے میں ڈالے فلیح فلیح فلیح فلیح

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے عارضہ چیچک کے سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ اکتالیس آدمیوں سے حروف بے نقطہ اور حرف عین اور میم اور واؤ کشادہ لکھوا کر لڑکوں کے گلے میں ڈالے خدا کے فضل سے چیچک نہ نکلے مجرب ہے۔ ایضاً۔ جب عارضہ چیچک کا شروع ہو اس نقش کو لکھکر لڑکوں کے گلے میں ڈالے نقش یہ ہے......

بسم اللہ الرحمٰن	الرحیم ۵	الحمد للہ ۱۹	رب العلمین ۹۰
الرحمٰن الرحیم	مالک یوم الدین الرحمٰن الرحیم	ایاک نعبد ۱۲	وایاک نستعین ۹۳
اہدنا الصراط	المستقیم	صراط ۹	الذین ۹
انعمت علیہم ۳	غیر المغضوب ۶	علیہم ۴	ولا الضالین آمین ۱۰

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے چیچک کے شرف آفتاب میں لکھ کر بازو پر باندھے۔ نقش یہ ہے......

سلام ۱۳۱	قولا ۱۳۷	من رب ۲۹۲	الرحیم ۲۸۶
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۳	۱۳۶
۲۸۷	۲۶۰	۱۳۶	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۹

ایضاً۔ جب کسی کے چیچک نکلے اس نقش کو گھول کر مریض کو پلاوے خدا کے فضل سے صحت پاوے نقش یہ ہے:۔ ....

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

ایضاً۔ جب ہیضہ کی شدت ہو اس نقش کو گلے میں ڈالے بجائے فلاں کے نام اس شخص کا لکھدے جس کے پاس یہ تعویذ ہوگا سوائے موت کے سب آفات سے محفوظ رہے گا مجرب ہے نقش یہ ہے ....

۷۸۶

حمعسق	یابدوح	کھیعص
یاحفیظ	یاحفیظ	یاحفیظ
یاحفیظ	یاحفیظ	یاحفیظ
یاحفیظ	یاحفیظ	یاحفیظ
فلاں	یابدوح	یاالٰہی بحرمۃ

ایضاً۔ جس شخص کے سر میں درد ہو اس تعویذ کو لکھکر اپنے سر میں باندھے وہ یہ ہے مھصعمھسکھوف

ایضاً۔ واسطے درد نیم سر کے اس تعویذ شریف کو ماہ رمضان کے آخر جمعہ کی نماز کے بعد رو بقبلہ بیٹھ کر لکھے اور جب کسی کے آدھے سر میں درد ہو تعویذ سر میں باندھے مرض سے بہت جلد شفا پاوے مجرب ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط اَلَمۡ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیۡفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوۡ شَآءَ لَجَعَلَہٗ سَاکِنًا ثُمَّ جَعَلۡنَا الشَّمۡسَ عَلَیۡہِ دَلِیۡلًا ثُمَّ قَبَضۡنٰہُ اِلَیۡنَا قَبۡضًا یَّسِیۡرًا ٥ ایضاً۔ جس شخص کے سر میں درد ہو داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے دونوں طرف کی کنپٹی کو پکڑے اور الحمد پڑھے اور انگلیوں کو ذرا ذرا کھسکاتا جاوے یہانتک کہ دو انگلیاں پیشانی پر لاکر بعد ختم الحمد کے مل جاویں اسی طرح تین بار کرے انشاء اللہ جلد درد دور ہوگا مجرب ہے۔ ایضاً۔ واسطے درد سر کے اس نقش کو لکھ کر باندھے۔ وہ نقش یہ ہے ....

۲۷	۳۰	۲۹	۲۶
۲۲	۳۱	۳۲	۳۷
۴۲	۳۵	۳۴	۳۱
۲۹	۳۴	۲۷	۴۰

ایضاً۔ واسطے درد سر کے اس نقش کو لکھ کر سر پر باندھے وہ یہ ہے ... ایضاً۔ جس شخص کی ناک سے خون جاری ہووے اسی خون سے اس کی پیشانی پر لکھے انشاء اللہ تعالیٰ خون بند ہو جاوے گا وہ یہ ہے

دم دم طلح طلح کلم کلم کلم طلح مجرب ہے۔

ایضاً۔ جس شخص کی ناک سے خون جاری ہو اس شکل کو اس کی پیشانی پر اسی خون سے لکھے مجرب ہے وہ یہ ہے ....

اے خون بگناہ مادرے کہ
دختر مار البحرلیف بریاست

ایضاً۔ جس شخص کو ضعف بصر ہو یا آنکھیں دکھتی ہوں اس آیۃ کریمہ کو تین بار بعد نماز پنجگانہ کے پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے انشاء اللہ آنکھ دکھنے سے محفوظ رہے گی اور

اور بینائی تیز رہے گی فَکَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۔ ایضاً۔ جس شخص کی آنکھیں دکھتی ہوں اس دعا کو پڑھ کر دم کرے اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِبَصَرِيْ وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ دَادِنِيْ فِي الْعَدِ وَدِثَارِيْ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ ۔ ایضاً۔ جو شخص سات مرتبہ ہر روز اس کو پڑھے گا آنکھیں درد نہ کریں گی اور قوت بصر زیادہ ہو گی یَرْقَا یَرْقَا بِرِیْقَا۔ ایضاً۔ واسطے درد چشم کے لکھکر اس نقش کو آنکھ پر باندھے نقش یہ ہے..

۷۸۶	
محمد	احمد
مصطفیٰ	مرتضیٰ

ایضاً۔ جس شخص کی داڑھ یا گلو میں یا جہاں کہیں درد ہووے اس نقش مکرم کو باطہارت لکھے اور دھو کر پیے درد فوراً موقوف ہو گا اکثر لوگوں نے تجربہ کیا ہے نقش یہ ہے....

یا خبیر ۱	یا حی ۹	یا احد ۴
یا کبیر ۷	یا بصیر ۵	یا لطیف ۳
یا باری ۶	یا جلیل ۲	یا قدیر ۸

ایضاً۔ واسطے شب کوری کے اس نقش کو چہارشنبہ کے دن لکھے اور بازو پر باندھے خدا کے حکم سے صحت ہو گی نقش یہ ہے...

دو	حاضروار	راوہ	دھا ۱۲	ران ما	وادم	طللہ
۶۶۲	دلوما	حاط	ھدن	من رمان	ھدن	ھفت
وبحق	لا	الٰہ	الا	اللّٰہ	محمد	رسول اللّٰہ
بحق	توریت	وبحق	انجیل	بحق زبور	بحق فرقان	فرض اللّٰہ

ایضاً۔ جب کسی کی گردن میں درد ہو تو اس آیہ کریمہ کو مع نقش لکھ کر گلے میں باندھے درد دفع ہو بے چینی رفع ہو۔ آزمودہ ہے تجربہ ہوا ہے آیت و نقش شریف یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُوْنَ ....

۳۸۱۱	۳۸۰۴	۳۸۰۹
۳۸۰۶	۳۸۰۸	۳۸۱۰
۳۸۰۷	۳۸۱۲	۳۸۰۸

ایضاً۔ جب کسی کے کان میں درد ہو اس آیہ کریمہ کو لکھکر کان میں باندھے درد کم ہو جائے گا۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ فِيْۤ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۔ ایضاً۔ جب کسی کے دل میں درد ہو یا ہولدل ہووے اس نقش کو دو کاغذ پر لکھے ایک گلے میں ڈالے اور دوسرا گھول کر پیئے انشاء اللّٰہ تعالیٰ صحت ہو گی وہ نقش یہ ہے..........

لاحول	ولاقوۃ	الاباللّٰہ	العلی العظیم
العلی العظیم	الاباللّٰہ	ولاقوۃ	لاحول
ولاقوۃ	لاحول	العلی العظیم	الاباللّٰہ
الاباللّٰہ	العلی العظیم	لاحول	ولاقوۃ

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے ہول دل اور درد دل کے اس نقش مکرم کو بروز جمعہ قبل طلوع آفتاب کے سات دن تک بلاناغہ لکھے۔ اول روز دو نقش لکھے ایک کو گلے میں ڈالے اور دوسرے کو گھول کر پیئے اور ہر روز ایک تعویذ گھول کر پیا کرے خدا کے فضل سے شفا ہو گی مجرب ہے۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے..........

۲۲۲۴	۲۲۳۸	۲۲۳۵	۲۲۳۱
۲۲۳۶	۲۲۳۰	۲۲۲۵	۲۲۳۷
۲۲۲۹	۲۲۲۳	۲۲۴۰	۲۲۲۶
۲۲۳۹	۲۲۲۷	۲۲۳۸	۲۲۳۴

ایضاً۔ جس شخص کے درد دل یا خفقان ہو وے ان دونوں نقش مکرم کو باطہارت لکھکر بخلوص نیت کچے سوت میں باندھ کر دل پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ہولِ دل موقوف ہو گا دونوں نقش یہ ہیں۔.........

۱ ۷۸۶

۱۵۳	۱۵۷	۱۶۰	۱۴۶
۱۵۹	۱۴۷	۱۵۲	۱۵۸
۱۴۸	۱۶۲	۱۵۵	۱۵۱
۱۵۶	۱۵۰	۱۴۹	۱۶۱

۲ ۷۸۶

۱۹۲۵	۱۹۲۰	۱۹۲۷
۱۹۲۶	۱۹۲۴	۱۹۲۲
۱۹۲۱	۱۹۲۸	۱۹۲۳

ایضاً۔ جس عورت کی چھاتیوں میں درد ہو اس دعا کو مٹی پر پڑھ کر دم کرے اور اس کو ملے درد رفع ہو گا اِنی مِتی مِہامِتی سَرجی دَوشُ وَاِائی بَیہ دَالبَس تائی اَسُت وَن دَست وَن اِسمہوُن آس بَلاکس ایضاً۔ واسطے درد پشت کے اس آیہ کریمہ کو لکھکر پشت پر باندھے درد دور ہو گا۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ہ یَخرُجُ مِن م بَینِ الصُّلبِ وَالتَّرَآئِب آخر آیت تک بِرَحمَتِکَ یَا اَرحَمَ الرَّاحِمِینَ ہ

ایضاً۔ جس عورت کے دودھ کم ہو گیا ہو سورۂ حجرات کو زعفران سے لکھے اور دھو کر عورت کو پلاوے، دودھ بہت ہو گا۔ ایضاً جس عورت یا گائے یا بکری کا دودھ کم ہو گیا ہو طشت مسّی بغیر قلعی لے کر طشت کو خوب دھووے اور پھر اس طشت پر اس آیۃ کریمہ کو لکھے اور دھو کر پلاوے دودھ بہت ہو گا آیۃ کریمہ یہ ہے

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ ہ ثُمَّ قَسَت قُلُوبُکُم مِن بَعدِ ذٰلِکَ آخر آیۃ تک۔

ایضاً۔ واسطے زیادہ ہونے دودھ کے سورۂ یٰسین کو کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر پلاوے یا نمک پر پڑھ کر کھلاوے ایضاً واسطے زیادہ ہونے دودھ کے اس نقش کو لکھ کر چھاتی پر باندھے نقش یہ ہے..

ایضاً۔ اس نقش کو واسطے دردِ شکم کے باندھے انشاء اللہ تعالیٰ درد بہت جلد دور ہو گا۔ ایضاً۔ واسطے دردِ شکم اور بند ہونے خون شکم کے اس تعویذ کو لکھکر شکم پر باندھے۔ نفع ہو گا اور شفا بخشے گا وہ تعویذ یہ ہے..........

۸	۱۹	۱۴	۱
۳	۴	۱۷۵	۱۴
۱۴	۷	۱۲	۱۳
۱۰	یس	۹	۱۶

نقش یہ ہے۔

۱۲۰ رد	۱۱۲ د	۱۲۵ ب
۳	۲۱۹	۲۱ ع
۱۲۰	۳۰۸	۹۱۳ ۷۵۸

ایضاً۔ جس شخص کو بدہضمی کا عارضہ ہو یہ دعا تین بار پیٹ پر دم کرے اور ہاتھ سینہ اور پیٹ پر پھیرے وہ دعا یہ ہے۔ الیلۃ الیلۃ عبدی یا کوشی رضی اللہ تعالیٰ عن سیدی الوعبدی اللہ القرشی مجرب ہے۔ ایضاً۔ اس نقش کو واسطے طحال کے چہار شنبہ کو لکھ کر کچے سوت میں باندھ کر طحال پر باندھے طحال دفع ہو گی

۱۵۵۵	۱۵۵۰	۱۵۵۷
۱۵۵۶	۱۵۵۴	۱۵۵۲
۱۵۵۱	۱۵۵۸	۱۵۵۳

یہ ہے ۱۵ دم ۱۱ لالا ع لالا ۱۱ لا ۱۱

ایضاً۔ واسطے دور ہونے طحال کے اس نقش مکرم کو عروج ماہ میں روز چہار شنبہ کو لکھے اور طحال پر باندھے نقش یہ ہے۔.........

۷۸۶

مح مرو	مادمدومد	حماح ح
وعد مح	مادمدومد	محی ماح ح
مح مدمد	مرمر و	ساماوطال
اطا مح	مر و	ساماہ وما

ایضاً۔ واسطے درد گردہ کے اس نقش مکرم کو لکھے اور کی کمر میں باندھے وہ نقش یہ ہے۔.........

۷۸۶

۸	۶	۱۴	۲
۲	۱۴	۱	۰
۶	۸	۲	۱۴
۱۴	۲	۸	۶

ایضاً۔ جس شخص کی ناف ٹل جاوے دختر نابالغہ سے سات تار کچے سوت کے کتوا کر اور اس شکل کو کاغذ پر لکھ کر سوت میں باندھ کر اس سوت کو ناف پر باندھے اور بعد صحت کے اس ڈورے کو کھول کے دریا میں ڈالے وہ یہ ہے:.........

ایضاً۔ جس شخص کی ناف ٹل جاوے اس نقش کو لکھکر ناف پر باندھے وہ نقش یہ ہے۔.........

۷۸۶

۸	۶۷۵	۶۱۱	۹
۶۸	۳	۶	۶۸۵
۲	سما ۲۸	سا ۷ ع	ع ۵
۶۷	۲	۴	۶۱۱۱

ایضاً۔ واسطے درد کمر کے اس تعویذ کو کاغذ پر لکھے اور سیاہ تاگے میں باندھ کر کمر میں باندھے درد موقوف ہو جائے گا۔ وہ یہ ہے۔.........

علیحہ علیحہ یاغفور علیحہ علیحہ یاغفور علیحہ علیحہ یاغفور

ایضاً۔ جس شخص کی انت اُترتی ہو اس نقش کو زیر ناف باندھے وہ یہ ہے۔.........

۷۸۶

۲۵۵	۲۶۱	۲۵۱
۲۶۲	۲۵۸	۲۵۴
۲۵۷	۲۵۶	۲۶۱

ایضاً۔ جب کسی کو سنگ مثانہ ہو جائے تو اس نقش کو لکھ کر گھول کر پلاوے خدا کے فضل سے مریض بہت جلد شفا پاوے مجرب ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔.........

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

ایضاً۔ جب کسی آدمی یا جانور کا پیشاب بند ہو جاوے تو ہاتھوں اور پاؤں پر ایک ایک اسم لکھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پیشاب کھل جاوے گا مجرب ہے۔ اسماء مکرم و معظم یہ ہیں۔ عیطش عیطوش عشت۔ ایضاً۔ جس شخص کے زیر ناف درد ہو اس آیۃ کریمہ کو ستر بار پڑھ کر روغن پر دم کر کے تین روز درد پر طلاء کرے صحت ہو گی۔ آیۃ یہ ہے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ۔ واسطے دفع ہونے بواسیر کے اس دعا کو ہر روز کاغذ پر لکھکر گھول کر پیوے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط قُوۡسٍ قُوۡسٍ مَنۡقُوۡسٍ۔ لَا یَرَوۡنَ

فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے عارضۂ بواسیر جس کو بواسیر ہو اس کو چاہیئے کہ ہفتہ کے دن عروج ماہ میں ایک دانہ لاکھ کا لے کر اول آخر درود شریف پڑھے اور مع بسم اللہ ۲۱ مرتبہ آیت صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ کو پڑھ کر دانے پر دم کرے اور کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر دور ہو جائے گی۔ جس شخص کو بواسیر خونی ہو یا بادی اس شکل کو بروز یکشنبہ لکھ کر بائیں ہاتھ میں باندھے شکل یہ ہے...

	۵	
۵	۵۵۵	۵
	۵	

ایضاً۔ جس شخص کو عارضہ بواسیر کا ہو آخری چہار شنبہ کو بوقت طلوع آفتاب اس تعویذ کو لکھے چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے پہنے انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر دفع ہو جائے گی وہ تعویذ مکرم یہ ہے الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ۔ الٓرٰ۔ الٓمٓرٰ۔ کٓهٰیٰعٓصٓ۔ طٰهٰ۔ طٰسٓمٓ۔ طٰسٓ۔ یٰسٓ۔ صٓ۔ قٓ۔ نٓ۔

ایضاً۔ جو کوئی عورت بانجھ ہو ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے وہ یہ ہے وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا پھر اس تعویذ کو عورت کی گردن میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے بچہ پیدا ہوگا۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ ایضاً۔ جو عورت بانجھ ہو فیروزہ کے نگینے پر اس آیت کریمہ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ کو کھدوا کر انگوٹھی ہاتھ میں پہنے اور جب ہاتھ میں پہن کر آدھی رات گذرے اول آخر درود شریف پڑھ کر اس آیت کریمہ کو گیارہ بار باطہارت پڑھ کر خلوص نیت سے ہر روز بلاناغہ ۴۰ روز تک پڑھے خدا چاہے گا تو درمیان ۴۰ روز کے حمل قرار پاوے گا نہایت مجرب ہے

ایضاً۔ جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر دھو کر پلاوے

۵	۱۲	۱
۲	۶	۱۰
۱۱	یا نجی	۷

شکل معظم یہ ہے ۱۱۲۱۱۹۶۵۱۱۶۱۹۸۸۶۷۱۱ ایضاً۔ جو عورت بانجھ ہو اس تعویذ کو باندھے ...

قاعدہ اگر کسی شخص کو دریافت کرنا منظور ہو کہ فرزند ہونے میں قصور عورت کا ہے یا مرد کا تو چاہیئے کہ مرد اور عورت کے نام کے اعداد بحساب ابجد لکھے اور پھر دونوں کو طرح دے کر اگر عدد جفت باقی رہیں تو قصور عورت کا ہے

ایضاً۔ جس عورت کا حمل خام گر پڑتا ہو تو وہ سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور عورت کو پلاوے یا سات تار کچے سوت کے لیکر اس پر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور ایک ایک مرتبہ گرہ دیوے اور عورت کی کمر میں باندھے خدا کے فضل وکرم سے حمل برقرار رہے گا مجرب ہے

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے دردزہ کے یہ شعر مجرّب ہے لکھ کر عورت کی داہنی ران پر باندھے خدا کے فضل سے دردزہ دور ہوگا فرزند پیدا ہوگا ۔

مراجائے شد خر مراجائے شد　　　توخواہی بزائی وتوخواہی مزائے

ایضاً۔ مولانا محمد اصغر علی قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا کہ جب کسی عورت کو دردزہ شدید ہو اس آیت کریمہ کو کاغذ پر لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھے وہ آیت شریف یہ ہے وَاَلْقَتْ مَا فِیْہَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّہَا وَحُقَّتْ اَہْیًا وَاَشْرَاہِیًا جب بچہ پیدا ہوجاوے کھول ڈالے۔

ایضاً۔ جس عورت کو دردزہ کی بہت شدت ہو اور لڑکا نہ ہوتا ہو اس نقش کو عورت کی بائیں ران میں باندھے۔ بہت جلد لڑکا ہوگا نقش یہ ہے..........

۲۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	ع	۱۵

ایضاً۔ جس عورت کو حیض بشدت آتا ہو اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھکر عورت کی بائیں ران میں باندھے۔ خدا کے فضل سے خون بند ہوجائے گا وہ نقش بزرگ یہ ہے.......

۷۵	۳۳	۱۳۰
۲۵۴	۲۶	۱۵

۲۷۶　یا قابض　۵۴۶

ایضاً۔ جس شخص کو احتلام خواب میں زیادہ شدت سے یا ہر شب ہو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور یا علی تین مرتبہ اپنے سینہ پر اور یا عمر ایک بار اپنے کلمہ کی انگلی سے اپنی ناف پر لکھکر سورہے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام ہرگز نہ ہوگا نہایت مجرب المجرب ہے صرف یا عمر بطریق مذکور لکھدے پھر بھی احتلام نہیں ہوتا۔ اور بارہا کا آزمودہ ہے۔

ایضاً۔ جو کوئی سورۂ یٰسین پڑھ کر سورہے گا خواب میں احتلام ہرگز نہ ہوگا۔

فصل ۱۸ متفرقات میں

کتاب مفاخر الاسلام میں لکھا ہے کہ جس شخص کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی برکت حاصل کرنا منظور ہووے تو ایک ہزار بار یہ درود شریف جمعہ کے روز پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔ انشاء اللہ تعالیٰ شرف رویت سے مشرف ہوگا اور اگر اس جمعہ کو محروم رہے تو دوسرے جمعہ کو پڑھے اسی طرح پانچ جمعہ تک پڑھتا رہے بفضلہ تعالیٰ شرف زیارت سے مشرف ہوگا۔

ایضاً۔ واسطے زیادہ ہونے حافظہ کے ان آیات کو روٹی کے ٹکڑے پر پڑھ کر نہار منہ کھاوے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ زیادہ ہوگا اس ترتیب سے لکھے روز شنبہ فَتَعَالَی اللّٰہُ الْمَلِکُ الْحَقُّ۔ روز یکشنبہ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا روز دوشنبہ سَنُقْرِئُکَ فَلَا تَنْسٰی روز سہ شنبہ اِنَّہٗ یَعْلَمُ الْجَھْرَ وَمَا یَخْفٰی روز چہارشنبہ لَا تُحَرِّکْ بِہٖ لِسَانَکَ لِتَعْجَلَ بِہٖ روز پنجشنبہ اِنَّ عَلَیْنَا جَمْعَہٗ وَقُرْاٰنَہٗ روز جمعہ فَاِذَا قَرَاْنٰہُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَہٗ

مؤلف کو ایک درویش نے اجازت دی ہے اور فقیر مؤلف نے اپنے سب بھائی مسلمانوں کو اجازت دی بخوشی تمام۔ اللہ تعالیٰ سب کے مقصد پورے کرے

ایضاً۔ واسطے زیادہ ہونے فہم اور حافظہ کے ان آیات کریمہ کو اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ مرتبہ بعد ہر نماز کے پڑھے آیت کریمہ یہ ہے رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي ۔ عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۔ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا

ایضاً۔ اگر کوئی سفر کرے یا پیرنے جائے اس مربع کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا ہرگز نہ تھکے گا اور قوت زیادہ ہوگی وہ نقش معظم یہ ہے..........

مقتدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	مقتدر	قوی
قادر	قائم	قوی	مقتدر
قوی	مقتدر	قادر	قائم

ایضاً۔ تفسیر معانی میں لکھا ہے کہ جب مکھی مچھر ایذا دیں تھوڑا دریا کا بالو ریت لے کر ان آیات کو پڑھے اور اُسے گھر میں چھڑک دے مکھی مچھر وغیرہ دور ہوں گے آیات کریمہ یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۔ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ط واستودع اللّٰه دینك ومالك و زوجك

ایضاً۔ کتاب مفتاح الجنان میں لکھا ہے کہ جب کھٹمل بہت ہو جائیں اور لوگوں کو ستائیں تو چاہیئے کہ تھوڑا نمک لے کر اور پانی میں گھول کر گھر میں چھڑکیں اور یہ دعا پڑھیں ایک ہفتہ میں کھٹمل انشاء اللہ سب دور ہو جاویں گی دعائے بزرگ یہ ہے بِحَقِّ اَهْيًا اَشْرَاهِيًا اَدُوْنِي اَصْبَاؤُتُ وَبِحَقِّ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ الْقَيُّوْمِ

ایضاً۔ واسطے دفع چیونٹیوں کے اس آیت کو پانی پر پڑھ کر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالے وہ آیت کریمہ یہ ہے۔ حَتّٰی اِذَآ اَتَوْا عَلٰی وَادِ النَّمْلِ[1] آخر تک یہ عمل بھی مفتاح الجنان میں لکھا ہے۔ ایضاً۔ جس کسی کو بچھو سانپ یا بسکھپرہ یا اور کوئی جانور زہردار کاٹے تو چاہیئے کہ اس دعا کو سات بار پڑھ کر قند سیاہ پر دم کرے اور گزیدہ کو کھلائے یا شربت بنا کر پلا دے بفضل خدا بہت جلد صحت پکڑے اور وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الصَّيْحَةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَقْرَبٍ وَحَيَّةٍ ۔ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ایضاً۔ جس شخص کو بچھو کاٹے تین مرتبہ اس منتر کو پڑھ کر دم کرے زہر دفع ہوگا۔ منتر مجرّب یہ ہے۔ " کالا بچھو بھو کنا بچھو دار زہری سونے کا ناگوار دھا الیسر بناوے اتنز بچھو خواجہ معین الدین چشتی کی آن

ایضاً۔ جس کو کتا کاٹے ایک چلو بھر پانی لیوے اور اس افسوں کو تین بار پانی پر دم کرے اور پلاوے وہ یہ ہے۔ کالی ناگن چھپ کر کے الالنس کو کھاوے کارے کتے اور سیاہ

[1] یہ سورۂ نمل میں ہے ۱۲

کاٹے مرے پانی جاوے۔ ایضاً۔ واسطے دفع کل زہروں کے اس آیت کو ڈھول پر لکھے اور اس کو بجائے آیت یہ ہے لُعِنَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اِلٰی آخر الآیۃ
ایضاً۔ اگر کسی جگہ آگ لگی ہو تو اسمائے اصحاب کہف پیالے پر لکھ کر آگ میں ڈالے آگ فوراً بجھ جائے گی اور وہ اسماء یہ ہیں الٰہی بِحُرْمَۃِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلِمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ آذَرْ فَطْیُوْنُسْ تَبْیُوْنُسْ یُوَانِسْ یُوَانِسْ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرُ
ایضاً۔ اگر پانی نہ برستا ہو اور کھیت وغیرہ میں حرج ہو تو ایک کاغذ پر باطہارت اسمائے اصحاب کہف لکھ کر دریا میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ پانی ضرور برسے گا مجرب اور آزمودہ ہے
ایضاً۔ واسطے پانی برسنے کے ۱۴ بار حرف و کاغذ پر یا کسی تختی سفید پر لکھے اور درخت پر لٹکائے تاکہ ہوا اس کو جنبش دے انشاء اللہ تعالیٰ ابر غیب سے نمودار ہوگا اور برسے گا جب پانی بہت برسے تو زراعت اور مکانات کو نقصانات ہوں تو ۱۴ بار حرف ق کو کاغذ سفید پر لکھے اور درخت سبز میں لٹکا دے پانی برسنا موقوف ہوگا مجرب ہے
ایضاً۔ کتب احادیث میں تحریر ہے کہ پہلی رات کا چاند جب دیکھے تو کہے اللہ اکبر اور یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ۔ ایضاً۔ مقصود العاشقین وغیرہ میں لکھا ہے کہ جب پہلی رات کا چاند دیکھے تو بعد دعائے ہلال کے سورۂ فاتحہ مع تسمیہ ۳۳ بار پڑھے مہینہ بھر آفات اور بلیات سے محفوظ رہے گا اور بعض روایتوں میں پڑھنا یٰسین کا ایک بار آیا ہے
ایضاً۔ جب کوئی نیا کپڑا قطع کرے تو ان دنوں کا لحاظ کرے چنانچہ کتاب زاد المتورعین وغیرہ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس کو کسی شاعر نے نظم کیا ہے

بریدن جامہ نو را تو مبداں	بہ یک شنبہ شوی غمگین پریشان
کشاید رزق و روزی در دو شنبہ	بدرد یا بسوزد در سہ شنبہ
بروز چار شنبہ شاد باشی	بہ پنج شنبہ زغم آزاد باشی
بروز جمعہ گنج و مال یابی	بہ شنبہ رنج و غم فی الحال یابی

ایضاً۔ جب کوئی نیا کپڑا استعمال کرے تو ان اشعار کے موافق دیکھ کر عمل کرے۔

بہ شنبہ می بود نقصان حاجت	بہ یک شنبہ بود دولت و راحت
دو شنبہ را چو پوشی مرگ بینی	سہ شنبہ سوزد و غمگیں نشینی
بروز چار شنبہ دولت آید	بہ پنجشنبہ لبے زیبا نماید
بروز جمعہ دنیا و دیں بیابند	چنیں تعبیر حکمایاں نہا وند

ٔ بہ سورۂ مائدہ میں ہے ۱۲

ایضاً حصن حصین میں ہے کہ جب کوئی نیا کپڑا پہنے تو یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِہٖ وَخَیْرِ مَا ھُوَلَہٗ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّہٖ وَشَرِّ مَا ھُوَ لَہٗ
ایضاً۔ جب بادل گرجے تو کہو یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مِنْ خِیْفَتِہٖ
ایضاً جس وقت چھلاوہ دکھائی دیوے پکار کے اذان کہے اور آیۃ الکرسی پڑھے
ایضاً۔ جب آندھی چلے تو اس وقت قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھے[1]
ایضاً۔ جب چاند گہن یا سورج گہن ہو تو دعا مانگے اور تکبیر کہے اور نماز پڑھے اور صدقہ دے[2]
ایضاً۔ جب لیلۃ القدر کی علامتیں دیکھے تو یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ۔ ایضاً جب کوئی قرض میں مبتلا ہو جاوے تو کہے اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔ ایضاً جب قرض میں پھنس جاوے اور صورت ادا کرنے کی نہ ہو تو یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ۔

ایضاً۔ جس شخص کے کان میں درد ہو اور نہایت تکلیف اور بے چینی ہو یہ آیت کریمہ کَاَنْ لَّمْ یَسْمَعْھَا کَاَنَّ فِیْ اُذُنَیْہِ وَقْرًا آخر تک پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد فوراً رفع ہوگا۔ ایضاً۔ جس شخص کے کان میں درد سے تکلیف اور ایذا بہت ہو تو کوئی شخص یا سمیع پڑھ کر اس کے کان میں دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔
ایضاً۔ جس شخص کو کھانسی خشک ہووے روغن چنبیلی پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف کے دم کرے اور اول آخر درود شریف پڑھ کر دم کرے اور مریض اس روغن کو اپنے گلے میں بعد نماز عشاء کے لگاوے انشاء اللہ تعالیٰ شفا پائے گا۔
ایضاً۔ کتاب مقصود العاشقین میں لکھا ہے کہ اطراف مصر میں ایک بزرگ رہتے تھے جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا اور پیمانہ عمر لبریز ہو کر چھلکنے پر آیا فرمایا کہ دوات لاؤ اور قلم لاؤ ایک دعا مجھ کو یاد ہے اس کو لکھا اور تعلیم فرمائی کہ میں ہمیشہ اس دعا کو واسطے درد دنداں کے پڑھا کرتا تھا اور بعنایت پڑھا کرتا تھا ہوتی تھی۔ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ اللہ لا الٰہ الا ھو رب العرش العظیم۔ اسکن کٓھٰیٰعٓصٓ ذکر رحمۃ ربک عبدہ زکریا۔ اسکن الذی سکن لہ ما فی السموات وما فی الارض وھو السمیع العلیم ط

[1] نقل کی ابوداؤد نے ۱۲ [2] نقل کی یہ بخاری اور مسلم اور ابوداؤد اور نسائی نے ۱۲

متفرّق نسخہ جات

نسخہ مُنہ آنے کا:- گاؤزبان سوختہ ایک ماشہ، کباب چینی ایک ماشہ کتھ سفید دو ماشہ زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ، طباشیر کبود ۳ ماشہ، دانہ الائچی کلاں ایک ماشہ، خشک کوٹ چھان کر منہ میں چھڑکیں۔

نسخہ حریرہ مقوی دماغ:- نشاستہ گندم ایک تولہ، نخود بریاں ایک تولہ، مغز پنبہ دانہ ایک تولہ، تخم خشخاش سفید ۹ ماشہ، شیرہ مغز بادام ایک تولہ، مغز تخم کدو شیریں ۹ ماشہ مغز تخم کاہو مقشر ۹ ماشہ، نبات سفید ۲ تولہ، مسکہ ملا کر بدستور حریرہ تیار کریں۔

نسخہ استحکام و درد دنداں:- چوب جامن سوختہ ۵ تولہ۔ سوہن مکی ۲ ماشہ سنگجراہت ۲ ماشہ، مصطگی رومی ۲ ماشہ، مرچ سیاہ ۲ ماشہ کتھ سفید ۲ ماشہ، شب یمانی بریاں ۶ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر منجن تیار کریں۔ یہ سفوف درد دنداں کو بہت مفید اور زود اثر ہے

نسخہ واسطے بصارت کے:- جس شخص کو دکھائی نہ دیتا ہو اس نسخہ کو تیار کر کے استعمال کرے انشاءاللہ تعالیٰ نفع پہنچے گا۔ نسخہ یہ ہے۔ فلفل سوختہ ایک عدد قرنفل سوختہ ایک عدد توتیائے بریاں ایک ماشہ، رسوت ۱ ماشہ، پھٹکری بریاں دو ماشہ ہلیلہ زرد ایک عدد ان سب کو جست کے پیالے میں نیم کے ڈنڈے سے حل کر کے تیار کریں بہت مفید ہے شب کو سوتے وقت دو سلائی آنکھوں میں لگائے

ایضاً۔ جس شخص کی آنکھ میں پھلی ہو یہ نسخہ تیار کرے۔ روغن خالص کو نیل برگ نیب ایک ایک تولہ صابن ولائتی ۲ تولہ باریک کر کے چھانے اور روغن مذکور میں حل کر کے حسب دستور استعمال کریں۔ خدا کے فضل سے بہت فائدہ ہوگا

ایضاً۔ جس شخص کے آدھے سر میں درد ہوتا ہو تو ادرک، سونٹھ اور شہد کو تھوڑے گھی میں ملا کر تین قطرے ناک میں ٹپکا وے اور دھوپ میں بیٹھے انشاءاللہ صحت ہوگی

ایضاً۔ جس شخص کے کان میں درد ہو برگ سکھدرسن کو آگ پر سینک کر عرق اس کا کان میں نچوڑے بہت مفید ہے۔

ایضاً۔ جس شخص کو تپ و لرزہ آتا ہو، مغز کر نجوہ باریک پیس کر قند سیاہ میں ملا کر موافق جنگلی بیر کے گولیاں بنا وے اور قبل آمد بخار کے مریض کو کھلاوے انشاءاللہ تعالیٰ مریض کو کامل صحت ہو جاوے گی

مُجرّباتِ سُلیمانی

معروف بہ

نقشِ سُلیمانی

حصہ دوم

تالیف

عامل باکمال حضرت خواجہ اشرف علی صاحب لکھنوی

ناشر

جے ایس سنت سنگھ اینڈ سنز تاجران کتب چوڑیوالان دہلی ۶

قیمت 3/50

بسم	الله	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	الله	بسم
الله	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	الله

الحمدُ لِلّٰہ الذی نزل القران معجزًا وشفاءً للمؤمنین وقد زاد الخسران بہ للکفرۃ والظّالمین والصّلوٰۃ علےٰ رسولہ الذی خلقہ رحمۃ للعلمین واعطی فی لسانہ در یقہ و ممسوحات جسدہ الشریف المنیف اعجاز الشفاء المرضاء وانجاح مآرب لطالبین و علےٰ الہ واصحابہ الذین اسماؤھم احراز عظیمہ ورقاء کریمۃ لاندفاع مفاسد لمردۃ الشیاطین

بعد حمد وصلوٰۃ کے بندۂ گنہگار بیجد ابو سلیمان ظہیر الدین احمد المدعو بہ خواجہ محمد اشرف علی لکھنوی ثبتہ اللہ علی الصراط السوی مشتاقان عملیات اور شائقان تعویذات کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ مجھ کو سن شعور سے عمل پڑھنے اور تعویذات لکھنے کا شوق رہا بعض ارباب کشف وکرامات واکثر صاحبان حق پرست وخوش اوقات کی خدمت میں حاضر ہو کر استفادہ حاصل کرتا رہا چنانچہ مشائخان طریقت اور کاملان فن شریف ہذا سے اعمال صحیح الاسناد اور احراز قابل اعتماد جنکے اسناد بہمہ وجوہ درست ہیں اسقدر ملے کہ فقیر کے پاس خزینۂ عمل اور گنجینۂ تعویذ جمع ہو گیا تو فقیر کو یہ خیال آیا کہ اس خزانہ کو پوشیدہ رکھنا حاجتمندوں پر ایثار نہ کرنا بخل ہے البخیل عدو اللہ ولو کان زاھدًا کا مصداق بننا خوب نہیں۔ اب اس ذخیرہ سے کچھ لیکر بندگان خدا کی نظر کیجیے بنظران وجوہ کے اس سے ۱۲۸۸ھ میں ایک رسالہ موسوم بہ نقش سلیمانی لکھا اور عنایت خدائے کریم سے وہ ایسا مطبوع طبع اصحاب بصیرت اور ارباب عبرت ہوا کہ متعدد بار چھپا بعد مرور ایک زمانہ ممتد کے بعض نقوش واعمال جو مجھے اپنے تجربہ سے حاصل ہوئے ان کا بھی اظہار کرنا بندگان خدا کو ان سے منافع عظمیٰ کا پہونچانا ضروری جان کر اب رسالہ ہذا کی تدوین پر کمر ہمت باندھی تھوڑے دنوں میں خدا کی عنایت سے حسب ارادۂ دلی وموافق خواہش قلبی اعمال ونقوش علوی ترتیب وار جمع ہو گئے تب بعض دوستوں نے اصرار کیا کہ کچھ اعمال سفلی یعنی منتر اور جنتر وغیرہ بھی اس رسالہ میں لکھے جاویں تو خاص وعام اس سے فائدہ اٹھائیں فقیر نے ان کو بھی آخر میں لکھدیا کہ کوئی شخص اسکے فیض سے محروم نہ رہے اور اس رسالہ مختصر کا نام مجربات سلیمانی رکھا۔ ناظرین جہاں کہیں غلطی پائیں عفو فرمائیں اگر نفع اٹھائیں تو دعائے خیر سے بھول نہ جائیں وَھُوَ علےٰ کُلِّ شَیٍٔ قَدِیْرٌ وَّبِالاِجَابَۃِ جَدِیْرٌ اور اس رسالہ میں چھ باب ہیں

باب اوّل اسمیں تین فصلیں ہیں

فصل اوّل - تاثیرات اسمار کے اثبات ہیں:- جان تو کہ تاثیرات اسمار الٰہی حق ہیں جیسا کہ فرمایا اکابرین نے کہ تاثیرات الاسماءِ حقٌ[1] یہی مومنین کامل الیقین کا عقیدہ ہے اور جو بعضے منکرین تاثیرات اسمائے حسنیٰ اور آیات قرآنی وغیرہ سے انکار کرتے ہیں اور اس کو فعل عبث سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان میں کچھ بھی تاثیر نہیں اسکے پڑھنے سے کیا ہوگا ہمکو تو خدا پر توکل ہے ان باتوں سے اظہار توکل کرتے ہیں، راہ حق کو چھوڑ کر گمراہ ہوگئے ہیں طرح طرح کی اپنی جاہلانہ تقریریں ملاتے ہیں۔ اللہ جہل سے بچائے گمراہوں کو راہ راست دکھائے۔ منکروں کے کفر توڑنے کو اثبات تاثیرات اسمار میں چند دلائل عقلی و نقلی لکھتا ہوں۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے وَنُنَزِّلُ[2] مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ اور حضرت رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے فرمایا ہے مَنْ[3] لَمْ یَسْتَشْفِ بِالْقُرْاٰنِ فَلَا شَفَاهُ اللّٰهُ اور اصحاب کرام باتباع رسول انام آیات قرآنی اور ادعیہ پڑھ کر اکثر بیماروں وغیرہ پر دم کرتے ہیں۔ اور علمار نے اس بارے میں بہت کچھ لکھا ہے اور مشائخ اُمت محمدیہ نے آیات قرآنی سے صدہا قسم کے اعمال مقرر کئے ہیں۔ اُن کی زکوٰۃ دینے کے طریقے اپنے مریدوں کو تعلیم فرمائے ہیں ایسے امر بیّن سے انکار کرنا سفیہ کا کام ہے۔ ہر ذی عقل اس سے ماہر ہے کہ خالق جل شانہٗ نے کوئی چیز ایسی مخلوق نہیں کی ہے کہ جس میں کچھ تاثیر نہ ہو احجار اور اشجار اور اثمار وغیرہ کی بیشمار تاثیریں دیکھنے میں آتی ہیں۔ اسمائے الٰہی اور آیات قرآنی و ادعیہ کہ اشرف المخلوقات اور الطف کائنات ہیں ان میں تاثیرات کا ہونا کیا بعید ہے ان کی تاثیرات اور کیفیات نفع وضرر برائی العین مشاہدہ ہوتی ہیں اور قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہیگا حق تعالیٰ فرماتا ہے قُلِ[4] ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط نیک نیتی سے عمل پڑھنا بھی اللہ کو پکارنا ہے مثلاً کسی نے مشکل کے آسان ہونے کو اسمائے حسنیٰ میں سے کسی اسم کو پڑھا تو یہ بھی استعانت باللہ اور رجوع الی اللہ ہوئی جسکی سندیں متواتر کتاب اللہ اور حدیث رسول خدا اور اجماع اُمت سے پائی جائیں اس سے اعراض کرنا باعث الحاد ہے العیاذ باللہ من سور الاعتقاب منکرین کی شان میں یہ کہا جاوے گا ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم ٭ چشمہ آفتاب راچہ گناہ۔

ہر امر میں ترکیب کو بڑا دخل ہے بغیر ترکیب کے کوئی چیز مؤثر نہیں ہوتی۔ مثلاً اطبار نے مرضوں کے لئے نسخے ترکیب دیئے اور اوقات استعمال بھی ساتھ ہی لکھدیئے اس ترکیب خاص کے استعمال کرنیسے مفید ہوتے ہیں اور اگر کچھ بھی خلاف ہوا تو کچھ کا کچھ ہوگیا اگر کوئی شخص ناواقف بغیر تشخیص مرض کے دوا کی تاثیرات

---

[1] تاثیرات اسمار کے حق ہیں [2] اور ہم نے اُتارا ہے قرآن میں وہ چیزیں جو شفا ہیں [3] جو کوئی شخص شفا ڈھونڈے قرآن سے پس نہیں شفا پاوے یعنی پھر کسی چیز سے اسکو شفا ہوگی [4] کہدو کہ اللہ کہکر پکارو یا رحمٰن کہکر پکارو جو بھی کہکر پکارو گے سب اسی کے نام کیلئے خاص ہیں

دیکھ کر ایک نسخہ غیر مربوط لکھدے اس کے استعمال سے سوائے نقصان کے فائدہ نہ ہوگا۔ مثل
مشہور ہے نیم حکیم خطرۂ جان۔ کوئی مکان یا کپڑا یا کھانا بدون ترکیب کے تیار نہیں ہو سکتا۔ ایسا
ہی عمل پڑھنے یا تعویذ لکھنے میں ترکیبات اور اوقات مقرر ہیں اسلئے صوفیہ صافیہ نے اعمال
میں تعین وقت اور جملہ ترکیبات کو فرما دیا تاکہ شاغل کی محنت برباد نہ ہو جب ترکیب خاص کیساتھ
جو عمل یا تعویذ کیا جاویگا تو ضرور مؤثر ہوگا۔ اگر یہ کہا جائے کہ ہم نے عمل پڑھے اور تعویذ لکھے کچھ تاثیر
نہ ہوئی، یہ تو اپنا قصور ہے۔ اسکے واسطے دو امر بہت ضروری ہیں [1] روزی حلال [2] صدق مقال، یہ امور
عوام بلکہ بعض خواص میں بھی مفقود ہیں بغیر اس کے ہرگز عمل مقبول نہیں، آپ تو خود اسکے لائق
نہیں ناواقفی سے کر کے آخر بد اعتقاد ہو کر طعن و تشنیع کرتے ہیں اگرچہ خداوند تعالیٰ نے سب
امورات جو ہوئے اور ہونگے لوح تقدیر میں لکھدئے ہیں مگر یہ بھی حکم فرمایا [1] اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ
لَکُمْ عاقل کو چاہئے کہ محض سرنوشت پر غافل نہ رہے اپنے مطلب کو درگاہ الٰہی میں عرض کرتا
رہے یقین کرنا چاہیئے کہ دعا ہو یا دوا بغیر حکم الٰہی کے اثر اس کا ظاہر نہیں ہوتا [2] لَا تَتَحَرَّکُ ذَرَّۃٌ
اِلَّا بِاِذْنِ اللہِ۔ کبھی ایک دوا سے فائدہ ہوتا ہے اور کبھی اس سے نقصان اور ضرر خدا کے
اختیار ہے کسی کو کچھ دخل نہیں۔ اگر دعا اور دوا کی تاثیر ظاہر نہ ہو تو خیال کرنا چاہیئے کہ مرضی الٰہی
یونہی تھی اور اسی میں بہتری ہے۔ انسان بہت سے کاموں کو اپنے لئے اچھا جانتا ہے اور
حقیقت میں وہ اس کے حق میں برے ہیں اور جن کو برا جانتا ہے وہ خدائے علیم کے علم میں اسکے
لئے اچھے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے [3] وَعَسٰٓی اَنْ تَکْرَھُوْا شَیْئًا وَّھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ وَعَسٰٓی اَنْ تُحِبُّوْا
شَیْئًا وَّھُوَ شَرٌّ لَّکُمْ چنانچہ چلّہ کشی بھی اصل اصول ہے اسواسطے حضرات مشائخ قدس سرہم نے
چلّہ میں بیٹھنا اختیار کیا ہے اور اسناد اسکے آیہ کریمہ [4] وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓی اَرْبَعِیْنَ اور آیۃ [5] وَوٰعَدْنَا
مُوْسٰی ثَلٰثِیْنَ لَیْلَۃً وَّاَتْمَمْنٰھَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِیْقَاتُ رَبِّہٖٓ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَۃً سے استنباط فرمایا حضرت موسیٰ
بارشاد رب الارباب کوہ طور پر چلّہ کھینچا اس چلّہ کشی میں درگاہ الٰہی سے بہت کچھ نعمتیں ملیں۔ اس
امر سے اتباع حضرت موسیٰ علیہ السلام کی پائی جاتی ہے۔ جو انبیا علیہم السلام کے طریقہ پر چلے
گا وہی راہ راست پائے گا ان کی اطاعت عین ایمان ہے حدیث قدسی میں وارد ہے کہ
[6] خَمَّرْتُ طِیْنَۃَ اٰدَمَ بِیَدَیَّ اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا اور رسول کریم فرماتے ہیں کہ [7] مَنْ اَخْلَصَ لِلہِ تَعَالٰی
اَرْبَعِیْنَ صَبَاحًا ظَھَرَتْ لَہٗ یَنَابِیْعُ الْحِکْمَۃِ مِنْ قَلْبِہٖ عَلٰی لِسَانِہٖ آیات حدیث سے تعداد چالیس
دن کی پائی جاتی ہے اور کتب تصوّف میں گوشہ نشینی کے اکثر قواعد لکھے ہیں اور اس سے

---

[1] مجھکو پکارو کہ پہونچوں تمہاری پکار کو ۱۲ منہ عفی عنہ [2] نہیں ہلتا کوئی ذرہ مگر ساتھ حکم اللہ کے ۱۲ منہ [3] اور وہ شاید تمکو بری لگے
ایک چیز اور وہ بہتر ہو اور خوش لگے ایک چیز اور وہ بری ہو تم کو ۱۲ [4] اور جب وعدہ کیا ہم نے موسیٰ سے چالیس رات کا [5]
اور وعدہ ٹھہرایا ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے تیس رات کا اور پورا کیا ان کو اور دس سے تب پوری ہوئی مدت تیرے
رب کی چالیس رات میں ۱۲ منہ [6] خمیر کیا میں نے آدم کی مٹی کو چالیس دن میں [7] جو کوئی مخصوص کرے آپکو خالصاً للہ بعد چالیس دن

صدہا طرح کی کشود ظاہری و باطنی ہوتی ہے ہمارے ارباب طریقت نے جو اسکو اختیار کیا ہے ہزارہا فائدے اس سے حاصل ہوتے ہیں جزاھم اللہ فی الدارین خیراً فہم نقش مربع اور مثلث کو بدعت تصور کرتے ہیں یہ بھی خلاف استحسان ہے اسلئے زمانہ سلف سے آج تک صدہا عارفین اور ہزارہا کاملین لکھتے آتے ہیں بڑے بڑے علماء کا اس پر اتفاق ہے۔ مَارَاٰہُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَسَنًا فَھُوَ عِنْدَ اللّٰہِ حَسَنٌ اسکو مذموم سمجھنا دور از عقل ہے ع بر رسولاں بلاغ باشد و بس۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ **تنبیہ** جان تو کہ عاملان نامدار اور مرشدان کامگار نے فرمایا کہ جب کوئی عمل پڑھنے کا شائق ہو تو ضرور ان امورات کا دھیان رکھے۔ اوّل یہ کہ اسمائے الٰہی اور اس کے سوگند دینے اور ناموں ہائے بنی آدم کو اسمائے باری تعالیٰ سے موافق کرنے کو معلوم کرے دوسرے یہ کہ بارھوں برجوں کی کیفیت اور ساتوں ستاروں کی حقیقت کو دریافت کرے تیسرے یہ کہ بحساب ابجد استخراج طالع بنی آدم کو سیکھے چوتھے یہ کہ شب و روز سعد و نحس ساعتوں کو دیکھکر عمل شروع کرے تاکہ محنت ضائع نہ ہو حسب دلخواہ کام ہو بخیر خوبی انجام مرام ہو۔ اب سب کا انشاء اللہ تعالیٰ بالتفصیل آگے بیان ہوگا پس تبرکاً و تیمناً فقیر اسماء الٰہی کے سوگند دینے کا ذکر کرتا ہے

فصل ۲ سوگند دینے کے بیان میں۔ عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے میں اول نام خدائے تعالیٰ کو مددگار کرے اور اسی سے خواستگار اپنے کام کا ہو۔ سر حرف اپنے نام اور اسم باری تعالیٰ کو موافق کرے مثلاً طالب احمد اور مطلوب ابراہیم ہے اس کے موافق اسم خدائے برتر یہ ہے اَللّٰہُ اَحَدٌ اَوَّلٌ وَّاٰخِرٌ کو ملاکر سوگند دے پھر مؤکل حرف الف کہ اسرافیل علیہ السلام ہے اسکو کہے یا اسرافیل محبت احمد در قلب ابراہیم ثابت گردان اور موکلات برجوں اور ستاروں کی بھی سوگند دے اسطرح پر کہ یا فلاں موکل بحق یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ محبت فلاں بن فلاں در قلب فلاں بن فلاں ثابت گردان اور اسی طرح قیاس کرے اگر نام مختلف ہوں تو دو نام ضم کرے

فصل ۳۔ اسم باری تعالیٰ اور نام بنی آدم کے امتزاج کے بیان میں۔ جس شخص کے سر اسم الف ہو جیسے احمد و ابراہیم وغیرہ اسکے موافق اللہ احد اول واخر اسی طرح اور ناموں کو امتزاج کرلے اب بترتیب حروف تہجی خدائے تعالیٰ کے نام لکھتا ہوں **ا**۔ یا اللہ یا احد یا اوّل یا آخر **ب** یا باسط یا باطن یا باری یا باعث **ت** یا تواب **ث** یا ثابت **ج** یا جبار یا جلیل **ح** یا حی **خ** یا خالق یا خبیر **د** یا دیان یا دائم **ذ** یا ذوالجلال والاکرام **ر** یا رشید یا رقیب یا رزاق یا رحمٰن یا رحیم **ز** یا عزیز **س** یا سمیع یا سلام **ش** یا شکور یا شہید **ص** یا صمد یا صبور **ض** یا ضار **ط** یا طاہر **ظ** یا ظاہر **ع** یا علیم یا عظیم **غ** یا غفور یا غنی یا غفار **ف** یا فتاح **ق** یا قادر یا قدیم یا قہار یا قیوم **ک** یا کریم یا کافی یا کبیر **ل** یا لطیف **م** یا مومن یا مہیمن یا متکبر یا معز

صفحہ ۶۴ کا بقیہ:- کے ظاہر ہوں گے اسکے لئے چشمے حکمت کے اسکے قلب سے زبان پر ۱۲ منہ لہ جو چیز مسلمان اچھی جانتے ہیں وہ اللہ کے نزدیک بھی اچھی ہے

ن یانور یانافع و یاواحد یاوہاب یاودود یاواحد ہ یاہادی ی یاحی - اگر حرف اول موافق نہ ہو تو حرف آخر کو ملادے۔ جیسے کسی شخص کا نام یحییٰ ہے تو یاحی کو ملاوے جس کام کے واسطے امتزاج کرے اسی کے موافق نام باری تعالیٰ کو لے۔ جیسے ترقی رزق کے لئے یارزاق وغیرہ علیٰ ہٰذا

باب دوسرا، اسمیں دو فصلیں ہیں

فصل اوّل - برجوں کے بیان میں۔ بارھوں برجوں کے ناموں کو کسی شاعر نے نظم کیا ہے تاکہ طالب کو انکے نام بآسانی یاد ہوجاویں اور عندالضرورت کام آدیں

ہے حمل نام برج اوّل کا
ہے چھٹا برج سنبلہ بے کد
ہے نواں برج برج قوس یہاں

دوسرا ثور تیسرا جوزا
برج ہفتم کا نام ہے میزان
جدی ہے ان بروج میں دسواں

چوتھا سرطان ہے پانچواں ہے اسد
برج ہشتم کا نام عقرب جان
گیارھواں دلو بارھواں ہے حوت
نہیں اس میں کسی کو جائے سکوت

فقیر عفی عنہ نے مفصل کیفیت بروج کی نقش سلیمانی میں لکھی ہے اور ان کے حروف اور مؤکلات وغیرہ میں بڑا اختلاف ہے۔ اس فقیر نے اپنے استاد سے دو طرح پائے تھے ایک کو نقش سلیمانی میں لکھا اور دوسرے کو اس کتاب میں درج کیا واللہ اعلم بحقیقۃ الحال جاننا چاہیئے کہ عالموں کے نزدیک بارھوں برج تین قسم کے ہیں اوّل ثابت جسکو ہندی میں استھر کہتے ہیں دوم منقلب جسکو اہل ہندی چر کہتے ہیں سوم ذوجسدین یعنی ذوسبھاؤ - جب آفتاب برج ثابت میں آوے عمل تسخیر اور فتوح وغیرہ کا پڑھے اور منقلب میں ہلاکی دشمن وغیرہ اور ذوجسدین میں دفع آفات کا پڑھنا مقرر ہے اور منقلب میں حُب کا عمل نہ پڑھے اور بارھوں برجوں کی کیفیت نقشہ مندرجہ سے دریافت کرلے نقشہ یہ ہے

نقشہ بروج دوازدہ گانہ!

حمل ۱ - میکھ ماہ بیساکھ خانہ مریخ شرقی آتشی سرخ وبال زہرہ شرف آفتاب ہبوط زحل مذکر منقلب مؤکل تنکفیل ع - حرف ا ع ل ی	ثور ۲ - برکھ ماہ جیٹھ خانہ زہرہ جنوبی خاکی سفید وبال مریخ شرف قمر مؤنث ثابت مؤکل میکائیل حرف ا ب	جوزا ۳ - متھن ماہ اساڑھ خانہ عطارد غربی بادی زرد وبال مشتری وشرف راس ہبوط ذنب مذکر ذوجسدین مؤکل کلکائیل حرف ق ک

سرطان ۴ ۔ کرک ماہ ساون خانہ قمر شمالی آبی سفید وبال زحل شرف مشتری ہبوط مریخ مونث منقلب مؤکل ہمواکیل حرف ح و	اسد ۵ ۔ سنگھ ماہ بھادوں خانہ شمس شرقی آتشی سرخ وبال زحل مذکر ثابت موکل اسرافیل ؑ حرف م وغیرہ	سنبلہ ۶ کنیاں ماہ کنوار خانہ عطارد جنوبی خاکی سبز وبال مشتری شرف عطارد و ہبوط زہرہ مؤنث ذوجسدین مؤکل ہمواکیل حرف ب و
میزان ۷ تلا ماہ کاتک خانۂ زہرہ غربی بادی سفید وبال مریخ شرف زحل ہبوط آفتاب مذکر منقلب مؤکل رومائیل ؑ حرف ر ف ط	عقرب ۸ برچھک ماہ اگہن خانۂ مریخ شمالی آبی سرخ وبال زہرہ ہبوط قمر مؤنث ثابت مؤکل نومائیل ؑ حرف ج ن ض ز د ط	قوس ۹ دھن ماہ پوس خانۂ مشتری شرقی آتشی زرد وبال عطارد و شرف ذنب ہبوط راس مذکر ذوجسدین مؤکل عطرائیل حرف ب
جدی ۱۰ مکر ماہ ماگھ خانۂ زحل جنوبی خاکی سیاہ وبال قمر شرف مریخ ہبوط مشتری مؤنث منقلب مؤکل کاکائیل حرف خ غ	دلو ۱۱ ۔ کنبھ ماہ پھاگن خانۂ زحل غربی بادی زورد وبال آفتاب مذکر ثابت مؤکل دردائیل ۔ حرف ص ۔ س ش ث ک	حوت ۱۲ ۔ مین ماہ چیت خانۂ مشتری شمالی آبی سرخ وبال عطارد و شرف زہرہ مؤنث ذوجسدین مؤکل تنکفیل ؑ حرف چ و

فصل ۲ طالع کے بیان میں :۔ جس کسی کا طالع دریافت کرنا ہو اسکے نام کے عدد اور اسکی ماں کے نام کے عدد نکال کر جمع کرے پھر اس مجموعہ کو بارہ سے طرح دے اگر ایک باقی رہے حمل ہے اگر دو بچیں ثور ہے اگر تین بچیں جوزا ہے اگر چار بچیں سرطان ہے اگر پانچ رہجاویں تو اسد ہے اگر چھ بچیں سنبلہ ہے اگر سات رہیں میزان اگر آٹھ باقی رہیں عقرب ہے اگر نو بچیں قوس ہے اگر دس بچیں جدی ہے اگر گیارہ بچے دلو ہے اگر بارہ باقی رہیں حوت ہے مثال یہ ہے نام طالب محمد بن رحمت عدد اس کے سات سو چھیالیس ہیں جب بارہ سے طرح دیا دو بچے طالع اسکا برج ثور ہے اسی طرح سے عدد مطلوب کے نام کے نکالے اگر برج عاشق آتشی ہے اور برج معشوق آبی درمیان آب و آتش مخالفت ہے دو تعویذ لکھے ایک تعویذ آتشی اور دوسرا آبی ۔ اور اگر طالع عاشق بادی اور طالع معشوق خاکی ہے اسمیں موافقت ہے ایک تعویذ کافی ہے جیسا مزاج ہو اسکے موافق تعویذ لکھے آتشی کے لئے آتشی اور آبی کے لئے آبی ۔ وقس علےٰ ہذا ۔ جان تو کہ جس شخص کا طالع حمل ہو اسکے لئے تعویذ محبت یکشنبہ یا

سہ شنبہ کے دن اوّل وقت اور آخر روز عداوت وغیرہ کیلئے لکھے۔ اور اگر طالع ثور ہو تو دوستی کیواسطے جمعہ کے دن صبح نماز کیوقت اور عداوت وغیرہ کیلئے زوال کے وقت۔ اور اگر جوزا ہو تو حب کیلئے روز سہ شنبہ کو آخر دن ہیں۔ اور اگر سرطان ہو تو سازداری کے واسطے پنجشنبہ کے دن اور عداوت وغیرہ کیلئے شنبہ کے دن۔ اور اگر اسد ہو تو دوستی کیواسطے شنبہ کے دن بعد نماز صبح کے اور عداوت کے لئے روز چہارشنبہ زوال کے وقت۔ اور اگر سنبلہ ہے تو محبت کیلئے جمعہ کے دن صبح کو اور نماز جمعہ کیوقت عداوت کے لئے اور اگر عقرب ہے تو دوستی کے لئے جمعہ کے دن اوّل وقت اور عداوت کے لئے آخر وقت اور اگر قوس ہے تو محبت کے واسطے پنجشنبہ کے دن اور عداوت کے لئے آخر کے دن اور اگر میزان ہے تو دوستی کے لئے روز شنبہ اور عداوت کے لئے روز سہ شنبہ۔ اور اگر جدی ہے تو محبت کے واسطے روز یکشنبہ طلوع آفتاب کے وقت اور عداوت کے لئے روز آدینہ اور اگر دلو ہے تو دوستی کے واسطے روز جمعہ اور عداوت کے لئے روز یکشنبہ شام کیوقت۔ اور اگر حوت ہے تو دوستی کے واسطے روز جمعہ وقت صبح اور عداوت کے واسطے روز شنبہ کو لکھے عامل کو ان امور کا دھیان ضروری ہے

باب تیسرا۔ اسمیں تین فصلیں ہیں

فصل اوّل۔ ستاروں کے بیان میں۔ جب تعویذ لکھے یا عمل پڑھے تو ستارے کو دیکھے کہ اس کی کیا خاصیت ہے اسکے موافق عمل کرے ورنہ لکھنا اور پڑھنا ضائع ہوگا۔ خاصیت اور کیفیت ستارو کی نقشہ ذیل سے دریافت کرے۔

نام کواکب	زحل یعنی سنیچر	مشتری یعنی برہسپت	مریخ یعنی منگل	شمس یعنی سورج	زہرہ یعنی سکر	عطارد یعنی بدھ	قمر یعنی چاند
مذکر مؤنث	مذکر	مذکر	مذکر	مذکر	مؤنث	خنثیٰ	مذکر و مؤنث
رنگ	سیاہ	زرد	سرخ	طلائی	سپید	فیروزی	سبز
مزاج	خاکی	آتشی	آتشی [1]	آتشی	بادی	بادی	آبی
مقام	فلک ہفتم [7]	فلک ششم [6]	فلک پنجم [5]	فلک چہارم [4]	فلک سوم [3]	فلک دوم [2]	فلک اوّل [1]
عامل	شنبہ	پنجشنبہ	سہ شنبہ	یکشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ	دوشنبہ
مؤکل	شرفائیل ع	روفائیل ع	روبائیل ع	ہمرائیل ع	شرفائیل ع	لومائیل ع	عطرائیل ع
حروف	ابجد	ہوزح	طیکل	منسع	فص قر	شت ثخ	ذضظغ

[1] بعضوں کے نزدیک بادی اور بعضوں کے نزدیک خاکی ہے

فصل ۲ ستاروں کی ساعت کے بیان میں:۔ جان تو کہ ہر ستارہ کی علیحدہ علیحدہ خاصیتیں ہیں کوئی سعد کوئی نحس کسی کی کچھ تاثیر ہے کسی کی کچھ اور ہر ایک ستارہ ایک وقت کا حاکم ہوتا ہے اس واسطے عالموں نے ستاروں کی ساعت کا دیکھنا مقرر کیا ہے یعنی ساعت سعد و نحس دیکھ کر تعویذ لکھے تاکہ محنت برباد نہ ہو اور ساعت ہر ستارے کی ایک گھنٹہ کی ہوتی ہے اور ابتدا ساعت کی سات بجے صبح سے مقرر کی اس نقشہ ساعت نامہ سے ستارہ حاکم وقت کو دریافت کرے پھر اسکے موافق بخور جلاوے اور ہندسہ جو درمیان میں لکھے ہیں ان سے دن اور رات کے انگریزی گھنٹے مراد ہیں

ساعت نامہ

زحل، روز شنبہ	مشتری ۸	مریخ ۹	شمس ۱۰	زہرہ ۱۱	عطارد ۱۲ دوپہر	قمر ۱
زحل ۲	مشتری ۳	مریخ ۴	شمس ۵	زہرہ ۶	عطارد ۷	قمر ۸
زحل ۹	مشتری ۱۰	مریخ ۱۱	شمس ۱۲	زہرہ شب ۱	عطارد ۲	قمر ۳
زحل ۴	مشتری ۵	مریخ ۶	شمس، روز یکشنبہ	زہرہ ۸	عطارد ۹	قمر ۱۰
زحل ۱۱	مشتری ۱۲	مریخ ۱ روز	شمس ۲	زہرہ ۳	عطارد ۴	قمر ۵
زحل ۶	مشتری ۷	مریخ ۸	شمس ۹	زہرہ ۱۰	عطارد ۱۱	قمر ۱۲
زحل ۱ شب	مشتری ۲	مریخ ۳	شمس ۴	زہرہ ۵	عطارد ۶	قمر، روز دوشنبہ
زحل ۸	مشتری ۹	مریخ ۱۰	شمس ۱۱	زہرہ ۱۲	عطارد ۱ روز	قمر ۲
زحل ۳	مشتری ۴	مریخ ۵	شمس ۶ شام	زہرہ ۷	عطارد ۸	قمر ۹
زحل ۱۰	مشتری ۱۱	مریخ ۱۲	شمس ۱ شب	زہرہ ۲	عطارد ۳	قمر ۴
زحل ۵	مشتری ۶	مریخ، روز سہ شنبہ	شمس ۸	زہرہ ۹	عطارد ۱۰	قمر ۱۱
زحل ۱۲	مشتری ۱ روز	مریخ ۲	شمس ۳	زہرہ ۴	عطارد ۵	قمر ۶ شام
زحل ۷	مشتری ۸	مریخ ۹	شمس ۱۰	زہرہ ۱۱	عطارد شب ۱۲	قمر ۱ شب
زحل ۲	مشتری ۳	مریخ ۴	شمس ۵	زہرہ ۶	عطارد، چہارشنبہ	قمر ۸
زحل ۹	مشتری ۱۰	مریخ ۱۱	شمس ۱۲	زہرہ ۱ روز	عطارد ۲	قمر ۳
زحل ۴	مشتری ۵	مریخ ۶ شام	شمس ۷	زہرہ ۸	عطارد ۹	قمر ۱۰
زحل ۱۱	مشتری ۱۲ شب	مریخ ۱ شب	شمس ۲	زہرہ ۳	عطارد ۴	قمر ۵

زحل ۶	مشتری ۷ روز پنجشنبہ	مریخ ۸	شمس ۹	زہرہ ۱۰	عطارد ۱۱	قمر ۱۲ روز
زحل ا روز	مشتری ۲	مریخ ۳	شمس ۴	زہرہ ۵	عطارد ۶ شام	قمر ۷
زحل ۸	مشتری ۹	مریخ ۱۰	شمس ۱۱	زہرہ ۱۲ شب	عطارد ا شب	قمر ۲
زحل ۳	مشتری ۴	مریخ ۵	شمس ۶	زہرہ ۷ روز جمعہ	عطارد ۸	قمر ۹
زحل ۱۰	مشتری ۱۱	مریخ ۱۲ روز	شمس ا روز	زہرہ ۲	عطارد ۳	قمر ۴
زحل ۸	مشتری ۶ شام	مریخ ۷	شمس ۷	زہرہ ۹	عطارد ۱۰	قمر ۱۱
زحل ۱۲ شب	مشتری ا شب	مریخ ۲	شمس ۳	زہرہ ۴	عطارد ۵	قمر ۶

فصل ۳۔ بخورات کے بیان ہیں :۔ طالب جب تعویذ لکھے تو جس ستارے کی ساعت میں لکھنے کا اتفاق ہو اسکے موافق بخور کرے۔ بخور دھونی کو کہتے ہیں اور بخورات ہر ستارے کے علیحدہ علیحدہ ہیں۔ اگر بخور اس ستارے کے موافق نہ ہو گا فائدہ نہ ہوگا۔

زحل	عود، لوبان، رال، قرنفل
مشتری	مشک، جوزوانہ، کافور، صندل سرخ، عود، شکر
مریخ	لوبان، عود، رال
شمس	دارچینی، عود، مشک، زعفران
زہرہ	عود، عنبر، مشک، صندل سفید، کافور، اسپند
عطارد	صندل سرخ، قرنفل، کافور، نمک سنگ، عود
قمر	شہد، کافور، عود

باب چوتھا اسمیں نو فصلیں ہیں

فصل اوّل بیان اعداد ابجد میں :۔ کسی شاعر نے اعداد ابجد کو نظم کیا ہے ؎

یگاں شمار ز ابجد حساب تا حطی — چنانچہ از کلمن دہ دہ است تا سعفص
ولیک از قرشت تا ضظغ بود صد صد — دل از حساب جمل شد تمام مستخلص

عامل کو حساب جمل کا سیکھنا بہت ضروری ہے بغیر دریافت اعداد حروف تہجی کے کسی آیت یا اسکا نقش بھرنا غیر ممکن ہے لہٰذا فقیر نے ایک نقشہ اعداد بہ ترتیب حروف آتشی و بادی و آبی و خاکی کے لکھدیا کہ دونوں ایک ہی جگہ معلوم ہو جاویں۔

نقشہ اعداد حروف تہجی اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے

نقشہ اعداد حروف تہجی

آتشی	ا ۱	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ذ ۷۰۰
بادی	ب ۲	و ۶	ی ۱۰	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
خاکی	د ۴	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷۰	ر ۲۰۰	خ ۶۰۰	غ ۱۰۰۰

فصل ۲۔ بیان مؤکلات حروف تہجی ہیں:۔ عامل کو حروف تہجی کے مؤکلات کا معلوم کرنا ضروری ہے اور دیکھے کہ اس اسم کے سرے پر کون حرف ہے اور اس کی کیا خاصیت ہے اور اسکا کون مؤکل ہے کہ یہ امر بھی تعویذ لکھنے اور عمل پڑھنے میں بہت کار آمد ہے ا اسرافیلؑ ب جبرئیلؑ ت عزرائیلؑ ث میکائیلؑ ج کالکائیل ح تنکفیلؑ خ مہکائیلؑ د دردائیل ذ اہرائیلؑ ر امواکیلؑ ز شرقائیلؑ س ہمواکیلؑ ش ہمرائیل ص اہجائیلؑ ض عطکائیلؑ ط اسماعیلؑ ظ لوزائیلؑ ع لومائیلؑ غ لوخائیلؑ ف سرحماکیلؑ ق عطرائیل ک حروزائیلؑ ل طاطائیل م رومائیلؑ ن حولائیلؑ و انتمائیلؑ ہ دردائیلؑ ی سراکیطائیلؑ

فصل ۳۔ حروف طلسم کے بیان ہیں:۔ اکثر ناواقف طلسم کو لکھتے ہیں اور اسکے حروف سے واقف نہیں ہوتے تو بالکل غلط اور بے قاعدہ لکھا جاتا ہے وہ بے فائدہ ہوتا ہے اسواسطے عامل کو چاہیئے کہ حروف خط طلسم بھی سیکھے تو فائدہ ہوگا۔ ہرچند خط طلسم بہت اقسام کے ہیں لیکن فقیر بخیال اختصار فقط دو تین طرز کے طلسم لکھتا ہے۔ ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ ی

قلم دیگر۔ [illegible]

ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ ء ی ے

[illegible]

قلم دیگر۔ [illegible]

فصل ۴ اقسام تعویذات ہیں:۔ جان تو کہ تعویذ چار قسم کا ہوتا ہے آتشی، بادی، آبی، خاکی۔ تعویذ آتشی وہ ہے کہ کاغذ یا کورے سکورے یا ہرن کی جھلی پر لکھ کر آگ میں ڈالیں واسطے محبت اور حاضر ہونے غائب وغیرہ کے لکھا جاتا ہے جب تعویذ آتشی لکھے تو منہ پورب کی جانب ہوا اور اپنے پاس آگ رکھ لے اور بادی اسکو کہتے ہیں کہ لکھ کر درخت میں لٹکائے کہ ہوا اسکو ہلاوے اور جب لکھے تو اونچے مکان پر بیٹھا ہو جہاں بہت ہوا ہو اور پچھم کیطرف منہ ہو محبت اور زبان بندی

کیلئے مفید ہے اور آبی وہ ہے کہ تعویذ لکھ کر پانی میں ڈالیں اور اسکو دریا کے کنارے لکھے اور منہ دکھن کیطرف ہو یہ تعویذ خلاصی قیدی اور تسخیر اور کشادگی رزق اور زبان بندی وغیرہ کے لئے اکثر لکھا جاتا ہے۔ اور خاکی وہ ہے کہ زمین میں دفن کریں یا پرانی قبر میں ڈالیں یہ تعویذ جب لکھے تو منہ اُتر کیطرف ہو۔ تسخیر اور رہائی محبوس وغیرہ کے لئے لکھتے ہیں

فصل ۵۔ تعویذ کے آداب ہیں:۔ جب تعویذ لکھنے کا ارادہ ہو اوّل غسل کرے تو بہتر ہے ورنہ وضو تو ضرور کرے پھر اپنے بدن میں خوشبو لگا کر تھوڑی خوشبو اپنے پاس رکھلے اور درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے اور ناپاک عورت اسکے پاس نہ آوے اور تعویذ کے سرے پر ۷۸۶ کہ عدد بسم اللہ کے ہیں ضرور لکھدے اور تعویذ محبت اور تسخیر جب لکھے تو کوئی میٹھی چیز منہ میں رکھلے اور تعویذ محبت حرام کیلئے ہرگز نہ لکھے اور جب حلال کیلئے لکھے تو منہ خانۂ مطلوب کے کرے اور اسقدر تصوّر اسکا کرے کہ گویا سامنے کھڑا ہے اور عداوت کا نقش لکھے تو تلخ چیز منہ میں رکھلے اور زبان بندی کا لکھے تو تھوڑا موم دانتوں میں دباوے اور آخر مہینہ میں لکھے۔ اور خواب بندی اور تیغ بندی کا لکھے تو سیاہی سے لکھے۔ اور بعض بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جسکے واسطے تعویذ لکھے اسکے رنگ کو دیکھے اگر رنگ اس کا سرخ ہے تو تعویذ سرخی سے۔ اگر رنگ زرد ہے تو تعویذ زعفران سے اور اگر سفید ہے تو کافور سے یا چونہ سے اور اگر رنگ سیاہ ہے تو تعویذ سیاہی سے پُر کرے فتح القدیر حاشیہ ہدایہ میں لکھا ہے کہ اگر کسی کے پاس تعویذ ہو اور اسکے اوپر غلاف ہو تو پاخانہ میں جانے کا مضائقہ نہیں اگر اس کو اتار کر جاوے تو بہتر ہے اس سے معلوم ہوا کہ اگر نگینہ پر کوئی دعا یا آیۃ کندہ ہو اور اس پر موم اور کپڑا منڈھا ہو تو اسی قبیل سے ہے۔ اکثر کتب معتبرہ سے ثابت ہے کہ جس تعویذ یا عمل میں خدا کا نام نہ ہو اسکا لکھنا پڑھنا جائز نہیں۔ جسکے معنی سمجھ میں نہ آتے ہوں۔ اگر کوئی رقیہ حدیث شریف سے ثابت ہو اور معنی سمجھ میں نہ آویں تو پڑھنے کا مضائقہ نہیں ورنہ باعث خرابی ایمان ہے جیسے عمل سفلی کا مسلمانوں کو پڑھنا باعث زوال ایمان ہے۔ خدائے تعالیٰ مسلمانوں کو نیک توفیق دے کہ جادو سحر سیکھ کر اپنے ایمان کو ضائع نہ کریں۔ آیات قرآنی اور ارشاد مشائخ بس ہیں مزخرفات کی کیا ضرورت ہے سوال عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے پر جو اکثر لوگ کچھ لیتے ہیں اسکا لینا جائز ہے یا نہیں جواب۔ جس شخص کی نیت میں فریب نہ ہو اسکو لینا جائز ہے اگر لینے والے کی نیت میں فریب ہے تو ہرگز جائز نہیں۔ مثلاً تعویذ لکھنے سے تو واقف نہیں اگر کسی کتاب کو دیکھکر بے سمجھے دو پیسے کے لالچ سے یہ تعویذ لکھدیا اور چھو چھو کر کے تاگہ میں گرہ دے کر گنڈہ بنا دیا اور اڑھائی پیسے لے لئے۔ جب عمل پڑھنے کو مستعد ہوئے تو وضو کر کے تسبیح لے ایک ایک دانہ کی جگہ چھ چھ دانے گرانے لگے، خوب ہل ہل کر پڑھنے لگے اور یہ خیال ہے کہ مجھ کو لوگ عامل جانیں ایسے شخص کو لینا جائز نہیں یہ فریب ہے اور اسی قسم کا لینا حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ فال گنڈے والوں کو ہدایت کرے کہ اپنی غذا حرام نہ کریں جس کی غذا حرام سے ہوگی اس کے تعویذ اور

دُعائیں کب اثر ہوگا

فصل ۶۔ نقش بھرنے کے بیان میں:۔ قاعدہ پُر کرنے نقش مثلث کا یہ ہے کہ جس آیۃ یا اسم کا نقش بھرنا منظور ہو تو اسکے عدد نکالے مگر حروف مکتوبی کے اعداد لے اور ملفوظی کو چھوڑ دے جیسے لفظ حوّا کہ حروف مکتوبی تین ہیں ح واوٓ الفٓ ہیں اور ملفوظی چار ہیں حؔ اور دو واؤ اور الف پس حروف مکتوبی کے عدد پندرہ ہیں بارہ۱۲ طرح دینے سے تین باقی رہے اسکے تین حصّے کر کے ایک حصّہ پہلے خانہ میں لکھے پھر ایک ایک زیادہ کر کے ہر خانہ میں لکھتا جائے اگر تقسیم برابر ہو تو فبہا۔ اگر کسر ایک عدد کی پڑے تو ساتویں خانہ میں بڑھادے اور اگر کسر دو کی پڑے تو چوتھے خانہ میں زیادہ کرے اور سیر مثلث منسوب بہ قمر ہے وقفہ ۱۵۔ جب مربع بھرنا ہو تو موافق قاعدہ

	خاکی	
۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

	آبی	
۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

	بادی	
۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

	آتشی	
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

مذکورہ کے عدد نکال کر اسمیں سے تیس کو طرح دے اور باقی کو چار پر تقسیم کرے اگر پوری تقسیم ہو جاوے تو حاصل قسمت کو پہلے خانہ میں لکھے اور بعد اسکے ایک ایک بڑھاتا جاوے اگر قسمت صحیح ہے تو بہتر اور اگر کسر ایک کی پڑے تو تیرھویں خانہ میں ایک بڑھاوے اور دو کی کسر پڑے تو نویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کرے اور کسر تین کی پڑے تو پانچویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کرے سیر مربع کی عطارد کیطرف منسوب ہے

مثال پہلی اس کی جو بعد تقسیم کے کچھ نہ بچے
وقفہ ۳۴

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

مثال دوسری اسکی جو بعد تقسیم کے ایک بچے
وقفہ ۳۵

۸	۱۱	۱۵	۱
۱۴ یہ خانہ ۱۳ ہے	۲	۷	۱۲
۲	۱۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۶

مثال تیسری اسکی جب بعد تقسیم کے دو بچیں
وقفہ ۳۶

۸	۱۲	۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	یہ ۹ خانہ ۱۰ ہے	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

مثال چوتھی اسکی کہ بعد تقسیم کے تین بچیں
وقفہ ۳۷

۹	۱۲	۱۵	۱
۴	۲	۸	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۷
۱۱	یہ ۵ خانہ ۶ ہے	۴	۱۶

نقش مخمس میں جن اعداد کو بھرنا منظور ہو ان سے ساٹھ کو گرادے اور پانچ پر تقسیم کرے ایک حصّہ کو پہلے خانہ میں لکھے پھر بڑھاتا جاوے یہانتک کہ نقش پورا ہو جاوے اور اگر کسر پڑے تو ایک عدد کی کسر کو اکیسویں خانہ میں اور ۲ دو کو سولھویں خانہ میں اور تین کو گیارھویں میں اور کسر ۴ کو پانچویں میں بڑھاوے۔ سیر مخمس منسوب بہ زہرہ ہے

مثال پہلی اسکی جو بعد تقسیم کے کچھ نہ بچے

وقفہ ۶۵

۱۳	۷	۱	۲۵	۱۹
۲۱	۲۰	۱۴	۸	۲
۹	۳	۲۲	۱۶	۱۵
۱۷	۱۱	۱۰	۴	۲۳
۵	۲۴	۱۸	۱۲	۶

مثال دوسری اسکی جو بعد تقسیم کے ایک بچے

وقفہ ۶۶

۱۳	۷	۱	۲۶	۱۹
۲۲ یہ خانہ ۲۱ ہے	۲۰	۱۴	۸	۲
۹	۳	۲۳	۱۶	۱۵
۱۷	۱۱	۱۰	۴	۲۴
۵	۲۵	۱۸	۱۲	۶

مثال تیسری اسکی جو بعد تقسیم کے دو بچیں

وقفہ ۶۷

۱۳	۷	۱	۲۶	۲۰
۲۲	۲۱	۱۴	۸	۲
۹	۲	۲۳	۱۰ یہ خانہ ۱۶ ہے	۱۵
۱۸	۱۱	۱۰	۴	۲۴
۵	۲۵	۹	۱۲	۶

مثال چوتھی اسکی جو بعد تقسیم کے تین بچیں

وقفہ ۶۸

۱۴	۷	۱	۲۶	۲۰
۲۲	۲۱	۱۵	۸	۲
۹	۳	۲۳	۱۷	۱۶
۱۸	۱۲ یہ خانہ ۱۱ ہے	۱۰	۴	۲۴
۵	۲۵	۱۹	۱۳	۶

نقش بھرنے کے تین قاعدے لکھدئے، ایک مثلث دوسرا مربع تیسرا مخمس اور ہر ایک کو چار چار طرح پر لکھدیا کہ ناظرین رسالہ ہٰذا کی بآسانی فہم میں آوے اور نقش مسدّس وغیرہ بخوف طویل نہیں لکھا۔

فصل ۷ فالنامہ کے بیان میں :- روایت ہے کہ جب کسی کو مشکل پیش آوے اور متردد ہو کہ اس امر میں کیا کرنا چاہیئے منظر بخدا کرکے اس طریقہ پر فال دیکھے کہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص اور آیۃ الکرسی مع اوّل و آخر درود شریف کے پڑھ کر کلمہ کی انگلی اوپر اسمائے شریف حضرات انبیا علیہم السلام کے رکھ کر دیکھے کہ اس امر میں کیا ہو گا۔ اس شخص کے حق میں جو بہتر ہو گا وہی معلوم ہو جاوے گا اور اسمائے حضرات انبیا علیہم السلام نقشہ ذیل میں ہیں

حضرت آدمؑ	حضرت شیثؑ	حضرت ادریسؑ	حضرت صالحؑ	حضرت ابراہیمؑ
حضرت اسمٰعیلؑ	حضرت یعقوبؑ	حضرت یوسفؑ	حضرت شعیبؑ	حضرت ایوبؑ
حضرت خضرؑ	حضرت داؤدؑ	حضرت سلیمانؑ	حضرت عیسیٰؑ	حضرت محمد مصطفیٰؐ

فال حضرت آدم علیہ السلام۔ اے خداوند فال تجھ کو ایسے کام پیش آویں کہ خوش ہو جاوے اور سب تیرے مطیع ہوں۔ فتوح غیب سے ہو۔ فال حضرت شیث علیہ السلام۔ اے خداوند فال جو کوئی تیرا دشمن ہو اس پر تو فتحیاب ہو مگر چند روز صبر کر، اگر سفر کا ارادہ ہو تو چند روز کے بعد جانے پر آمادہ ہو ابھی طالع میں نحوست ہے فال حضرت ادریس علیہ السلام۔ اے صاحب فال اگر تجھ کو کچھ رنج ہے تو شاد ہو، اگر نکاح کی خواہش ہے عورت اچھی ملے فرزند نرینہ پیدا ہو، اگر سفر کا ارادہ ہو سفر کر مبارک ہوگا اور جو کچھ مراد ہوگی خدا تعالیٰ برلاویگا فال حضرت صالح علیہ السلام۔ اے خداوند فال اگر تجھ کو رنج ہے تو راحت ہوگی، اگر تیرا کوئی بیمار ہے تو شفا پاوے، اگر تیرا کوئی غائب ہو حاضر ہووے۔

فال حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ اے خداوند فال جو مشکل ہو حل ہو مطلب برآوے اور کچھ خوشی دیکھے، صدقہ دیا کر، فال حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔ اے خداوند فال جو مشکل ہو حل ہو اور کلفت دور ہو حاصل سرور ہو، ایک مینڈھا ذبح کر کے گوشت اسکا محتاجوں کو دیدے فال حضرت یعقوب علیہ السلام۔ اے خداوند فال تیرے اوپر کچھ رنج اور محنت پہونچی ہے لیکن چند روز صبر کر اپنے اوپر جبر کر بعد چندے خوشی ہوگی اگر کوئی تیرا عزیز غائب ہے حاضر ہوگا تجھ سے ملیگا فال حضرت یوسف علیہ السلام اے خداوند فال کچھ رنج تجھ کو پہونچے گا بعد چندے تجھے خوشی ہوگی دشمنان مقہور اور دوستان مسرور ہونگے فال حضرت شعیب علیہ السلام۔ اے خداوند فال اگر خواہش نکاح ہے تو زن جمیلہ ملے اور فرزند نیک پیدا ہو جس چیز کو تیرا جی چاہے خدا چاہے تو وہ ملجاویگی اور جو کام کرے اسکا اچھا انجام ہو فال حضرت ایوب علیہ السلام۔ اے خداوند فال بعد تھوڑے دنوں کے تجھ کو رنج پہونچے گا۔ اگر صبر کریگا تو (غم) بہت جلد دُور ہوگا۔ اور اگر کوئی غائب ہو تو حاضر ہوگا فال حضرت خضر علیہ السلام۔ اے خداوند فال خدائے تعالیٰ تجھ کو مال اور فرزند عطا فرماوے اور تیری کھیتی اور باغ میں پیداوار اچھی ہو اور کچھ محتاجوں کو دیا کر فال حضرت داؤد علیہ السلام اے خداوند فال تجھ کو غیب سے روزی ملے حلال کے مال سے مالامال ہو جاوے اور جب کبھی کوئی سخت کام پیش آوے تو حل ہو جاوے کچھ غم نہ کر خدا کو یاد کر فال حضرت سلیمان علیہ السلام۔ اے خداوند فال یہ فال تیری مبارک ہے سب کام تیرے برآویں دشمن پامال ہو جاویں فال حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ اے خداوند فال تجھ کو بشارت ہے کہ مراد تیری برآوے دین و دنیا کی نعمت ملے مگر تجھ کو کچھ رنج پہونچے گا۔ صدقہ دیا کر رنج دُور ہوگا۔ فال حضرت محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ اے خداوند فال یہ فال بہت ہی نیک ہے تو محبوب خلائق ہوگا خوشی سے گزرے، لوگ تیری عیب پوشی کریں تیرے ساتھ نیکی سے پیش آدیں اور سب کے ساتھ تو نیکی کر تیرا انجام اچھا ہوگا اور دنیا میں نیکنام ہوگا

فصل ۸۔ استخارہ کے بیان میں:۔ جب کوئی مشکل پیش آئے تو استخارہ کرنا مسنون ہے بہتر یہی ہے کہ جو طریقے استخارہ کے حدیث شریف اور اقوال مشائخ سے ثابت ہوئے ہیں اسکے موافق کرے حدیث کی کتابوں میں وارد ہے کہ جب استخارہ کرنا منظور ہو تو وضو کر کے دوگانہ نفل پڑھے رکعت اولیٰ میں بعد الحمد کے سورۂ کافرون اور رکعت ثانیہ میں قل ہو اللہ پڑھ کر سلام پھیرے پھر درود پڑھ کر یہ دُعا

پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُکَ بِعِلْمِکَ وَاَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَاَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَعَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَقَدِّرْہُ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْہِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّہٗ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ اَوْ دُنْیَایَ اَوْ عَاقِبَۃِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْہُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ اَقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَاتِ کَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِہٖ۔ اس کے پڑھنے سے جو امر اسکے حق میں اچھا ہوگا وہ اسکے دل میں آویگا اور بجائے اِنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ کے اپنا مطلب بیان کرے۔ اور بعض مشائخ سے منقول ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات سو چھیاسی ۷۸۶ بار پڑھ کر بعد چار رکعت بہ نیت استخارہ پڑھے رکعت اول میں بعد سورہ فاتحہ کے سورۃ والشمس دوسری میں واللیل تیسری میں والضحیٰ چوتھی میں الم نشرح ہر ایک کو سات سات مرتبہ پڑھے اور بعد فراغ کے رو بہ جانب قبلہ ہو کر بستر طاہر پر سو رہے خواب میں معلوم ہو جائیگا سات شب تک یہ عمل کرے اور طریقہ استخارہ کا یہ بھی ہے کہ چہارشنبہ و پنجشنبہ و جمعہ کی شب کو نماز عشاء کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین سو بار اور الم نشرح ۱۷ بار مع بسم اللہ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرے اور کہے الٰہی جو میرے حق میں بہتر ہو مجھے خواب میں دکھلادے اسکے بعد سو مرتبہ درود پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ اور ایک طریقہ جو مشائخ سے مروی ہے وہ یہ ہے کہ دو رکعت نماز بہ نیت استخارہ پڑھے، بعد سلام کے گیارہ بار سورۃ فاتحہ اور گیارہ بار سورۃ اخلاص اور گیارہ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ اور گیارہ بار یَا شَیْخ عبدالقادر اَغِثْنِیْ پڑھ کر پھر دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے، سورۃ فاتحہ کو نَسْتَعِیْنُ تک پڑھ کر اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کو آنکھ بند کر کے یہانتک بکرات و مرات پڑھے کہ منہ اسکا کسی جانب کو پھر جاوے اسکے بعد ابتدا سے سورۃ فاتحہ کو پڑھ کر گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کے رکعت اول تمام کرے پھر اسی طریقہ سے دوسری رکعت پڑھ کر سلام پھیرے۔ اگر منہ داہنی طرف پھر جاوے تو بہتر ہے اور اگر بائیں طرف پھرے تو بدتر ہے

فصل ۹۔ عقد انامل کے بیان میں:۔ ہر مسلمان کو مناسب ہے اور خصوصاً جو وظیفہ اور عمل پڑھنے کا شوق رکھتا ہو اس کو واجب ہے کہ طریقہ عقد انامل کو ضرور سیکھے کہ جب کبھی تسبیح پاس نہیں ہوتی تو وظیفہ پڑھنے کا محتاج ہو جاتا ہے اور بغیر اسکے شمار کرنا دشوار ہوتا ہے اسلئے فقیر عفی عنہ اس رسالہ میں طریقہ عقد انامل کا لکھتا ہے کہ عامل تسبیح کا پابند نہ ہو جب چاہے انگلیوں پر لاکھوں کا شمار کر لے۔ اس کا طریقہ حضرت مولانا شاہ رفیع الدین دہلویؒ نے اپنے رسالہ میں جو لکھا ہے اسکا خلاصہ یہ ہے کہ عقد انامل لغت میں انگلیوں کے سر باندھنے کو کہتے ہیں اور شرع میں ایک طریقہ ہے گنتی مسنون کا کہ جو شکلیں کھولنے اور باندھنے ہاتھ کی انگلیوں سے حاصل ہوتی ہیں اس سے اسمار اعداد لحاظ کئے جاتے ہیں۔ تسبیح پڑھنے والا ایک کے لئے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی میں چھنگلیا کا سر رکھے اور دو کیلئے

اس کے پاس والی اس کے پاس رکھے اور تین کے واسطے بیچ کی انگلی اسی وضع پر اور سر انگلی کے اپنی جڑوں کے پاس رہیں اور چار کیلئے چھوٹی انگلی کھڑی کرے اور پانچ کے لئے اسکے پاس والی اور چھ کے واسطے صرف چھنگلیا کے پاس والی انگلی کرے اس طرح پر کہ سرا اسکا ہتھیلی کی بیچ کی لکیر پر رہے اور چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کھڑی رہے اور سات کے لئے صرف چھنگلیا کا سر ہتھیلی پر پہونچے کی طرف مائل ہو اور اس کے پاس کی انگلی کھڑی کرے اور آٹھ کیواسطے اس کے پاس کی انگلی اسی طرح کرے۔ ور نو کے واسطے بیچ کی انگلی اسی وضع پر۔ ان تینوں گنتیوں میں سر تینوں انگلیوں کا پہونچے کیطرف مائل رہے اور دس کے لئے سر کلمہ کی انگلی کا انگوٹھے کی پہلی پوری کے جوڑ پر رکھے کہ شکل گول حلقہ کی بن جائے، سب انگلیوں کو کھولدے اور بیس کے لئے سارا ناخن انگوٹھے کی گھائی میں رکھے جو کلمہ اور بیچ کی انگلی کے درمیان رہے اور تیس کے لئے سر انگوٹھے کا کلمہ کی انگلی کے سر پر اور چالیس کے واسطے سر انگوٹھے کا کلمہ کی انگلی کے نیچے والی گرہ کی پیٹھ پر اور پچاس کے لئے سارا انگوٹھا ٹیڑھا کر کے سر اسکا لکیر پر جو ہتھیلی کے کنارے اور کلمہ کی انگلی اور انگوٹھے کے بیچ میں ہے، کلمہ کی انگلی کھڑی کرے اور انگوٹھا سارا ٹیڑھا کر کے محاذی کلمہ کی انگلی کے اس لکیر پر رکھے اور ساٹھ کیواسطے انگوٹھا ٹیڑھا کر کے اس کے ناخن کی پیٹھ کلمہ کی انگلی کی دوسری لکیر کی پیٹھ پر رکھے اور ستر کے لئے انگوٹھے کھڑے کے ناخن کا کنارہ پیٹھ پر پہلی یا دوسری لکیر کلمہ کی انگلی کے رکھے یعنی انگوٹھے کے ناخن کی پیٹھ ساری کھلی رہے اور اسّی کے واسطے سر کلمہ کی انگلی کا انگوٹھا کھڑا کر کے اس کے سرے کے جوڑ کی پیٹھ پر رکھے اور نوّے کیلئے کلمہ کی انگلی کے ناخن کا سرا اور دوسرے جوڑ پر انگوٹھے کے رکھے جیسے دس کے لئے انگوٹھے کے پہلے پور کے جوڑ پر رکھا تھا اور جو ہم نے نوتے تک شکلیں بنائیں داہنے ہاتھ کی تھیں اور اسی طرح سے صورتیں بائیں ہاتھ میں بھی ہیں مگر اتنا فرق ہے کہ اکائیاں داہنے ہاتھ کی سیکڑے ہیں بائیں ہاتھ کے۔ اب عاقل باقی اعداد کو اسی پر قیاس کرے اس رسالہ مختصر میں طول کی گنجائش نہیں ہے

باب پانچواں عملیات اور تعویذات میں اسمیں ۲۰ بیس فصلیں ہیں

فصل اوّل۔ قضائے حاجات میں:۔ جب کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آوے تو نوچندی جمعرات کے دن روزہ رکھے اور چھوارے سے افطار کرے۔ نماز مغرب پڑھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات سو چھیاسی بار پڑھے پھر بعد ختم کے نماز عشاء پڑھ کر بسم اللہ پڑھتے پڑھتے سو رہے پھر صبح کو بعد نماز صبح کے بقدر مذکور پڑھے اور بسم اللہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے۔ اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں برلائے گا اور عزیز خلائق ہوگا۔ ایضاً شب جمعہ کو بعد عشاء کے چار رکعت پڑھے اور نیت میں لفظ نماز حاجت کہے اور رکعت اول میں بعد سورہ فاتحہ کے لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ۰ سو مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۰ سو مرتبہ اور تیسری رکعت میں وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۰ سو مرتبہ اور چوتھی میں حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ سو مرتبہ پڑھ کر سلام پھیرے اور رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار پڑھے پھر خدا سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ اس کی حاجتیں برلائے گا۔ ایضاً۔ واسطے برآمد جمیع حاجات دینی و دنیوی بعد نماز صبح قبلہ رو بیٹھ کر سو بار درود شریف پڑھ کر لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ پانچسو مرتبہ کہے پھر سو مرتبہ یَا فَتَّاحُ اور سو بار یَا وَهَّابُ اور سو بار یَا رَزَّاقُ اور سو بار یَا مُعِزُّ اور سو بار یَا سَلَامُ اس ختم شریف کو ختم کر کے اپنی حاجت مانگے، اللہ تعالیٰ مراد پوری کریگا مجرّب ہے۔ ایضاً جس کسی کو کوئی مشکل پیش آوے بعد نماز عصر کے تین سو بار کہے حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ بہت جلد مشکل آسان ہو گی۔ ایضاً۔ جب کوئی حاجت پیش آوے تو وضو کر کے خدا کی حمد کرے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجے اور اس دعا کو پڑھے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْكَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْعِصْمَةَ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَّا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَیْنًا اِلَّا قَضَیْتَهٗ وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَائِجِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ هِیَ لَكَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ ایضاً حدیث میں ہے کہ جب کسی کو کوئی مشکل پیش آوے وہ وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھے اور اس دعا کو کہے اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ وَاَتَوَجَّهُ اِلَیْكَ بِنَبِیِّكَ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّ الرَّحْمَةِ یَا مُحَمَّدُ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی لِیْ اَللّٰهُمَّ فَشَفِّعْهُ ایضاً ترکیب ختم خواجگان کو کسی شاعر نے نظم کیا ہے فقیر نے رسالہ ہذا میں بعینہ درج کیا ہے۔

ز ختم خواجگان گویم حکایت کند ختم مراد خویش جویید شب جمعہ بخواند یا دوشنبہ کہ اول چوں شود توفیق یارش چوں خواں دایں درود اے مرد ہشیار بہ آخر کار اے مرد نکوکار پئے ہنگام ختم از عجز وزاری	کہ دارم از مشائخ ایں روایت کہ ختم او سخن باکس نہ گوید بود شبہائے دیگر ناموجہ بخواند فاتحہ تا ہفت بارش الم نشرح بخواند ہفتاد و نہ بار بخوانی فاتحہ تا ہفتمیں بار بسوئے قبلہ روئی خویش آری جمیل ایں ختم را از روئے استاد	جو آید بندہ را مشکلے پیش بہر نیت کہ خواہد مستجاب است طہارت ساز اول اے برادر درود آنگہ فرستد بر پیمبر ہزار و یک بود رخصت نیس انگاہ چو اول بار صد ہم بار دیگر تو ختم خواجگان ہر گاہ خوانی بنظم آوردہ ہر جانب فرستاد	کہ دفعش را ندانند مرد دل ریش سوالش را ز لطف حق جواب است بدن را از حدث سازد مطہر ز بعد فاتحہ صد بار دیگر بہ بسم اللہ خوانی قل ہو اللہ درود از جان فرستی بر پیمبر طریقش را بدیں ترکیب دانی

الیضاً۔ جو شخص اس رباعی کو ہر روز بعد نماز پنجگانہ کے تین بار پڑھا کرے گا اس کی سب حاجتیں اللہ تعالیٰ برلائے گا۔ رباعی

اے خالق ہر بلند و پستی ؛ شش چیز عطا بکن ز ہستی ؛ علم و عمل و فراخ دستی ؛ ایمان و امان و تندرستی

ایضاً۔ جس شخص کو بخار آتا ہو اس نقش مکرم کو چینی کی رکابی پر لکھکر مینھ کے پانی سے دھو کر پلاوے بخار جاتا رہے گا نقش یہ ہے........

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے تپ کے نقش قلنا یا نار کونی کو لکھکر کلائی میں باندھے نقش یہ ہے

۷۸۶

۴۱۷	۴۱۰	۴۱۵
۴۱۲	۴۱۴	۴۱۶
۴۱۲	۴۱۸	۴۱۵

ایضاً۔ جب کسی شخص کو بخار آتا ہو سفید کپڑے کی چٹ پر یہ نقش لکھ کر اور مرغی کے انڈے پر لپیٹ کر بھوبل میں دباوے، جب انڈا پک جاوے تو بیمار کو کھلاوے اور اس کے پوست و چھلکے کو کپڑے میں لپیٹ کر بخار والے کے ہاتھ میں باندھے۔ نقش یہ ہے..........

خرجی باخیر من فلاں

۷۸۶

ر	ح	م	ا	ن
۴	۴۸	۱۹۸	۱۱	۳۸
۹	۴۱	۲	۵۱۰	۲۹۹
۴۹	۹۹	۶	۳۷	۵
۷	۴	۵۳	۱۹۷	۱۰

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے تپ کے نقش یا رحمٰن لکھکر دھو کر پلاوے نقش یہ ہے..........

۷۸۶

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵

ایضاً - جس شخص کو بخار آتا ہو اور اسکے ہاتھ میں یہ نقش لکھکر باندھے، بخار دور ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے..........

ایضاً - جس کو بخار آتا ہو اس دعا کو پڑھے، اگر پڑھنا ممکن نہ ہو تو لکھکر اپنے پاس رکھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم بسم النور بسم المنور علی نور بسم اللہ ھو مبر الامور بسم اللہ مرو البسم اللہ الذی خلق النور من النور الحمد للہ الذی خلق النور من النور ینزل علی الطور فی کتاب مسطورۃ بقدرۃ مقدور علی مجبور الحمد للہ الذی ھو بالمعز مذکور بالفخر مشہورۃ وعلی السراء والضراء مشکور وصلے اللہ علی محمد والہ اجمعین۔

فصل ۹ - پھوڑے اور دنبلوں وچیچک ووادکے دفع ہونے میں وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا تک سیاہی سے لکھکر روغن بنفشہ سے محو کرکے بدن پر ملے - پھوڑوں اور امراض بدنی سے شفا پاوے

ایضاً - جس شخص کے داد ہو جاوے ملتانی مٹی پر اس آیت کو لکھے فاصابہا اعصار فیہ نار فاحترقت اور دھوکر داد پر ملے۔ شفا پاوے

ایضاً - جس شخص کے سر میں دانے ہوں وہ اس آیۃ کو لکھکے اور روغن بنفشہ سے محو کرکے وہ روغن سر میں لگاوے۔ آیۃ یہ ہے وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا

ایضاً - جس شخص کو پھوڑے پھنسی کثرت سے ہوں وہ ہر روز سات بار آیہ کریمہ سَنَسِمُهُ عَلَى الْخُرْطُومِ إِنَّا بَلَوْنَاهُمْ كَمَا بَلَوْنَا أَصْحَابَ الْجَنَّةِ إِذْ أَقْسَمُوا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِينَ وَلَا يَسْتَثْنُونَ ○ فَطَافَ عَلَيْهَا طَائِفٌ مِّن رَّبِّكَ وَهُمْ نَائِمُونَ فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ پڑھا کرے فَأَصْبَحَتْ كَالصَّرِيمِ کو سات بار تکرار کرے دانوں سے محفوظ رہے گا

ایضاً - جب کوئی عارضہ چیچک کا پھیلے اس نقش کو لکھکر اپنے پاس رکھے نقش یہ ہے...

۷۸۶

۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱
۴	۱۵	۱۰	۱۵

ایضاً - اس نقش کو لکھکر لڑکوں کے گلے میں ڈال دے نقش یہ ہے.....

۷۸۶

۱۴۸۸۹	۱۴۸۸۴	۱۴۸۹۲
۱۴۸۹۰	۱۴۸۸۸	۱۴۸۸۶
۱۴۸۸۵	۱۴۸۹۲	۱۴۸۸۷

فصل ۱۰ - یرقان میں۔ جس کو یرقان کا عارضہ ہوجائے اس نقش کو کاغذ پر لکھکر گلے میں ڈالے مریض جلد صحت پاوے نقش یہ ہے ....

۷۸۶

الرٰ — کھیعص کفیت — الا اللہ

صٓ والقرآن ذی الذکر (دائیں جانب) — حمٓ عسق (بائیں جانب)

۵۲	۴۰	۲۸	۹۶	۴
۸۸	۱۶	۴۴	۳۲	۸۰
۷۴	۷۲	۱۰۰	۸	۵۶
۲۰	۴۸	۳۶	۶۴	۹۲
۷۶	۸۴	۱۲	۶	۳۸

رسول اللہ — یٰسٓ والقرآنِ الحکیم — حمٓ

ایضاً

جس کو یرقان ہوجائے اس نقش کو لکھ کر گھول کر اس پانی سے مریض کا منہ دھووے خدا چاہے تو مریض بہت جلد صحت پاوے نقش یہ ہے:

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۵
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۳

ایضاً۔ جس کو یرقان ہوجاوے سورۃ سبا کو چینی کی رکابی پر لکھے اور میٹھے پانی سے دھو کر مریض کو پلاوے

ایضاً۔ سورۃ لم یکن چینی کی رکابی پر لکھکر جس کو یرقان کی بیماری ہو پلاوے مریض صحت پاوے

فصل ۱۱۔ لقوہ و فالج و عرق النساء و نقرس میں۔ جبکو لقوہ ہوجاوے آیہ کریمہ قد نریٰ تقلّب وجهك في السماء فلنولّينّك قبلة ترضاها سے عما تعملون تک ایک رکابی قلعی دار پر مشک و زعفران و گلاب سے لکھکر دھو کر منہ پر ملے اور اس رکابی میں مثل آئینہ کے اپنا منہ دیکھے

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے نقرس یا درد پا کے نقش آیہ کریمہ کو لکھے اور ران میں باندھے نقش یہ ہے......

۷۸۶

۱۱۲۱	۱۱۱۷	۱۰۲۴
۱۰۲۳	۱۰۲۱	۱۰۱۹
۱۰۱۸	۱۰۲۵	۱۰۲۰

ایضاً۔ جسے لقوہ فالج یا عرق النساء ہوجاوے وہ اس نقش کو لکھکر گلے میں ڈالے نقش یہ ہے...

۷۸۶

۲۵	۲۴	۲۳	۱۱	۱	۸۰	۴۹	۵۸	۴۷
۴۲	۳۴	۳۳	۲۳	۱۱	۶	۷۹	۳۸	۵۷
۵۷	۵۴	۴۳	۳۲	۲۱	۱۰	۸	۷۸	۲۷
۲۲	۵۵	۵۳	۴۲	۳۱	۱۰	۱۸	۷	۷۷
۷۲	۲۵	۹۳	۵۲	۴۱	۳۰	۱۹	۱۷	۱۲
۵	۷۵	۱۴	۸۲	۵۱	۴۰	۳۱	۲۷	۱۲
۱۵	۴	۷۴	۷۲	۲۱	۷۰	۳۹	۲۸	۱۲
۱۵	۴	۷۳	۳	۷۱	۵۰	۴۹	۳۸	۳۴
۳۵	۲۴	۱۳	۲	۷	۷	۵۹	۴۸	۳۷

فصل ۱۲۔ رعشہ و برص و جذام میں۔ جس کو رعشہ کا عارضہ ہو آیۃ بل یداہ مبسوطتان آخر آیۃ تک۔ ید اللہ فوق ایدیہم سے آخر تک پڑھکر دم کیا کرے

ایضاً۔ واسطے دفع رعشہ کے نقش یا قوی اگر ہاتھ میں ہو تو کلائی میں باندھے اور سر میں ہو تو ٹوپی میں رکھے۔ نقش یہ ہے.........

۴۸۶

یا	ق	و	ی
۳۵	۸	۴۰۶	۳
۳۹	۵	۵۷	۲۵
۵۵	۳	۷	۵۱

ایضاً۔ جس کو برص یا جذام کا عارضہ ہووے وہ بیس روز تک روزہ رکھے اور افطار کے وقت یا مجید پندرہ بار پڑھے

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے عارضہ برص و جذام کے سورۃ الحمد اور آیۃ الکرسی اور آیۃ قطب ثم انزل علیکم سے آخر آیۃ تک اور آخر آیۃ سورہ حشر یعنی لو انزلنا ھذا القراٰن آخر سورہ تک ایک ہزار بار پانی پر دم کرے اور پانی تمام بدن پر ملے

فصل ۱۳۔ حمل رہنے وحفظ جنین میں۔ جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو وہ اور اس کا شوہر دونوں جمعہ کے دن روزہ رکھیں اور شکر و بادام سے افطار کریں اور افطار کے وقت پانی ہرگز نہ پییں اور یہ آیۃ کریمہ اِنِّی خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ سے رَضِیًّا تک شہد سے کانچ کی طشتری پر لکھے اور میٹھے پانی سے دھووے اور چوبیس مٹرلے کے ہر مٹر پر اس آیۃ کو مرد و عورت ایک ایک بار پڑھیں پھر ان مٹروں کو شہد کے پانی میں جوش دیں۔ بعد اس کے مرد اور عورت سورۂ مریم کو پڑھنا شروع کریں اور انھیں مٹروں کے پانی میں تھوڑا آب انگور ملا کر نصف مرد اور نصف عورت پی لیں اور پھر دونوں بستر طاہر پر سو رہیں۔ بعد نصف شب کے مرد اپنی عورت سے جماع کرے انشاء اللہ حمل رہے گا اور یہ عمل سات شب تک پے در پے کریں۔ مجرب ہے۔

ایضاً۔ جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو وہ جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے بعد افطار کے اکیس بار پڑھے اَلْمُصَوِّرُ ھُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُکُمْ فِی الْاَرْحَامِ کَیْفَ یَشَآءُ اور پانی پر دم کر کے عورت پیئے اور یہ عمل سات روز تک کرے۔

ایضاً۔ جس عورت کا حمل گر پڑتا ہو، سات پتے ریحان زرد کے لے کر آیۃ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَۃٍ سے اَلْخَالِقِیْنَ تک لکھ کر عورت کو کھلاوے اور اس کے اوپر گائے کا دودھ پلاوے تین روز تک یہ عمل کرے حمل نہ گرے گا۔

ایضاً۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو وہ اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے فرزند نرینہ پیدا ہو اور خدا کے حکم سے جمیع آفات سے بچاتا ہے

اور عمر طبعی تک پہونچے نقش یہ ہے.........

الیضاً ۔ اس آیہ کریمہ کو حاملہ کی کمر میں باندھے جب چالیس روز گزر جاویں کھول ڈالے جب نواں مہینہ شروع ہو پھر باندھے ۔ جب لڑکا پیدا ہو تو اس کے گلے میں یہ تعویذ ڈالے لڑکا جمیع آفات اور بلیات سے ہمیشہ محفوظ رہے گا ۔ وہ آیتہ یہ ہے التی احصنت فرجہا سے راجعون تک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے کچے سوت میں باندھ کے کمر میں باندھے ۔

ا
۳۱۱۹ ۳۱۴۰ ۲۱۴۷
۲۴۹ ۲۱۴
۳۱۹ ۲/ ۲۱۳۴ ۲۱۳۷
۲۱۴

۷۸۶

۷۶	۷۹	۷۲	۶۹
۸۱	۷۰	۷۵	۸۰
۷۱	۷۴	۷۷	۸۴
۷۸	۷۲	۷۳	۸۳

الیضاً ۔ جب عورت کا حمل گر جاتا ہو وہ اس نقش کو لکھکر اپنی کمر میں باندھے یہ نقش آیت انہم یکیدون کیداً کا ہے نقش یہ ہے

الیضاً ۔ جو کوئی آیہ اذ قالت امراۃ عمران سے بغیر حساب تک زعفران اور گلاب سے ہرن کی جھلی پر لکھے اور حاملہ کی کمر میں باندھے تو بچہ جمیع صدمات سے بچا رہے گا اور جب لڑکا پیدا ہو تو چاندی کی ڈھولنی میں رکھ کے گلے میں ڈالے ۔ لڑکا کم روئے گا ۔

فصل ۱۴ ۔ دردزہ کے دفع ہونے اور لڑکے کے بہ آسانی پیدا ہونے میں ۔

جب عورت دردزہ میں مبتلا ہو اور لڑکا نہ ہوتا ہو تو ان کلمات کو لکھ کر عورت کی کمر میں باندھے ۔ حنۃ ولدت مریم ولدت عیسیٰ الارض فدعولت الیہا المولود الیہا المولود بقدرۃ اللہ تعالےٰ ۔ الیضاً ۔ جب حمل کے پانچ مہینے گزریں تو اس نقش کو لکھکر عورت کے گلے میں باندھے اور اس کو زعفران اور مشک و گلاب سے لکھے اور سیندور سے دھونی دلوے دردزہ بہت کم ہو گا لڑکا بہ آسانی پیدا ہووے ۔ نقش یہ ہے.........

۷۸۶

اللہ	رسول	محمد	اللہ	الا	لاالہ
لاالہ	اللہ	رسول	محمد	اللہ	الا
الا	لاالہ	اللہ	رسول	محمد	اللہ
اللہ	الا	لاالہ	اللہ	رسول	محمد
محمد	اللہ	الا	لاالہ	اللہ	رسول
رسول	محمد	اللہ	الا	لاالہ	اللہ

الیضاً ۔ جب عورت کو دردزہ ہو اور لڑکا نہ پیدا ہوتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر پاک کپڑے میں لپیٹ لے اور زچہ کی ران میں باندھے اور جب لڑکا پیدا ہو جائے تو فوراً کھول ڈالے نقش یہ ہے.........

۷۸۶

۳۲۲۷۸	۳۲۲۷۱۳	۳۲۲۸۰
۳۲۲۷۹	۳۲۲۷۷	۳۲۲۷۵
۳۲۲۷۴	۳۲۲۸۱	۳۲۲۷۶

فصل ۱۵۔ جموگہ میں جب لڑکے کو ام الصبیان ہوجائے تو آیۃ فاذا قرأت سے ان یفقہوہ تک کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈالے لڑکا جموگہ سے نجات پاوے

۷۸۶

۳۳۳۷ ۵	۳۳۳۴ ۵	۱۳۳۷ ۵	۳۲ ۴۰ ۵
۳۳۲۸ ۵	۳۳۳۹ ۵	۳۳۳۸ ۵	۳۳ ۳۳ ۵
فلاں	۳۳۲۹ ۵	۳۳۳۳ ۵	۳۲۳۵ ۵
۳۳۳۱ ۵	۳۳۲۹ ۵	۳۳۳۳ ۵	۳۳۳۳ ۵

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے جموگہ کے اس نقش کو لوہے کی تختی پر کندہ کرے اور تین پیسے کی شیرینی منگا کر تختی پر رکھ کر حضرت علیؓ کی فاتحہ دے کر لڑکوں پر تقسیم کرے اور تختی کو گلے میں لڑکے کے ڈالے نقش یہ ہے.........

میکائیل ۲۱۳۳ ۷۸۶ ۲۲/۵ جبرائیل

ربی	وہاب	واحد	حی
حی	واحد	وہاب	ولی
وہاب	ولی	حی	واحد
واحد	حی	ولی	وہاب

اسرافیل عزرائیل

ایضاً۔ واسطے جموگہ کے اس نقش کو تانبے کی تختی پر کندہ کرا کے اس نقش کو گلے میں ڈالے نقش یہ ہے.........

فصل ۱۶۔ گریۂ اطفال اور بچوں کے باسانی دانت نکلنے میں۔ جب لڑکا بہت روتا ہو تو اس نقش کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے نقش یہ ہے.........

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۷	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴		۱۶

ایضاً۔ جو بچہ بہت روتا ہو یا سوتے میں چونک پڑتا ہو سورۂ ابراہیم کو لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے

ایضاً۔ جب لڑکا روتا ہو تو اس نقش کو لکھکر اس کے گلے میں ڈالے نقش یہ ہے..

۷۸۶

۱۸	۱۰	۲۳	۱۴	۱
۱۲	۳	۱۶	۸	۲۶
۶	۲۴	۸	۲	۱۹
۵	۱۰	۹	۴۲	۱۳
۲۵	۱۱	۳	۳	۷

ایضاً۔ بچوں کے دانت نکلنے میں دشواری ہو اور لڑکا بیمار ہو جائے نقش یا متین کو شہد سے محو کر کے اسکے مسوڑوں پر ملے نقش یہ ہے.......

۷۸۶

ن	ی	ت	م
۴۲	۴۱	۴۹	۱۱
۴۳	۴۲	۸	۴
۵	۴	۴۴	۴۷

ایضاً۔ جب بچہ کے دانت دشواری سے نکلیں تو سورۂ قٓ لکھ کر آب باراں سے دھو کر پلاوے دانت بہ آسانی نکلیں گے۔

فصل ۱۷۔ افزونی شیر میں۔ جب عورت کے دودھ کم ہو آیۂ کریمہ اَلَّذِیْ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَہٗ کو تَشْکُرُوْنَ تک چینی کی رکابی پر لکھکر آب باراں سے دھو کر دو حصہ کرے ایک حصہ مرضعہ کو پلاوے

اور نصف اس کے کھانے میں ملاوے اور سات روز تک یہ عمل کرے

الیضاً۔ واسطے زیادتی شیر کے نقش یا لطیف کو لکھکر مرضعہ کے گلے میں باندھے نقش یہ ہی۔۔۔

۷۸۶

۴۴	۳۹	۴۶
۴۵	۴۲	۴۱
۴۰	۴۷	۴۲

الیضاً۔ نقش یا مغنی کو لکھکر عورت دودھ والی کے گلے میں باندھے نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔۔

فصل ۱۸۔ دفع نسیان و زیادتی حافظہ و فہم میں۔

۷۸۶

۱۳۴	۱۲۸	۱۳۱	۱۱۷
۱۱۹	۱۱۸	۱۲۳	۱۲۹
۱۱۹	۲۴۴	۱۲۶	۱۲۲
۱۲۷	۱۲۵	۱۲۰	۱۳۳

واسطے زیادتی حافظہ کے الم ذلک الکتب سے ھم المفلحون تک چینی کی رکابی پر مشک و زعفران سے لکھکر جمعرات کے دن نہار منہ پانی سے دھو کر پیئے قوت حافظہ زیادہ ہو

الیضاً۔ اگر کسی کا حافظہ کم ہو جمعہ کے دن آٹھویں ساعت میں کاسنی کے پتے پر زعفران اور گلاب سے آیۃ وھو الذی انزل علیک الکتب سے المیعاد تک لکھے اور دریا کے پانی سے دھو کر قبل طلوع آفتاب کے سات دن تک پیئے حافظہ زیادہ ہوگا جو کوئی وَاِمَّا یَنْزَغَنَّکَ مِنَ الشَّیْطٰنِ سے مُبْصِرُوْن تک جمعرات کے دن قبل طلوع آفتاب کے زعفران اور گلاب سے سات پرچہ کاغذ کے لکھے اور ایک ایک پرچہ کو ہر روز نگل جائے حافظہ تیز ہوگا

فصل ۱۹۔ دفع بواسیر میں۔ جس کو عارضہ بواسیر کا ہو جائے وہ یہ آیۃ واذ یرفع ابراھیم القواعد من البیت واسمعیل ربنا تقبل منا انت انت السمیع العلیم کو بلوری طشتری پر زعفران اور گلاب سے لکھے اور انگور سیاہ کے پانی سے دھو کر پیئے۔ الیضاً۔ جس کو بواسیر ہو۔ ہفتہ کے دن اس تعویذ کو لکھے اور کمر میں باندھے بسم اللہ الرحمن الرحیم یا رحیم کل صریخ و مکروب یا رحیم وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین۔

۷۸۶

۴۳۳	۴۲۷	۴۳۴
۴۳۲	۴۳۱	۴۲۹
۴۲۸	۴۳۵	۴۳۰

الیضاً۔ واسطے دفع ہونے بواسیر کے نقش آیہ کریمہ لا یرون فیھا شمسا ولا زمھریرا کو لکھکر اپنے ہاتھ میں باندھے نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔۔

۷۸۶

۱۲	۳۵	۳۸	۵
۳۷	۶	۱۱	۳۶
۷	۴۰	۳۳	۱۰
۳۴	۹	۸	۳۵

الیضاً۔ واسطے دفع ہونے بواسیر کے نقش یا ملک کو لکھکر کمر میں باندھے نقش یہ ہے۔۔۔۔

خاتمہ

جس گھر میں موذی جانور ہوں تانبے کی رکابی پر عصارہ برگ زیتون سے آیۃ سنجد ون آخرین سے مبیناً تک لکھے اور پانی سے دھو کر گھر میں دیواروں پر چھڑک دے، جانور بھاگ جائیں گے۔ جس گھر میں سانپ یا بچھو یا مچھر یا پسو وغیرہ بہت ہوں۔ پہلی تاریخ محرم کو آیۃ ان من اھل القرٰی ان یاتیھم باسنا بیاتا وھم نائمون او امن اھل القرٰی ان یاتیھم باسنا ضحی وھم یلعبون افامنوا مکر اللہ فلا یامن مکر اللہ الا القوم الخسرون کو کاغذ پر لکھے اور پانی سے دھو کر گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دے۔ موذی جانور بھاگ جائیں گے۔ ایضاً۔ زیتون کے چار پتے لے کر الم تر الی الذین خرجوا من دیارھم سے آخر آیۃ تک گھر کے چاروں کونوں میں چھڑک دے وہ جانوران موذی سے محفوظ رہے گا۔ جس کو علم کیمیا حاصل کرنے کا شوق ہو اسکو چاہیئے کہ چالیس روز تک متواتر روزہ رکھے اور ابتدا روزہ کی جمعہ سے ہو اور سوتے وقت سات بار سورہ والشمس اور سات بار واللیل کو اور سات بار والضحٰی کو اور سات بار الم نشرح اور سات بار قل اللھم ملک الملک توتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک الخیر انک علی کل شیء قدیر تولج اللیل فی النھار وتولج النھار فی اللیل وتخرج الحی من المیت وتخرج المیت من الحی وترزق من تشاء بغیر حساب اور اس دعا کو پڑھے اللھم انی اسئلک بقدرۃ علی کل شیء وتیسیرک علی کل شیء استجیر کل شیء یا احد یا قھار یا وتر یا حی یا حی یا قیوم ان تصلی علی سیدنا محمد وآلہ ان تیسر لی العلم القلال من سترہ عن کثیر من حلقت واکرمت بہ کثیرا من عبادک فتغنی عمن سواک فانک مالک الملک وبیدک مقالید السموات والارض فانت علی کل شیء قدیر۔ مؤکل اس کا مسخر ہو گا اور ہر وقت اس کا مطیع رہے گا اور کیمیا اس سے حاصل ہو گی۔

جس کنوئیں کا پانی خشک ہو جاوے سات کوری ٹھیکریوں پر آیہ کریمہ وھی تجری بھم فی موج کالجبال قف ونادٰی نوح ابنہ وکان فی معزل یبنی ارکب معنا ولا تکن مع الکفرین قال ساوی الی جبل یعصمنی من الماء قال لا عاصم الیوم من امر اللہ الا من رحم وحال بینھما الموج فکان من المغرقین

در النظیم میں لکھا ہے کہ کنواں کھدوانا اور نہر بنوانا منظور ہو تو آیہ کریمہ اُرْکُضْ بِرِجْلِکَ سے شراب تک پڑھے۔ پانی میٹھا نکلے اور کثرت سے ہووے

ایضاً۔ جس شخص کو سانپ یا بچھو یا کسی جانور موذی نے کاٹا ہو اس کو نقش یا چی کھول کر پلاوے بفضلہ تعالیٰ شفا پاوے نقش یہ ہے...

۷۸۶

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

ایضاً۔ جب وبا پھیلے تو سلامٌ قولاً من رب رحیم سو بار پڑھے اور پانی پر دم کر کے تھوڑا تھوڑا پانی سب کو پلاوے۔ اللہ تعالیٰ وبا سے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

۷۸۶

۱۴	۱۱	۸	۱
۷	۳	۱۳	۱۲
۹	۱۶	۳	۶
۴	۵	۱۰	۵

ایضاً۔ جب کوئی شخص سفر میں جانے کا ارادہ رکھتا ہو تو اس نقش کو لکھکر اپنے گلے میں ڈالے نقش یہ ہے۔۔۔

ایضاً۔ جس کو کتے نے کاٹا ہو اس نقش کو لکھکر اس کے گلے میں باندھے اور ایک نقش روز لکھ کر پلاوے نقش یہ ہے.........

۷۸۶

۳۴۰۱۱	۳۴۰۶	۳۴۱۳
۳۴۱۲	۳۴۱۰	۳۴۰۸
۳۴۰۷	۳۴۱۴	۳۴۰۹

ایضاً۔ جس کو بندر یا کسی اور جانور نے کاٹا ہو۔ اس نقش متبرک کو کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اس کے گلے میں ڈالے نقش یہ ہے۔۔

۷۸۶

۴۸۰۹۷	۴۸۰۹۳	۴۸۰۹۹
۴۸۰۹۸	۴۸۰۹۶	۴۸۰۹۷
۴۸۰۹۳	۴۸۰۱۰۰	۴۸۰۹۵

ایضاً۔ واسطے محافظت کھیت کے اس دعا کو کاغذ پر لکھ کے اور درمیان دو کورے سکورے کے رکھ کے کھیت میں دفن کر دے جملہ آفات سے کھیت محفوظ رہیگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم یارازق العباد یاخالق الخلائق
یا فاطر السمٰوات و یا منبت الزرع فی الارض والنبات
و یا مجیب الدعوات ادفع من ھذا الزرع شھرا لحرام
الوحوش و شر الفارۃ والخنازیر المسدۃ وارزقنا
رقاحتہ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ
محمد و آلہ واصحابہ وازواجہ
واھل بیتہ اجمعین
برحمتک یاارحم
الراحمین

یازدہ سورہ عکسی کی اقسام اور دیگر اردو وظائف

یازدہ سورہ شریف مترجم عکسی کلاں دو رنگین، جس میں دعائے گنج العرش، درود تاج، درود لکھی عہدنامہ کے علاوہ سورۃ یٰسین، فتح، الرحمٰن، واقعہ، الملک، نبا، اخلاص، فلق، الناس، لوح المزمل ہیں۔ اردو ترجمہ انتہائی سلیس و بامحاورہ ہے ۱/۲×۸/۲×۵ کے موزوں سائز کے ساتھ کتابت و طباعت عمدہ ہے۔ کاغذ بہترین آفسیٹ پیپر چھپائی رنگین حوالہ ۴۹ ہدیہ ۵۰

دیدہ زیب اور مضبوط پلاسٹک کور میں حوالہ ۴۹ ہدیہ

دوازدہ سورہ شریف مترجم عکسی کلاں دو رنگ میں سورہ کہف، فتح، الرحمٰن، واقعہ، الملک نبا، اخلاص، فلق، الناس، مزمل، یٰسین، لوح کے ساتھ دعائے گنج العرش درود تاج درود لکھی عہدنامہ وغیرہ بھی شامل ہیں۔ سائز موزوں یعنی ۱/۲×۵ ۱/۲×۸ ضخامت ۱۶۶ صفحات اردو ترجمہ، سلیس و بامحاورہ ہے۔ کاغذ عمدہ آفسیٹ پیپر چھپائی دو رنگ میں بذریعہ فوٹو آفسیٹ

حوالہ نمبر ۴۲ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنہری جلد

حوالہ نمبر ۴۲P ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ پلاسٹک کور

چودہ سورہ شریف مترجم عکسی۔ چودہ مختلف سورتوں کا مجموعہ ہے۔

مجلد سنہری کور ــــــــ ــــــــ

پلاسٹک کور میں ــــــــ

بازدہ سورہ خورد پاکٹ (چھوٹی سی تقطیع میں ننھا منا سا۔

یازدہ سورہ جلی قلم با آسانی تلاوت ہو سکتی ہے۔

حوالہ نمبر ۵۰ ــــــــ سنہری جلد

حوالہ نمبر ۵۰P ــــــــ پلاسٹک کور

اگر آپ کو اللہ تعالیٰ سے دعائیں مانگنے کی آرزو ہے تو

دلائل الخیرات

عکسی۔ مترجم۔ کلاں۔ رنگین ملاحظہ فرمائیے

اس میں تمام ضروری دعائیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وظائف، فضائل اور آپ پر درود و سلام بھیجنے کا مدلل اور مفصل تذکرہ اس کے علاوہ وظائف صلوٰۃ و مناجات ہیں۔ جن کا ورد تمام عالی مقام بزرگان دین کیا کرتے تھے۔ نیز اسمائے باری تعالیٰ بھی شریک ہیں اور ساتھ ساتھ تمام ہی دعاؤں کا اردو ترجمہ بھی بہت ہی آسان اور سلیس زبان میں کیا گیا ہے۔ موزوں ترین کتابی سائز یعنی ۱/۲×۵ ۱/۲×۷ دو رنگ میں کتابت روشن حروف الگ الگ طباعت بذریعہ فوٹو آفسیٹ کاغذ بہت عمدہ سفید اور گلیز

مجلد سنہری چمکدار	روپے
مجلد عمدہ ریگزین	"
مجلد شاندار پلاسٹک	"
حیاۃ الصحابہ اردو مجلد اول	"

حیاۃ الصحابہ اردو مجلد دوم /- حیاۃ الصحابہ اردو مجلد سوم /- اکابر کے خطوط ۱/-

حضرت مولانا الیاسؒ اور انکی دعوت /- فضائل صدقات مجلد پلاسٹک /-

جماعت تبلیغ پر اعتراضات کے جوابات /- فضائل حج مجلد ۵۰/۴ حکایات صحابہ

کتب خانہ اشاعت الاسلام رجسٹرڈ چتلی قبر دہلی ۶

آفتاب شہرت مصنفین کی چند تصنیفات

تبلیغی کتب

تبلیغی نصاب جلد اول مجلد پلاسٹک
" جلد دوم " "
فضائل صدقات "
فضائل حج
فضائل نماز
فضائل تبلیغ
فضائل ذکر
فضائل قرآن مجید
فضائل رمضان
فضائل درود شریف
حکایات صحابہؓ
تبلیغ کیا ہے؟
تبلیغی سات نمبر
تبلیغی تقریریں
تبلیغی تحریک کی ابتداء اور اسکے بنیادی اصول
جماعت تبلیغ پر اعتراضات کے جوابات
جنت کا ٹکٹ
چھ باتیں
آخرت کے فکرمندوں کے ۵ قصے
اسلام میں پردہ کی حقیقت
احوال برزخ
اکرام المسلمین
آداب معیشت
اصلاح انقلاب
اصلاح معاشرت
اسلامی زندگی

اسلامی معلومات مکمل
ارکان اسلام
امت مسلمہ کی مائیں
پیام عمل
چار ستارے
حضرت مولانا الیاسؒ اور انکی دعوت
حضرت جی کی یادگار تقریریں ۵
حیات صحابہؓ مجلد اول
" دوم
" سوم
حضرت ابوبکرؓ
حضرت عمرؓ
حضرت عثمانؓ
حضرت علیؓ
حضرت خالدؓ
حضرت ابوہریرہؓ
حضرت بلال
حج اور اس کی دعائیں
حضرت انسؓ
حجۃ الوداع
حل المشکلات
خدا کی جنت
خدا کا ذکر
خواجہ اجمیری
دین خالص
دعوت ذکر

داڑھی اور اس کا فلسفہ
درود شریف کا عجیب وظیفہ
رسول اللہ کی دعائیں
رسول اللہ کی پیشین گوئیاں
رسول اللہ کی نعتیں و سلام
رسول اللہ کی صاحبزادیاں
رفیق حج
صبح و شام کی دعائیں
عورتوں و مردوں کے مخصوص مسائل
عورتوں کی نماز
غلط مسئلے
قرآنی نصیحتیں
کسب حلال و ادائے حقوق
مناجات کا خزانہ
معین التجوید
مسنون و مقبول دعائیں
میری نماز
مسلمان خاوند
مسلمان بیوی
میدان حشر
مرنے کے بعد کیا ہوگا؟
مسلم خواتین کیلئے بیس سبق
مسلمانوں کی پستی کا واحد علاج
نصائح رسول کریم
والدین کے حقوق
اکابر کے خطوط

کتب خانہ اشاعت الاسلام رجسٹرڈ چوڑیوالان دہلی ۶

دلائل الخیرات عکسی مترجم کلاں

اردو ترجمہ کے ساتھ رنگین ۔ کتابی سائز ۔ مترجم جلد سنہری ورق کی ڈائی دار ۔ چملکی نیا قسم کی
اس میں تمام ضروری دعائیں وظائف نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل اور حضور پر نور پر درود و سلام بھیجنے
کا مدلل اور مفصل تذکرہ اس کے علاوہ وظائف صلوٰۃ مناجات ہیں جن کو تمام عالی مقام بزرگان دین ورد
کیا کرتے تھے۔ نیز اسماء باری تعالیٰ بھی شریک ہیں۔

ریگزین جلد ۔ پلاسٹک جلد ۔ خرچہ محصول ڈاک الگ جو بذمہ خریدار ہوگا

پڑھیے اور دیکھیے

کہ کوزے میں دریا کس طرح بند کیا گیا ہے

دعائے حزب الاعظم کتابی سائز رنگین

پورے ہفتہ کی دعائیں یعنی سات دنوں کی مکمل سات دعائیں جن کو حاشیوں اور معتبر کتابوں میں سے مرتب کرکے کوزے میں دریا بند کر دیا ہے۔ قرآن کریم سے لے کر آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے درود اور دعائیں اس میں پوری طرح درج ہیں۔

دعائے حزب الاعظم کتابی سائز عکسی رنگین مجلد
" " " " " ریگزین اسکرین پرنٹنگ
" " " " " مجلد پلاسٹک اعلیٰ قسم سوغات ایڈیشن

پی

سولہ سورہ مترجم۔ پر اثر دعاؤں کا خوشنما مجموعہ، بہترین کتابت دو رنگی عکسی طباعت، سبز اور زرد حنا پر فوٹو لیا گیا ہے ۲۵۰-۲/ زرد حنا مجلد ریگزین ۲۵۱/ سبز حنا مجلد ریگزین ۲۵۲/ ۔ کاغذ مثل آرٹ پیپر پلاسٹک جلد سے مزین سبز حنا ہدیہ

کتب خانہ اشاعت الاسلام رجسٹرڈ چوڑی والان دہلی ۶

ٹرانسسٹر ریڈیو گائیڈ

ٹرانسسٹر ریڈیو گائیڈ آج کل کافی چالو ہوگیا ہے۔ اس کتاب میں اس کے بنانے کی ترکیب درج کی گئی ہے اور مرمت کا بھی پورا بیان دیا گیا ہے۔ اس کتاب کے پاس ہونے پر اس کی مدد سے خود بخود ٹرانسسٹر بنا سکتے ہیں اور مرمت بھی کر سکتے ہیں۔ اردو ہندی بھاشا ۱۵/-

صابن انڈسٹری (مصنفہ سرتیش چندر سہگل) آپ بھی تھوڑی پونجی سے ہر قسم کے صابن جیسے نہانے کے کپڑے کپڑا دھونے کے شیونگ سوپ، لیکوئڈ سوپ وغیرہ بنا کر دولت مند بن سکتے ہیں کتاب میں ان سب طرح کے صابن بنانے کے خفیہ راز کام میں آنے والی مشینیں کچا مال ملنے کے پتے وغیرہ ساری باتیں خلاصہ کر کے لکھی ہیں قیمت

سلیٹ اور سلیٹ پنسل بنانا

اس کتاب میں ہر قسم کی سلیٹ بنانے اور سلیٹ پنسل اصلی و مصنوعی تیار کرنے کے کام سکھلائے گئے ہیں۔ اس وقت اگر آپ یہ کام شروع کر دیں تو ہزاروں روپے ماہوار پیدا کر سکتے ہیں۔ کئی ایک کارخانے یہی کام کر رہے ہیں۔ لیکن تا حال ابھی تک مانگ پوری نہیں ہو سکی قیمت فی جلد ۵۰/ علاوہ محصول ڈاک۔

ہر قسم کی میٹل پالش بنانا

اس کتاب میں دھاتوں کو چمکانے اور میٹل پالش مثلاً براسو وغیرہ کی میٹل پالش بنانا سکھائے گئے ہیں۔ بہت عمدہ کتاب ہے

قیمت .... صرف .... دو روپے

الیکٹرو پلیٹنگ گائیڈ یعنی گلٹ سازی

اس کتاب میں بجلی و دیگر ذرائع سے سونا چاندی تانبہ جست وغیرہ مختلف اشیاء پر چڑھانا اور مشینری کا مکمل حال معہ تصاویر و نقشہ جات سمجھایا گیا ہے یہ کتاب سورگباشی اگیانی گوردت جی کی تصانیف میں سے ہے جو ہنیل کالج لاہور کے پروفیسر اور امریکہ کے تعلیم یافتہ ہونے کے علاوہ عملی طور پر خالصہ الیکٹریکل انجینیر کالج لاہور میں کام کی عملی تعلیم بھی دیتے رہے ہیں غرضیکہ یہ کتاب گلٹ سازی کا کام سیکھنے والوں کے واسطے بے بہا قیمتی ثابت ہوگی۔ قیمت فی جلد صرف ۔ علاوہ محصول ڈاک

پتہ: بی۔ ایس۔ سنت، سنگھ اینڈ سنز پبلشرز نئی سڑک مجوری والان دہلی ۶

فتّاح

بیاضِ سلیمانی

معروف بہ

نقشِ سلیمانی

حصّہ چہارم

تالیف

عامل باکمال حضرت خواجہ اشرف علی صاحب لکھنوی

ناشر

جے ایس سنت سنگھ اینڈ سنز تاجران کتب چوڑیوالان دہلی

قیمت حصہ چہارم 2/40

فہرست مضامین بیاض سلیمانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی ھو الحی القیوم واسمہ وفیتہ لکل سحر مشوم وکلامہ القدیر ھذ القرآن العظیم انزل الینا امنا من کل بلاء وحرزا من الشیطان الرجیم وعلی اشرف الانبیاء وظہیر الاولیاء افضل الصلوات التحیات علیہ الہ واصحابہ الذین لہم درجات عند ربہم واولٰئک ھم الفائزون بنعماء الجنان

جاننا چاہیئے کہ اس کتاب میں فقیر مؤلف نے شائقین عملیات کے لیئے اعمال سریع الافعال وتعویذات مجربات لکھے ہیں کہ جن کے مؤثر ہونے میں کچھ شک نہیں مگر عقیدہ کامل اور نیت صادق ویقین واثق ہونا چاہیئے کہ یہ قبول ہی ہوگا حدیث شریف میں وارد ہے لایومن احد کم الا ھو موقن بالاجابتہ اور جس عمل کیواسطے مشائخ اکبار نے مقرر فرمائی ہے ان کا ادا ہونا بھی ضرور ہے اسواسطے پہلے مؤلف نے اس علم کے ضروری ضروری مسائل بیان کئے کہ عامل کو دریافت کرنا ان کا ضروریات سے ہے جیسے حالات منازل قمر وبروج نجوم وساعات سبعہ سیارہ وغیرہ پھر بعد اس کے خواص حروف تہجی اور منافع سورہ فاتحہ وآیۃ الکرسی وسورہ یٰسین اور اعمال واحراز ودفع فقر وفاقہ وحصول وحصول مناسب جلیلہ وتدابیر مراد تسخیر مخلوق خدا وتحفظ جان ومال ودفع سحر وآسیب وشفائے امراض و دیگر اوراد واذکار وغیرہم کو لکھا کہ اکثر لوگ اس کے شائق ہوتے ہیں جب بفضلہ تعالےٰ اس کی تدوین کامل ہوگئی تو بیاض سلیمانی نام رکھا امید فضل وکرم الٰہی سے یہ ہے کہ مقبول انام ہو اور خاص وعام کو فائدہ پہنچے جس کو اس سے نفع ہو مؤلف کو بذکر خیر یاد کرے اور اس تالیف میں گیارہ باب ہیں۔

باب اوّل منازل قمر میں

حق تعالیٰ نے ہے وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِیَاءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَہٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِیْنَ وَالْحِسَابَ ط یعنی وہ ہے جس نے بنایا سورج کو روشن اور چاند کو اجلا اور بنائیں چاند کے لئے منزلیں تاکہ جانو تم گنتی برسوں کی اور حساب اور دوسری جگہ فرمایا وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰہُ مَنَازِلَ حَتّٰی عَادَ کَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ ٥ یعنی اور چاند کو ہم نے بانٹ دی ہیں منزلیں یہانتک کہ پھر آرہے جیسے ٹہنی پرانی، جانتے ہو کہ چاند کے لئے اٹھائیس منزلیں ہیں، ہر شب میں ایک منزل طے کرتا ہے اگر ۲۹ شب کو بھی پوشیدہ رہتا ہے تو اس شب کو بھی ایک منزل طے کرتا ہے اور منزل کو اہل ہند نچھتر کہتے ہیں اور اٹھائیس منزلیں یہ ہیں شرطین[۱] - بطین[۲] - ثریا[۳] - دبران[۴] - ہقعہ[۵] - ہنعہ[۶] - ذراع[۷] - نثرہ[۸] - طرفہ[۹] - جبہہ[۱۰] - زبرہ[۱۱] - صرفہ[۱۲] - عوا[۱۳] - سماک[۱۴] - غفر[۱۵] - زبانا[۱۶] - اکلیل[۱۷] - قلب[۱۸] - شولہ[۱۹] - نعائم[۲۰] - بلدہ[۲۱] - سعد ذابح[۲۲] - سعد بلع[۲۳] - سعد السعود[۲۴] - سعد الاخبیہ[۲۵] - فرع المقدم[۲۶] - فرع المؤخر[۲۷] - رشا[۲۸] -

منزل :- ۱- شرطین اس کو ہندی میں اشونی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اسکا الف ہے جب چاند اس منزل میں ہوتا ہے لوگوں کے دلوں میں غصہ پیدا ہوتا ہے، عامل وقت میں عمل، بغض و عداوت کرے، محبت و تسخیر نہ کرے اور بخور اسکا فلفل اور شونیز ہے

منزل :- ۲- بطین ہے ہندی میں اس کو بھرنی کہتے ہیں، صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ اور حرف اس کا ب ہے، غصہ دلوں سے دور رہتا ہے، عامل محبت اور طلسمات کرے اور تعویذ شفائے امراض لکھے اگر کیمیا گر کیمیا بناوے گا ضرور بنے گا اور لڑکا پیدا ہو نیکبخت ہو اور بخور اسکا عود اور زعفران اور مصطگی ہے -

منزل :- ۳- ثریا ہے اور بعض نجم بھی کہتے ہیں، ہندی اسکا کرتکا ہے صورت اسکی یہ ہے ٥٥٥ ٥٥ حرف اسکا ج ہے جب اس منزل میں چاند ہو، عامل عمل محبت کرے اور تعویذ شفائے امراض لکھے اور جو کام اسمیں کرے گا اچھا ہو گا اور اگر لڑکا پیدا ہو اقبال مند ہو اور بخور اس کا بزرکتان اور شونیز ہے

منزل :- ۴- دبران ہے ہندی میں اسکو روہنی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥٥٥٥ حروف اسکا د ہے جب چاند اس منزل میں آتا ہے بغض و فساد دلوں میں پیدا ہوتا ہے عامل عمل محبت نہ کرے جو کام ہو گا اسکا انجام بخیر نہ ہو گا، اگر لڑکا پیدا ہو بدبخت ہو- بخور اسکا انار شیریں کے چھلکے اور لوبان تر ہے -

منزل :- ۵- ہقعہ ہے ہندی اسکی مرگشرا ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ حروف اس کا ہ ہے یہ منزل سعد و نحس ہے، عامل اس میں کوئی عمل نہ پڑھے اور تعویذ نہ لکھے بخور

اس کا عود اور لوبان اور مصطگی ہے

منزل :- ۶ - ھنعہ ہے ہندی اس کی ادرا ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ ٥ حرف اس کا و ہے یہ منزل سعد ہے عامل تعویذ محبت لکھے اور عمل ترقی دولت پڑھے بخور اس کا تخم درمنہ ترکی اور قطرب ہے۔

منزل :- ۷ - ذراع ہے ہندی میں پنربس کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ز ہے یہ منزل سعد ہے اس میں عمل محبت اور طلسمات کرے اور جو لڑکا پیدا ہو نیک ہو بخور اس کا السی ہے

منزل :- ۸ - نثرہ ہے ہندی اس کی پکھ ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حروف اسکا ح ہے یہ منزل نحس ہے اس میں عمل عداوت اور بلا کی اعدا کرے بخور اس کا کٹھ اور انار دانہ کے چھلکے ہیں

منزل :- ۹ - طرفہ ہے ہندی اس کی اشلیکھا ہے صورت اس کی یہ ہے ٥ حرف اس کا ط ہے یہ منزل نحس ہے عمل محبت نکرے اور کوئی کام نہ کرے بخور اسکا عود اور زعفران ہے

منزل :- ۱۰ - جبہہ ہے ہندی میں اس کو مگھا کہتے ہیں. صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حروف اس کا ی ہے یہ منزل سعد ہے اس میں عمل محبت اور ترقی رزق کرے بخور اس کا حب الاٰیں و زعفران ہے

منزل :- ۱۱ - زبرہ ہے ہندی میں پوربا پھالگنی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ک ہے یہ منزل سعد اکبر ہے، عمل طلسمات کرے اور امراء کے پاس جاوے اور سفر کرے اور عمل محبت کرے بخور اس کا میٹھے انار کے چھلکے ہیں۔

منزل :- ۱۲ - صرفہ ہے ہندی اس کی اونترا پھالگنی ہے. صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ل ہے یہ منزل نحس اکبر ہے عمل عداوت کرے اعمال محبت نہ کرے بخور اس کا زعفران ہے

منزل :- ۱۳ - عوا ہے ہندی اس کی ہست ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا م ہے یہ منزل نحس ہے عمل محبت نہ کرے اور عمل عداوت کرے بخور اس کا لوبان تر ہے۔

منزل :- ۱۴ - سماک ہے، اہل ہند اسکو چترا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥ حرف اس کا ذ ہے یہ منزل نحس ہے، عامل عمل عداوت کرے، بخور اسکا لوبان تر اور سپند ہے

منزل :- ۱۵ - غفرا ہے ہندی اس کی سواتی ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حروف اس کا س ہے جس وقت چاند اس منزل میں آوے عامل عمل تسخیر اور ترقی رزق اور طلسمات کرے فائدہ اٹھاوے اور بخور اس کا لوبان تر ہے

منزل :- ۱۶ - زبانا ہے اہل ہند اس کو بساکھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف

اس کا ع ہے یہ منزل سعد ہے عمل تسخیر و عداوت کرے بخور اس کا درمنہ ہے

منزل :- ۱۷ - اکلیل ہے ہندی میں انرادھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ف ہے - یہ منزل منہ اور نحس ہے عامل عمل بغض کرے عمل تسخیر نہ کرے بخور اس کا فلفل اور زعفران اور عود ہے -

منزل :- ۱۸ - قلب ہے اہل ہند اس کو جیشٹھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ص ہے یہ منزل سعد ہے عمل تسخیر اور ترقی مناصب کرے بخور اس کا ہڑ کی پتی ہے

منزل :- ۱۹ - شولہ ہے ہندی میں اسکومول کہتے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ق ہے یہ منزل سعد ہے مگر عامل اس میں عمل تسخیر اور ازدیاد مناصب نہ کرے بخور اس کا انار کے چھلکے اور مصطگی ہے

منزل :- ۲۰ - نعائم ہے اہل ہند اس کو پوربا کھاڈ کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ حرف اس کا ر ہے یہ منزل سعد ہے عمل محبت اور طلسمات کرے بخور اس کا لوبان تر ہے -

منزل :- ۲۱ - بلدہ ہے ہندی میں اس کو اترا کھاڈ کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ش ہے یہ منزل نحس اکبر ہے کوئی کام جدید نہ کرے مگر عامل عمل عداوت و بغض کرے بخور اس کا سنبل و عود ہے

منزل :- ۲۲ - سعد الذابح ہے اہل ہند سرین کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ت ہے یہ منزل نحس ہے حکام کے پاس نہ جاوے اور عامل عمل محبت نہ کرے اور عمل عداوت و ہلاکی اعدا کرے بخور اس کا کسم ہے۔

منزل :- ۲۳ - سعد بلع ہے اہل ہند اس کو دہنشٹھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ث ہے یہ منزل نحس ہے عامل عمل عداوت کرے، زیادہ شر و فتنہ اٹھے بخور اس کا بابونہ ہے

منزل :- ۲۴ - سعد السعود ہے، ہندی میں اس کو پوربا بھادرپد کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا خ ہے یہ منزل سعد ہے عامل عمل محبت و مودت و طلسمات کرے بخور اس کا عود اور مصطگی ہے

منزل :- ۲۵ - سعد الاخبیہ ہے، ہندی اس کی بکھا ست ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ذ ہے، جب چاند اس منزل میں آوے عامل عمل عداوت کرے اور عمل محبت نہ کرے کہ فتنہ و فساد جہاں میں زیادہ ہوتا ہے طلسمات اور کیمیا اور سیمیا بھی نہ کرے بخور اس کا لوبان تر اور اور فلفل ہے

منزل :- ۲۶ - فرع المقدم ہے ہندی میں اس کو اونترا بہادرپد کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ہ ہ ہ حرف اس کا ص ہے جب اس منزل میں چاند ہو عامل عمل تسخیر کرے اور کیمیا وے اور طلسمات کرے بخور اس کا لوبان تر اور زعفران اور شونیز ہے

منزل :- ۲۷ - فرع مؤخر ہے اہل ہند اس کو ریوتی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ہ ہ حرف اس کا ظ ہے جب چاند اس منزل میں آوے عمل عداوت کرے اور عمل محبت نہ کرے اور عمل تغیر بر عکس ہوگا۔ بخور اس کا فلفل اور دار چینی ہے

منزل :- ۲۸ - رشا ہے صورت اس کی یہ ہے ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ حرف اس کا ع ہے جب چاند اس منزل میں آوے عامل عمل محبت اور طلسم کرے بخور اس کا شونیز ہے اب اس کا بیان ہے کہ کون کون منزل کس کس برج سے متعلق ہے۔ مؤخر اور رشا اور ثلث شرطین برج حمل سے تعلق رکھتے ہیں اور ثلث شرطین اور بطین و ثلث ثریا برج ثور سے اور ثلث ثریا و دبران ہنعہ برج جوزا سے اور ہنعہ ذراع ثلث نثرہ برج سرطان سے اور ثلث نثرہ طرفہ و ثلث جبہ برج اسد سے اور ثلث جبہ و زبرہ و صرفہ برج سنبلہ سے اور ثلث غفر اور زبانا برج میزان سے اور ثلث زبانا و اکلیل برج عقرب سے اور ثلث اکلیل و قلب و شولہ برج قوس سے اور نعائم و بلدہ و ثلث ذراع برج جدی سے اور ثلث ذابح و بلع برج دلو سے و ثلث سعد الاخبیہ و فرع المقدم برج حوت سے متعلق ہے۔

باب ۲ دوم بُرجوں کے بیان میں

عامل کو کیفیت بارھوں برجوں کی بھی دریافت کرنا بہت ضروری ہے اس واسطے کہ ان کی تاثیرات سے اس عالم میں طرح طرح کی کیفیات پیدا ہوتی ہیں جان تو کہ فرمایا حق تعالیٰ نے وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا وَّزَیَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِیْنَ یعنی اور بنائے ہیں ہم نے آسمان میں برج اور رونق دی اس کو دیکھنے والوں کے لئے اور دوسری جگہ فرمایا تَبٰرَكَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا یعنی برکت ہے اس کی جس نے بنائے آسمان میں برج اور تیسری جگہ فرمایا وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ یعنی قسم ہے آسمان کی جس میں برج ہیں، علماء فرماتے ہیں کہ برج سے مراد گھر ہے جیسے دنیا میں گھر بنے ہیں ویسے ہی آسمان میں بھی اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ مراد بروج سے نجوم ہیں، حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا سے مراد برج دوازدہ گانا ہیں اور اس پر سب گروہ مثل ہنود اور پارسی اور یونانی اور عربی اور فرنگی اتفاق رکھتے ہیں کہ برج بارہ ۱۲ ہی ہیں اور کوئی قوم ان میں سے مختلف نہیں ہے اور بارہ برج یہ ہیں اور برج کو اہل ہند راس کہتے ہیں۔ حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، حوت پہلا برج حمل ہے ہندی اس کی میکھ ہے، یہ برج مینڈھے

کی صورت پر واقع ہے، جملہ ستارہ اس میں اٹھارہ ہیں تیرہ داخل صورت اور پانچ خارج صورت منجملہ اس کے دو ستارے روشن کہ اس کے سر پر ہیں ان کو شرطین کہتے ہیں اور ایک ستارہ روشن خارج صورت اس کی شاخ پر ہے اس کو ناطح کہتے ہیں اور جو ستارے آنت اور ران پر ہیں ان کو بطین کہتے ہیں شرطین اور بطین دو منزلیں ہیں قمر کی صاحب حرزالامان نے فرمایا ہے کہ ورکنونہ میں لکھا ہے کہ مؤکل برج حمل سراخیل ہے اور حرف ا م ر ن ش ذ ہیں، دوسرا برج ثور ہے، ہندی میں برکھ کہتے ہیں یہ برج بیل کی صورت ہے اس کی صورت میں ۳۳ ستارے ہیں بائیس داخل صورت اور گیارہ خارج صورت ایک ستارہ سرخ روشن اس کی آنکھ پر ہے اس کو دوبران کہتے ہیں اور جو ستارے اس کے کندھے پر ہیں ان کو ثریا کہتے ہیں اور نجم بھی وہ چھ ستارے ہیں بشکل خوشہ انگور کے اور دبران اور ثریا یہ دونوں منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا عزرائیل ہے، حرف اس کے ب و ی ن ض ت ص۔ تیسرا برج جوزا ہے اس کو توامین بھی کہتے ہیں ہندی اس کی متھن ہے صورت دو آدمی ملے ہوئے کی سی ہے ۱۸ ستارے داخل صورت اور سات خارج صورت دو ستارے روشن اس کے سر پر واقع ہیں ان کو ذراع کہتے ہیں اور دو ستارے کہ پستان پر واقع ہیں ان کو ہقعہ کہتے ہیں اور یہ دو منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا اسرافیل ہے اس کا حرف و ک س ق ث ظ چوتھا برج سرطان ہے ہندی اس کی کرک ہے، کیکڑے کی صورت پر ہے، نو ستارے داخل صورت اور چار خارج صورت ہیں ایک ستارہ بہت روشن ہے اس کو نثرہ کہتے ہیں اور ایک ستارہ پاؤں پر واقع ہے اس کو طرفہ کہتے ہیں یہ دونوں منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا میکائیل ہے حرف اس کا د ح ل ع د خ غ ہے پانچواں برج اسد ہے، ہندی میں سنگھ کہتے ہیں، شیر کی صورت ہے ستائیس ستارے داخل صورت ہیں اور آٹھ خارج صورت ہیں ان کو طرف کہتے ہیں اور چار ستارے کہ اس کی گردن پر ہیں ان کو جبہ اور جو ستارے اس کے سینہ پر ہیں ان کو قلب اور جو اس کی پیٹھ پر ہیں ان کو زبرہ کہتے ہیں اور جو ستارے دُم پر ہیں ان کو صرفہ یہ منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا شراطیل ہے حرف اس کا ا ل ا ط م ف ش ذ چھٹا برج سنبلہ ہے ہندی اس کی کنیا ہے عورت کی صورت، چھبیس ستارے داخل صورت اور چھ خارج صورت اور ایک ستارہ روشن اس کے کندھے پر ہے اس کو عوّا کہتے ہیں، یہ تیرھویں منزل قمر کی ہے اور جو ستارے بائیں پاؤں پر ہیں ان کو عفرا کہتے ہیں مؤکل اس کا شھکیل ہے حرف اس کے ب و ی ن ص ت ض ساتواں برج میزان ہے ہندی میں تلا کہتے ہیں ترازو کی صورت ہے آٹھ ستارے داخل صورت اور نو ستارے خارج صورت ہیں اس مجموع سے کوئی ستارہ مشہور نہیں ہے۔ مؤکل اس کا اسرافیل ہے حرف اسکا د ح ل

ع د خ غ آٹھواں برج عقرب ہے ہندی اس کی برچھک ہے بچھو کی صورت پر ہے ستارے
اس کی اکیس داخل صورت اور تیس خارج صورت جو ستارے پیشانی پر ہیں انکو اکلیل
کہتے ہیں اور دو ستارے دم پر ہیں ان کو شولہ کہتے ہیں اکلیل اور شولہ دو منزلیں قمر کی ہیں مؤکل
اس کا صرصائیل ہے حرف اس کے ا ل ا م ر ق ش ذ نواں برج قوس ہے ہندی میں دہن
کہتے ہیں یہ برج کمان کی طرح پر ہے، اکیس ستارے ہیں مؤکل اس کا سرکطائیل ہے حرف
اس کا ب و م ی ن ص ت ض دسواں برج جدی ہے ہندی میں مکر کہتے ہیں بکری کی
صورت پر ہے اس میں اٹھائیس ستارے ہیں دو ستارے اس کی گردن پر ہیں ان کو
سعد ذابح کہتے ہیں مؤکل اس کا شمکائیل ہے، حرف اس کے ج د ک س ق ت ظ ہیں
گیارھواں برج دلو ہے ہندی میں کنبھ کہتے ہیں، ایک مرد کی صورت ہاتھ میں ڈول
لئے ہوئے اس میں بیالیس ستارے ہیں منجملہ ان کے دو ستارے ہیں جن کو سعد السعود
کہتے ہیں اور تین ستارے بائیں ہاتھ پر ہیں ان کو سعد بلع کہتے ہیں اور تین ستارے اس
کے داہنے ہاتھ پر ہیں اس کو سعد الاجنیہ کہتے ہیں مؤکل اس کا میکائیل ہے، حرف
اس کے د ح ل د خ غ ہیں بارھواں برج حوت ہے اہل ہند مین کہتے ہیں۔ صورت
دو مچھلیوں کی مانند ہے چونتیس ستارے اس میں ہیں تیس داخل صورت اور چار خارج
صورت مؤکل اس کا قصبائیل ہے، حرف اس کے ج ذ س ق ث ظ جان تو کہ ان
برجوں میں تین برج آتشی۔ یعنی حمل۔ اسد قوس اور تین خاکی یعنی ثور، سنبلہ جدی اور
تین آبی یعنی سرطان، عقرب حوت اور تین بادی یعنی جوزا میزان دلو اور بارھوں برجوں
میں چار برج میں منقلب ہیں، حمل سرطان میزان جدی اور چار ثابت ثور اسد عقرب دلو
اور چار ذو جسدین جوزا سنبلہ، قوس حوت جب آفتاب برج منقلب میں ہو عمل محبت
کشائش رزق وغیرہ نہ کرے عمل ہلاکی دشمن کا کرے اور جب برج ثابت میں ہو عمل بغض
وغیرہ نہ کرے اور ذو جسدین میں جو چاہے کرے مگر بشرط ضرورت اور مہینوں ہندی کا بھی
یہی حال ہے اور ابتدا ایسا کچھ سے ہے علامہ بو علی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ واسطے
بروج کے بلاد مقرر ہیں اور ہم چند شہروں کے نام لکھتے ہیں انھیں پر قیاس کرنا چاہیئے
برج حمل بابل اور فارس اور آذربائیجان برج ثور ہمدان اور کرد اور برج جوزا جرجان اور
گیلان برج سرطان چین اور خراسان برج اسد ترک برج سنبلہ شام وجزیرہ دجلہ فرات
برج میزان روم وافریقہ ومصر وحبش برج عقرب حجاز و یمن برج قوس بغداد و اصفہان
برج جدی کرمان وعمان وہند برج دلو کوفہ و حجاز برج حوت طبرستان واسکندریہ وروم

باب۳ سوم ستاروں کے بیان میں

حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَھُوَالَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ النُّجُوْمَ لِتَھْتَدُوْا بِھَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
یعنی اور اسی نے بنا دیئے تمہارے لئے تارے کہ ان سے راہ پاؤ اندھیروں میں جنگل اور دریا کی اور دوسرے مقام پر فرمایا وَبِالنَّجْمِ ھُمْ یَھْتَدُوْنَ اور تاروں سے لوگ راہ پاتے ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ علم نجوم کا نفع دینے والا ہے اور اکثر لوگ اس کو نہیں جانتے ہیں، ان کی سیر و سیاحت سے اس عالم میں تغیرات ہوتے ہیں اور کیفیاتِ عالم کو متغیر کرتے ہیں، اسی واسطے ان کو مدبر عالم بھی کہتے ہیں فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا یعنی ہر کام بناتے ہیں، حکم سے اس آیۃ شریفہ کی تفسیر میں مفسرین فرماتے ہیں کہ مراد اس سے کواکب سیارہ ہیں۔ جب مشرق سے مغرب کو اور ایک برج سے دوسرے میں جاتے ہیں عالم سفلی میں تغیر ہوتا ہے اور فصلیں بدلتی ہیں اور ہزاروں طرح کے فائدے ان کے طلوع و غروب سے اہل عالم کو ہوتے ہیں، ہر ایک ستارے کی ایک نئی خاصیت ہے جبکہ وہ حاکم وقت ہوتا ہے اپنی تاثیر عالم میں ظاہر کرتا ہے پس واجب ہے عامل علم نجوم کو بھی سیکھے اور تاثیرات سے نجوم کی واقف ہو ورنہ عمل ضائع ہوگا ہم نے سب ستاروں کا بیان بسبب طول تقریر نہیں لکھا بنظر اختصار اب ہم سبعہ سیارہ ہی کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں اور حرف مؤکلات سبعہ سیارہ کو موافق قول درِ مکنونہ وغیرہ کے لکھا ہے، سبعہ سیارہ یہ ہیں قمر، عطارد، زہرہ، شمس، مریخ، مشتری، زحل، قمر یعنی سوم یہ ستارہ سبعہ سیاروں میں سب سے چھوٹا ہے مگر سب سے زیادہ سریع السیر ہے اور سعد اصغر ہے اور ہر برج میں دو شب اور دو ثلث رہتا ہے اور تمام فلک کو ایک مہینے میں طے کرتا ہے یہ مذکر ہے طبیعت اس کی بارد ہے اور حرارت عرضی ہے بسبب قبول کرنے روشنی آفتاب کے پہلے فلک پر ہے اور نام فلک قمر کا برقیقلا ہے اور حرف اس کے ط ص ظ مؤکل اس کا اسماعیل ہے اور حرف قمر کے ج ل س ف ہیں حاکم سوموار یعنی دوشنبہ کے دن کا ہے عطارد یعنی بدھ یہ ستارہ مختلف الحال سعد کے ہمراہ سعد اور نحس کے ہمراہ نحس اسواسطے منجم اسکو منافق کہتے ہیں اور ہر برج میں پندرہ روز رہتا ہے اور تمام فلک کو ایکسو اٹھائیس روز میں طے کرتا ہے اور یہ ستارہ مخنث ہے اور حرارت اور برودت مساوی رکھتا ہے اور دوسرے فلک پر ہے، نام اس کا برقید ذ ہے اور حرف اس کے ح ف ض اور مؤکل عطارد کا شمخائیل ہے اور حروف عطارد ب س ث ذ ہے یہ ستارہ حاکم ہے بدھ یعنی چہارشنبہ کے دن کا زہرہ یعنی شکر یہ ستارہ سعد ہے ہر برج کو پچیس روز میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو دوسو پچیس دن اور ربع دن میں قطع کرتا ہے، یہ ستارہ مونث ہے بارد رطب ہے تیسرے فلک

پر ہے اور نام اسکے فلک کا باعون ہے حرف اس کے ز ع ذ اور مؤکل زہرہ کا سید ہائیل حرف
ش و ط ذ ہے اور حاکم جمعہ کے دن کا ہے۔ شمس یعنی یہ ستارہ سعد ہے اور جب نحس ستارے
کے مقابل ہوتا ہے نحس ہو جاتا ہے۔ سبعہ سیارہ میں بہت بڑا ہے اور ہر برج میں تیس دن رہتا
ہے اور تمام فلک کو تین سو پینسٹھ دن اور ربع دن میں تمام کرتا ہے مذکر ہے حار یابس ہے
اور چوتھے فلک پر مقیم ہے اور اس کے فلک کا نام افلون ہے حرف اس کے د س خ
مؤکل شمس کا صلصائیل حرف ح ہ ع ی اور حاکم اتوار یعنی یکشنبہ کے دن کا مریخ یعنی منگل
یہ ستارہ نحس اصغر ہے ہر برج کو چالیس دن میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو چھ سو چھتیس دن
میں مذکر ہے۔ طبیعت اس کی حار یابس ہے، پانچویں فلک پر مقام ہے اس کے فلک کا التفا
نام ہے حرف اس کے ہ ن ث مؤکل مریخ کا کائیل ہے حرف مریخ ا ت م س ہیں یہ ستارہ
حاکم منگل یعنی سہ شنبہ کے دن کا مشتری یعنی برہسپت یہ ستارہ سعد ہے، ہر برج کو ایک سال
میں طے کرتا ہے۔ اور تمام فلک کو گیارہ برس اور ستائیس روز میں طے کرتا ہے مذکر ہے طبیعت
اس کی معتدل ہے چھٹے فلک پر مقام ہے اور نام اس کا بر لیقا ہے اور حرف اس کے د ہ ن
مؤکل مشتری سمحائیل ہے حرف ظ ق ک س یہ ستارہ جمعرات یعنی روز پنجشنبہ کا حاکم ہے
زحل یعنی سنیچر یہ ستارہ نحس اکبر ہے، ہر برج کو تیس ماہ میں قطع کرتا ہے اور تمام فلک
کو انتیس برس میں طے کرتا ہے مذکر ہے طبیعت اس کی بارد یابس ہے ساتویں فلک
پر مقام ہے اور نام اس کا عجوجائیل ہے حرف فلک زحل کے ج ل ش مؤکل زحل کا
فرنیائیل ہے، حروف ن و ح غ حاکم ہفتہ یعنی شنبہ کے دن کا اور حرف سبعہ سیارہ کے
موافق قول علمائے جفر کے ہم نے کتاب مجربات سلیمانی میں لکھے ہیں ملاحظہ کرنا چاہیئے

باب چہارم دن اور رات کی ساعتوں میں

حق تعالیٰ نے ستاروں میں طرح طرح کی تاثیریں عطا فرمائی ہیں اور عالم سفلی کو
عالم علوی کا تابع کیا ہے کوئی ستارہ سعد ہے اور کوئی نحس ستارہ جس وقت سعد ہوتا ہے
کام بنتا ہے اور جب نحس ہوتا ہے کام بگڑتا ہے، یہ ستارے جن کو سبعہ سیارہ کہتے ہیں
شب و روز دورہ کرتے ہیں اہل نجوم نے تحقیق کر کے ان کی ساعتیں مقرر کی ہیں اور
ہر ساعت کی تاثیریں لکھی ہیں عاملوں کو عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے کے لئے ساعتیں مقرر
ہیں اگر خلاف ہوگا تو عمل برباد ہوگا کچھ تاثیر نہ ہوگی عامل کو چاہیئے کہ جب عمل پڑھنے
یا تعویذ لکھنے کا قصد کرے تو اوّل ساعت کو دیکھے کہ آج کے روز کون ستارہ حاکم ہے
اور اس وقت کس ستارے کا دور ہے اور یہ سعد ہے یا نحس ساعت ہر ستارے کی
ایک گھنٹے کی ہوتی ہے اب ہم ساعتوں کو قول صاحب شمس المعارف کے موافق

لکھتے ہیں اور ہر روز کی بارہ ساعتیں ہیں اور اہل ہند نے انھیں ستاروں پر ایام کے نام رکھے
ہیں جیسا اتوار ایت اہل ہند سورج کو کہتے ہیں اس روز پہلی ساعت میں شمس ہوتا ہے اس
واسطے اس دن کا نام اتوار رکھا گیا یعنی یہ دن سورج کا ہے اور سوموار یعنی یہ دن چاند کا
ہے اور منگل یعنی یہ دن مریخ کا ہے اور بدھ یعنی یہ دن عطارد کا ہے، برہسپت یعنی یہ دن
مشتری کا ہے شکر یعنی یہ دن زہرہ کا ہے، سینچر یعنی یہ دن زحل کا ہے

روز یکشنبہ۔ یعنی اتوار پہلی ساعت میں صاحب زماں شمس ہے اس میں عمل محبت
کرے اور حکام کی ملاقات کو جائے اور نیا کپڑا پہنے دوسری ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت
مذموم ہے کوئی کام جدید نہ کرے تیسری ساعت عطارد ہے اس میں تعویذ محبت کے لکھے
اور مسافرت کرے چوتھی ساعت میں قمر ہے اس میں بیع شرا نہ کرے اور کسی کام جدید کا
بخیر انجام نہ ہووے پانچویں ساعت میں زحل ہے اس میں اعمال بغض و عداوت کرے
چھٹی ساعت میں مشتری ہے اس میں حکام وغیرہ سے اپنا مافی الضمیر بیان کرے ساتویں
ساعت میں مریخ ہے، یہ سعد نحس ہے۔ کچھ کام نہ کرے آٹھویں ساعت میں شمس ہے
یہ ساعت نیک ہے اس میں جو کام کرے بخیر وخوبی انجام ہو نویں ساعت میں زہرہ ہے
اس میں عمل محبت و تسخیر نہ کرے اور سفر کرے دسویں ساعت میں عطارد ہے یہ ساعت
نیک ہے عمل محبت کرے گیارھویں ساعت میں قمر ہے اس میں طلسمات وغیرہ لکھے
بارھویں ساعت میں زحل ہے یہ ساعت نحس ہے اس میں عمل بغض و عداوت کرے اور
اچھا کام نہ کرے۔

روز دوشنبہ۔ یعنی سوموار پہلی ساعت میں قمر ہے اس میں تسخیر و زبان بندی کا
عمل کرے دوسری ساعت میں زحل ہے اس میں سفر کرے اور اپنی حاجت کو حکام سے
بیان کرے تیسری ساعت میں مشتری ہے اگر زوج و زوجہ میں ناموافقت ہووے تو تسخیر
کے لئے عمل کرے چوتھی ساعت میں مریخ ہے تباہی دشمن کے لئے عمل کرے یا اس کا عمل
کرے کہ دشمن کے کسی جگہ سے خون جاری ہو جاوے، پانچویں ساعت میں شمس ہے واسطے
اخصلولہ مرام و عقد لسان و تسخیر کی یہ ساعت خوب ہے۔ چھٹی ساعت زہرہ کی ہے اس میں
طلسمات کو کرے، ساتویں ساعت میں عطارد ہے اس میں اعمال تسخیر و عقد لسان کرے
اور یا جس کام کے لئے جو عمل کریگا ہو جاوے گا آٹھویں ساعت قمر کی ہے اس میں
اعمال محبت کرے اگر زوج و زوجہ میں ناموافقت ہے دونوں مل جاویں نویں ساعت
زحل کی ہے اس میں اعمال بغض و ہلاکی کرے دسویں ساعت میں مشتری سعد ہے اس
میں جو کام کرے بخیر وخوبی انجام ہووے گیارھویں ساعت مریخ کی ہے اس میں تعویذ بغض
لکھے اور عداوت کا عمل کرے بارھویں ساعت شمس کی ہے اس میں عمل زبان بندی و

محبت کرے۔

روز سہ شنبہ۔ یعنی منگل پہلی ساعت میں مریخ ہے اس میں بغض و عداوت و بیماری کے عمل کرے دوسری ساعت میں شمس ہے اس میں کچھ کام نہ کرے تیسری ساعت میں زہرہ ہے اس میں عورت کا نکاح کرے نیک بخت لڑکا پیدا ہو چوتھی ساعت میں عطارد ہے واسطے خلاصی قیدی کے عمل کرے، پانچویں ساعت میں قمر ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے چھٹی ساعت میں زحل ہے تعویذ بیمار کے لکھے ساتویں ساعت میں مشتری ہے عمل دفع بیماری اور تسخیر کا کرے اور آٹھویں ساعت میں مریخ ہے عمل بیمار ہونے کا کرے، نویں ساعت شمس کی ہے اس کی ساعت میں نکاح کرے اور اپنی عورت سے صحبت داری اور اعمال محبت کرے دسویں ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے گیارھویں ساعت میں عطارد ہے اسمیں سفر نہ کرے بارھویں ساعت میں قمر ہے، عمل بغض کرے۔

روز چہار شنبہ۔ یعنی بدھ پہلی ساعت میں عطارد ہے یہ ساعت واسطے محبت و تسخیر کے ہے دوسری ساعت میں قمر ہے یہ ساعت مذموم ہے کوئی عمل نہ کرے، تیسری ساعت زحل کی ہے تعویذ شفائے امراض لکھے۔ چوتھی ساعت مشتری کی ہے یہ ساعت نیک ہے اسمیں عمل محبت و ترقی رزق کرے، پانچویں ساعت میں مریخ ہے یہ ساعت نحس ہے اس میں اعمال مخاصمت کرے چھٹی ساعت میں شمس ہے یہ ساعت اچھی ہے سفر کرے اور اعمال ترقی رزق اور محبت لکھے اور پڑھے، ساتویں ساعت زہرہ کی ہے یہ ساعت نیک ہے جو کام کرے اچھا ہووے آٹھویں ساعت میں عطارد ہے تعویذ گریہ اطفال اور نظر بد لکھے، نویں ساعت قمر کی ہے اس میں اعمال بغض و عداوت نہ کرے دسویں ساعت زحل کی ہے اس میں حکام سے ملاقات کرے گیارھویں ساعت مشتری کی ہے اس ساعت میں حکام کے پاس ملاقات کیلئے جاوے بارھویں ساعت مریخ کی ہے اعمال بغض و عداوت کرے

روز پنجشنبہ۔ یعنی جمعرات پہلی ساعت مشتری کی ہے اسمیں ترقی رزق و خلاصی قید اور تسخیر کا عمل کرے، دوسری ساعت میں مریخ ہے اس میں سفر نہ کرے اور کوئی کام جدید نہ کرے، تیسری ساعت میں شمس ہے اس میں سفر نہ کرے اور تعویذ محبت و الفت لکھے، چوتھی ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت اچھی ہے محبت و تسخیر کے لئے عمل کرے، پانچویں ساعت میں عطارد ہے اس میں نکاح کرے، چھٹی ساعت میں قمر ہے اس کی ساعت میں سفر کرے اور حکام سے ملاقات کرے، ساتویں ساعت زحل کی ہے یہ بھی اچھی ہے جو کام کرے اچھا ہووے آٹھویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت نیک ہے عمل رزق و تسخیر کرے، نویں ساعت میں مریخ ہے اس کی مسلعت میں عمل تسخیر کرے اور حکام سے ملاقات کرے، دسویں ساعت میں شمس ہے اس کی ساعت میں حکام سے عرض مطلب کرے گیارھویں ساعت میں

زہرہ ہے اس میں تعویذ محبت لکھے، بارھویں ساعت میں عطارد ہے اس میں جدید کام نہ کرے۔
روز جمعہ۔ یعنی شکر پہلی ساعت میں زہرہ اس کی ساعت میں نکاح کرے اور عمل تسخیر دوسری ساعت میں عطارد ہے اس میں طلسمات لکھے، تیسری ساعت میں قمر ہے اس میں کچھ کام نہ کرے اور چوتھی ساعت میں زحل ہے تعویذ منظر بد لکھے پانچویں ساعت میں مشتری ہے اگر زوج و زوجہ میں ناموافقت ہو عمل محبت کا کرے ساتویں ساعت میں مریخ ہے اسمیں تعویذ قضائے حاجت لکھے اور حکام سے ملاقات کرے ساتویں ساعت میں شمس ہے اس کی ساعت میں تعویذ محبت لکھے اور نکاح کرے آٹھویں ساعت میں زہرہ ہے سب کام اچھے ہوجاویں، نویں ساعت عطارد ہے یہ ساعت مبارک ہے اس میں عمل تسخیر کرے، دسویں ساعت میں قمر ہے اعمال عداوت کرے گیارھویں ساعت زحل کی ہے اس میں کوئی عمل نہ کرے بارھویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت بڑی مبارک ہے اسمیں اعمال قضائے حاجات وتسخیر کرے۔
روز شنبہ۔ یعنی سینچر پہلی ساعت زحل کی ہے اگر اس دن میں یہ ساعت شروع ماہ میں ہو تو نیک ہے عمل محبت اور ترقی رزق کرے اور اگر اخیر ماہ میں ہو تو نحس ہے اعمال بغض و عداوت کرے، دوسری ساعت مشتری کی ہے عمل محبت کرے تیسری ساعت میں مریخ ہے اعمال بغض و عداوت کرے چوتھی ساعت میں شمس ہے، تعویذ محبت اور قضائے حاجات لکھے، پانچویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں عمل محبت کرے چھٹی ساعت عطارد ہے واسطے حصول غنا کے عمل کرے ساتویں ساعت میں قمر ہے، یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے، آٹھویں ساعت میں زحل ہے عمل بیماری کا کرے نویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت سعد ہے اس میں جو کام کرے بخیر انجام ہووے، دسویں ساعت مریخ کی ہے یہ ساعت نحس ہے تعویذ بیماری کا لکھے گیارھویں ساعت میں شمس ہے اس میں تعویذ تسخیر لکھے بارھویں ساعت میں زہرہ ہے اس کی ساعت میں تعویذ محبت و تسخیر لکھے اور اگر درمیان زوج و زوجہ کے ناموافقت ہووے تعویذ موکلات کرے محبت ہووے واللہ اعلم بالصواب

باب پانچواں ساتوں دنوں کے مؤکلات میں

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ نے کتاب سر المصون والجواہر المکنون میں لکھا ہے کہ عامل کو چاہئے کہ ساتوں دنوں کے مؤکلوں کو بھی دریافت کرے کہ یکشنبہ کا کون موکل ہے اور دوشنبہ وغیرہ کا کون موکل ہے اور ان کا نام کیا ہے جس روز عمل شروع کرے تو ان کا نام باادب و تعظیم لیوے اور ان سے استعانت و امداد چاہے تاکہ مقصد ولی حاصل ہونے میں دیر نہ ہووے

ہر ایک دن میں دو فرشتہ مؤکل ہیں، ایک علوی سماوی دوسرا سفلی ارضی اور نام ان کے یہ ہیں۔ یکشنبہ کو ملک علوی دونیائیل اور ملک سفلی ابوعبداللہ مذہب ہے دوشنبہ کو ملک علوی جبرائیل اور جبرائیل کا خادم شمکائیل ہے اس کو بھی یاد کرے ملک سفلی ہنین ابوعبداللہ الحارث سہ شنبہ کو ملک علوی سلسائیل اور بعض کہتے ہیں ملک سفلی ارضی الاحمر ہے چہارشنبہ ملک علوی میکائیل اور میکائیل کا ایک خادم ہے نام اس کا نوائیل ملک سفلی کے دو نام ہیں ایک دولبعہ اور دوسرا برقان پنجشنبہ کو ملک علوی صوفیائیل ملک سفلی السید شمہورش جمعہ ملک علوی عینائیل ملک سفلی عبدالرحمن لقب اس کا ابیض ہے شنبہ ملک علوی حصضیائیل ملک سفلی ابونوح میمون السجان

باب چھٹا موکلات ہر چہار سمت میں

عامل کو یہ بھی دریافت کرنا ضروری ہے کہ مشرق و مغرب و جنوب و شمال کا کون مؤکل ہے ان سے استمداد کرنا چاہیئے، مؤکل مشرق کا دنیائیل ہے اور اعوان ان کے دحمائیل وحموقیائیل وسمحیائیل اور موکل مغرب دردیائیل ہے اور ایوان انکے جبرلقیل وقصمائیل وشویائیل ہے اور مؤکل قبلہ کا اینائیل اور ایوان ان کے فرغوئیل وطاحیل واللول ہے اور مؤکل جنوب کا صرتائیل ہے اور اعوان ان کے قمیائیل اور مرحبائیل اور حرمکائیل ہے اور مؤکل شمال کا اسیائیل اور اعوان ان کے قمیائیل اور طائیل ہے

باب ساتواں حروف تہجی کے بیان میں

ہر قوم و ہر ملت میں قاعدہ ہے کہ اوّل جب علم سیکھنے کا ارادہ کرتے ہیں تو ابتدا مفردات سے کرتے ہیں پھر مرکبات کو سیکھتے ہیں یہ ممکن نہیں کہ مبتدی پہلے مرکبات کو سیکھے اور فائز المرام ہو کیونکہ پہلے جب حروف کے اشکال مبتدی کے ذہن میں آجاوینگے تو باسانی مرکبات کو سمجھیگا جس شخص کو شوق تحصیل اس علم شریف کا ہووے اس پر واجب ہے کہ پہلے کیفیت حرف کی خوب دریافت کرے پھر اور عمل پڑھے کیونکہ مبتدی بغیر سیکھے اس کے اپنے مطالب کو نہ پہونچے گا اس لئے ہم حرف تہجی کا بیان کرتے ہیں ان ہی کو حرف معجم کہتے ہیں، کسی نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا حضرت حرف معجمہ کون ہیں آپ نے فرمایا یہ ہیں ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن ہ و لا ء ی یہ عربی ہیں ان کی برکت و عظمت سب پر ظاہر ہے کہ قرآن مجید و اسماء ربانی اور احادیث نبوی انھیں حروف میں ہیں اور سب پر ان کی عظمت کرنا واجب ہے انھیں کے ورد سے انسان روحانیت سے افضل ہو جاتا ہے، حرف دو قسم کے ہیں ایک نورانی اور دوسرے ظلمانی اور ان کو نورانی اس واسطے کہتے ہیں کہ کوئی ایسا اسم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ ربی الحی القیوم ربی الذی یحیی ویمیت ربی الواحد القہار حسبنا ربنا حسبی ربی اللھم انا نعوذ بک من الطعن والطاعون والبلاء والوباء وموت الفجاءۃ وسوء القضاء وشماتۃ الاعداء ومن شر ما سبق ربنا اصرف عنا العذاب انا مومنون حسبنا اللہ ونعم الوکیل نعم المولیٰ ونعم النصیر فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد وعترتہ الطیبین الطاہرین برحمتک یا ارحم الراحمین ایضاً جو کوئی ان سات آیتوں کو پڑھا کرے سب آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا ھو مولینا وعلی اللہ فلیتوکل المومنون وان یمسسک اللہ بضر فلا کاشف لہ الا ھو وان یردک بخیر فلا راد لفضلہ یصیب بہ من یشاء من عبادہ وھو الغفور الرحیم وما من دابۃ فی الارض الا علی اللہ رزقھا ویعلم مستقرھا ومستودعھا کل فی کتاب مبین انی توکلت علی اللہ ربی وربکم ما من دابۃ الا ھو اٰخذ بناصیتھا ان ربی علی صراط مستقیم وکاین من دابۃ لا تحمل رزقھا اللہ یرزقھا وایاکم وھو السمیع العلیم ما یفتح اللہ للناس من رحمۃ فلا ممسک لہ وما یمسک فلا مرسل لہ من بعدہ وھو العزیز الحکیم ولئن سالتھم من خلق السمٰوات والارض لیقولن اللہ قل افرایتم ما تدعون من دون اللہ ان ارادنی اللہ بضر ھل ھن کاشفات ضرہ او ارادنی برحمۃ ھل ھن ممسکات رحمتہ قل حسبی اللہ علیہ یتوکل المتوکلون ایضاً جب سفر یا حضر میں چوروں کا خوف ہو تو اپنی جان و مال کی حفاظت کے واسطے ان آیات کو پڑھے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم صم بکم عمی فھم لا لا لا اور اپنے داہنے جانب کو یہ کہے افحسبتم انما خلقنٰکم عبثا وانکم الینا لا لا لا اور اپنی پشت کی طرف یہ کہے وجعلنا من بین ایدیھم سدا ومن خلفھم سدا فاغشینٰھم فھم لا لا لا اور اپنی بائیں طرف یہ کہے یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السمٰوات والارض فانفذوا لا لا لا اپنی انگلی گرد گھوما دے اور یہ کہے قولہ الحق ولہ الملک وبالحق انزلنا وبالحق نزل۔

ایضاً۔ جو کوئی ہر روز صبح و شام ان نقشوں کو دیکھے اور دعائے مندرجہ ذیل نقشہ کو پڑھے جمیع آفات سے محفوظ رہے

نقش پہلا روز دوشنبہ

۱۲۹۶	۳۸۰۰	۱۴۹۰	۶۶۹
۱	۴۰	۶۰	۳۰
۱۰۷۸	۱۴۳۰	۱۴۹۵	۲۸۰۱ ۳۸
۱۷۱	۱۰۸۱	۲۷۹۸ ۴۴	۱۴۹۴
۲۷۵۹ ۵۱	۱۴۹۳	۶۷۲	۱۰۸۰

نقش دوسرا روز سہ شنبہ

۱۴۶۶	۳۸۰۰	۱۰۷۹	۶۶۹
۸۳	۱۸		
۱۰۷۸ ۸۶	۶۷ ۱۲۸	۱۴۹۵ ۴	۲۸۰۱
۱۰۱	۱۰۸۱	۴۹۸ ۷۲	۱۴۹۴ ۶
۲۷۹۹ ۷۰	۱۴۹۳ ۸	۶۷۲	۱۰۸۰

نقش تیسرا روز چہار شنبہ
نقش چوتھا روز پنجشنبہ

نقش ساتواں روز یکشنبہ

٦٦٩	١٠٧٩	٢٨٠٠	١٤٩١
٨٠٠	٦٠	٩٠	٥
٨٩	٦		٦٠١
٧	٩٢	٥٩٨	٤١٤
٨٦٩	٤٩٦	٨	٩٢
٦٨٧	٦٨٦	١٦٥	٩١٥١

ایضاً جسکو تپ آتا ہو چینی کی رکابی پر یا رحمٰن کو لکھے اور دھو کر پیئے یا پانی پر دم کر کے پیئے اچھا ہو جاوے

ایضاً۔ جسکو بخار آتا ہو وہ نقش یا رحیم کو شرف قمر میں لکھے اور گرد نقش کے آیت وننزل من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمومنین تک لکھے ایضاً جب کسی کو تپ آتا ہو تو اس نقش کو لکھکر مریض اپنے پاس رکھے بخار دور ہو نقش یہ ہے

م	ی	ح	ر
٢١	١١	١١	٣٩
١٢	٤٢	٩٨	٢٦
٥	١٩٩	٤١	١٣

ایضاً۔ جب کوئی بیمار ہووے اس نقش یا نافع کو چاندی پر کندہ کر کے بیمار کے گلے میں ڈالے شفا پاوے نقش یہ ہے....

ایضاً۔ اگر کوئی سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور سورہ قل اللہ احد اور معوذتین کو ستر ستر بار پڑھے اور پانی پر دم کر کے سات روز تک پیئے ہر مرض سے شفا پاوے۔ ایضاً۔ اگر کوئی شخص سورہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم لکھکر پانی سے دھو کر مریض کو غسل کراوے مرض دور ہووے۔ ایضاً: اگر سورہ والذاریات کو پڑھ کر مریض پر دم کرے صحت پاوے۔ ایضاً اگر کسی عضو میں درد ہو سورہ تبت یدا دم کرے درد دفع ہو جاوے۔ ایضاً۔ اگر کسی کے سر میں

درد ہو سورہ سجدہ پڑھ کر دم کرے درد دفع ہووے۔ ایضاً اگر آدھے سر میں درد ہو بعد نماز عصر کے سورہ تکاثر پڑھ کر دم کرے درد دفع ہو۔ ایضاً جب کسی عضو میں درد ہو ایک تختی پر ابجد ہوز حطی اسطرح لکھو کہ پہلے اس سے یہ حرف مقطعات قرآن کے لکھو کھیعص و حم عسق ن ق ص طہ طس یس الم المص الر طسم حم طہ حم ن ق ص حم و حطی عقا اور ان کو کسی لکڑی پر لکھو اور جو حروف دو حرفی ہوں ان پر لوہے کی کیل گاڑو اور ایکبار سورہ فاتحہ اور دس بار قسم کو پڑھو لقسم کشلع لعلتش تشکال فعلکم جبعھن مکان بمکان اور اگر درد نہ جاوے تو دوسرے حروف پر کیل رکھو اور دو مرتبہ سورہ فاتحہ اور قسیم مذکور پڑھو پھر اگر درد موجود رہے تو تیسرے حروف پر کیل رکھو اور نرم چوٹ لگا کے کیل گاڑتے جاؤ اور سورہ فاتحہ پڑھتے جاؤ۔ ایضاً جب کوئی بیمار ہو تو دو رکعت نماز پڑھے رکعت میں بعد فاتحہ کے تین بار سورہ اخلاص پڑھے، بعد فراغ کے مصلیٰ پر بیٹھا رہے اور یہ دعا ہزار بار پڑھے یا بدیع العجائب بالخیر ارحمنی الی یوم الدین خدائے تعالیٰ شفائے کامل عطا فرمائے گا ایضاً۔ بیمار پر آیہ الحمد للہ الذی خلق السموات والارض سے یعدلون تک صبح و شام سات بار پڑھکر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام جسم پر پھیرے بیماری دور ہو جائیگی۔ ایضاً۔ جب کوئی بواسیر کے عارضہ میں مبتلا ہووے وضو کر کے دو رکعت پڑھے اول رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے الم نشرح دوسری میں الم تر کیف اور بعد سلام کے ستر بار کہے استغفر اللہ ربی من کل ذنب سبحان اللہ وبحمدہ ایضاً جب کسی کو برص یا جذام ہو وہ صبح و شام ان آیات کو پڑھا کرے الم سے ھم المفلحون تک اور آیۃ الکرسی اور للہ مافی السموات ومافی الارض سے آخر سورہ تک ان رحمت اللہ سے المحسنین تک اور قل ادعو اللہ سے آخر سورہ تک اور اول کافات سے لازب تک یا معشر الجن سے فلا تبصرون تک اور لو انزلنا ھذ القران سے الحکیم تک قل اوحی سے شططا تک مرض دفع ہوگا مجرب ہے۔ ایضاً۔ واسطے دور ہونے آشوب چشم کے صبح کو تین بار پڑھ کر دم کرے بسم اللہ الرحمن الرحیم دخل الومد لبسلامۃ ویخرج بسلامۃ والفکت الدمعۃ وانجلت الحمرۃ وارتحلت النقمۃ وانزلت الرحمۃ بالف لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم اللہ نور السموات سے نور تک ایضاً اگر آشوب چشم ہو سورہ حم سجدہ کو لکھکر آب باراں سے دھو کر سرمہ میں ملا کر آنکھوں میں لگاوے صحت ہوگی ایضاً واسطے دور ہونے سرخی آنکھوں کے سورہ رحمن کو لکھکر پانی سے محو کر کے آنکھوں کو دھووے ایضاً جس کو ضعف بصر ہووے سورہ کوثر پڑھ کر دم کرے شفا پاوے ایضاً جس کو نظر بد لگی ہو اس کے گلے میں یہ تعویذ ڈالے (یہ نقش صفحہ پر ملاحظہ ہو) ایضاً جو کوئی آیۃ ان رحمۃ سے المحسنین تک گلاب زعفران اور مشک سے لکھکر اپنے گلے میں ڈالے نظر بد سے بچا رہیگا ایضاً جس کو نظر بد لگی ہو وہ آیۃ کریمہ یا بنی آدم خذ وا زینتکم عند کل مسجد سے یعلمون تک سبز برتن میں انگور اور زعفران کے پانی سے لکھے اور برف سے دھو کر پیئے نظر دور ہوگی ایضاً جس کو نظر بد

(نقش صفحہ ۴۶ نظر بد)

۱۹۱۶ د ۱۴ و ۸ ۱۱ ۱۱ ع ۱۰ و ۱۱ ۱۲

ع	ان زس ف داش م ن وع ف ی س وای ل	=
۶	م ع ول اس لاولال م ک س م ح م ی ھ وان	=
ع	خ ذلک ف ج ش ت ظ خ زاہ ط م ی ش ذ	≡
۱ ۶ ۱	وہ ط ح ا م ز ح ع ی ک ل ن ب ح	۱۷۱
۱ ۲ ۱ ع	س ی ل م دص ع م ب دل	ع
	۱۱ ۶ ۲ ۱ ۲ ۱ ۰ ۱ ۴ ۱ ی ۲ ۶ ۱ ۴ ۴ ۶ ۱ ۸ ۱ ۸ ۴ ۷ ۶ ۱	۱۰

لگی ہواس آیہ کریمہ ومالیانات لانتوکل علی اللہ کو پانی پر دم کر کے غسل کراوے صحت ہوگی ایضاً واسطے دفع ہونے نظر بد کے وتنزل من القرآن ماھو شفاء ورحمت للمومنین اللہ لاالٰہ رب العرش العظیم ھواللہ الذی لاالٰہ الاھو عالم الغیب و الشہادۃ سے الحکیم تک پڑھ کر دم کرے صحت ہوگی ایضاً واسطے دفع ہونے نظر بد کے تانبے کی رکابی پر بغیر قلعی اس آیت کو لکھے وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھو الاذکر للعلمین اور پانی سے دھو کر پئے ایضاً جب سحر ہو جاوے معوذتین پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسحور کو پلاوے سحر دور ہوگا ایضاً سفید انگور کا عرق لیکر زعفران ملا کر آیتہ یا بنی آدم خذ وا ز ینتکم سے تعلمون تک لکھے جب حرف خشک ہو جاویں گلاب سے دھو کر مسحور کو پلاوے سحر دور ہوگا ایضاً جب کسی کو سحر ہو جاوے تو مینہ کا پانی جو پہاڑوں پر بھرا رہتا ہے لاوے اور کنوئیں کا پانی لیوے دونوں پانیوں کو ملادے پھر سات پتے درخت کے کہ جس درخت کا پھل نہ کھایا جاتا ہو قبل طلوع آفتاب کے توڑ ڈالے ان پتوں پر آیہ کریمہ فلما القوا سے عمل المفسدین تک لکھے اور آدھی رات کو دریا کے کنارے بیٹھ کر اس سے نہاوے سحر دور ہوگا۔ ایضاً جب کسی کو سحر ہو جاوے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر آیت ومن یخرج من بیتہ سے غفوراً رحیما تک گلاب و زعفران سے آٹھ روز تک بلاناغہ لکھے اور مسحور چاٹے سحر دور ہوگا۔ ایضاً جس پر آسیب ہو جاوے سورۂ جن لکھ کر گلے میں ڈالے ایضاً واسطے دور ہونے جن کے سورۂ مزمل کان میں آسیب زدہ کے پڑھے اور لکھ کر گلے میں ڈالے ایضاً جو کوئی چاہے جن حاضر ہونے چاہیئے والصافات سے شہاب ثاقب تک پڑھے اور دھونی لوبان اور سندرس کی دے اور کہے احضر یا فلاں ایضاً۔ اگر کسی کو جن ستاتا ہو تو سورہ جاثیہ کو لکھ کر اسکے گلے میں ڈالے ایضاً اگر کسی پر جن آتا ہو آیتہ واذ صرفنا الیک نفرا من الجن سے فی ضلال تک تین مرتبہ پڑھکر دم کرے جن حاضر ہوگا

ایضاً جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہووے عورت اور مرد دونوں نقش یاخالق کو لکھکر اپنے پاس رکھیں اور مرد اپنی زوجہ سے مباشرت کرے عورت حاملہ ہو جائے گی نقش یہ ہے ......

خ	ا	ل	ق
۱۰۱	۲۹	۳۱	۵۹۹
۳	۲۰۲	۹۸	۳۸
۲۷	۹۹	۶۱	۲

ایضاً جس عورت کے لڑکا نہ پیدا ہوتا ہووے تو سورۂ یوسف لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے۔ ایضاً جس عورت کو دردزہ کی

ح	ج	د
ا	ہ	ط
د	ی	ب

شدت ہو تین کوری ٹھیکریوں پر اس نقش کو لکھے اور دو ٹھیکریوں کو پاؤں
کے نیچے دباوے کہ ٹوٹ جاویں اور ایک ہاتھ میں رکھے نقش یہ ہے
ایضاً۔ واسطے حاملہ ہونے عورت بانجھ کے کہ بعد فراغت خون معمولی
کے تین روز تک اس آیہ کریمہ کو چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر
پلاوے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وھو الذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء لا الہ
الا ھو العزیز الحکیم ایضاً۔ یکشنبہ یا پنجشنبہ کو طلوع آفتاب کے وقت اس تعویذ کو لکھے
اور عورت عقیمہ کے بازو پر باندھے ھو ھو ھو ھو ھو ھو ھو اللہ اللہ اللہ اللہ یا حی
یا حی یا حی یا حی برحمتک یا ارحم الراحمین ایضاً۔ اس تعویذ کو لکھ کر عورت کی کمر
میں باندھے اور ایک تعویذ عورت کو کھلاوے اور جب نواں
مہینہ شروع ہو تو اس تعویذ کو کمر سے اتار ڈالے پیدا ہو تو اسکے
گلے میں ڈالے نقش یہ ہے۔ ایضاً۔ اگر کسی شخص کی گائے یا
بکری وغیرہ کا دودھ کم ہو جائے وہ یہ آیۃ اللہ الذی جعل
لکم الانعام سے تنکرون تک چینی کی رکابی پر لکھ کر تانبے پانی سے دھو کر جانور کو پلائے
دودھ بہت ہوگا ایضاً واسطے زیادتی حافظہ کے سات دن تک سورہ الم نشرح لکھکر پیئے
حافظہ زیادہ ہو جاوے۔ ایضاً واسطے زیادہ ہونے حافظہ کے نوچندی جمعرات وجمعہ اور شنبہ
کو روزہ رکھے اور کانچ کے برتن پر آیت ولقد وصلنا لھم القول سے الجاھلین تک لکھے
اور دریائے پانی سے دھو کر قبل صبح صادق کے پیئے اور یہ عمل تین روز تک کرے ایضاً جب
کوئی چاہے کہ میں رات کو فلاں وقت پر اٹھوں تو یہ آیہ کریمہ واذ جعلنا البیت مثابۃ للناس
آخر آیت تک پڑھ کر سو رہے جسوقت اٹھنا منظور ہوگا اسی وقت آنکھ کھل جاویگی ایضاً اگر
کوئی شخص آیہ وھو الذی یرسل الریاح بشرا سے یشکرون تک زیتون کی لکڑی پر
زعفران اور سیب کے پانی سے لکھے اور انگور کے شیرے سے دھو کر درختوں کی جڑ میں ڈالے
اور درختوں کو پانی سے سینچے درخت ٹڈی اور دیمک اور جملہ آفات سے بچے رہیں گے۔
ایضاً جس کا قلب سخت ہو وہ آیۃ انما المومنون الذین اذا ذکر اللہ سے یتوکلون تک جو کی روٹی
پر خالی قلم سے سات بار لکھے اور دن کو روزہ رکھے شام کو اس روٹی سے افطار کرے نرم
دل ہوگا خدا کی طرف متوجہ ہوگا ایضاً جو کسی رنج میں رہتا ہو وہ آیۃ کریمہ لا الہ الا انت سبحانک
انی کنت من الظالمین پڑھے رنج وغم دور ہوگا ایضاً واسطے دور ہونے غم کے سورہ الم نشرح
کو شیشہ کے برتن پر اور گلاب سے دھو کر پیئے غم دور ہوگا ایضاً جس کو غم رہتا ہو وہ آیۃ وما
ارسلناک الا مبشرا ونذیرا سے تنزیلا تک دس بار پڑھ کر پانی پر دم کیا کرے اور سوتے
وقت پیا کرے غم دور ہوگا۔ ایضاً جب کوئی شخص مغموم ومہموم رہتا ہو تو اس دعا کو پڑھا

کرے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم انی اسئلک یا من اقرلہ بالعبودیتہ کل معبود یا من یحمدہ کل محمود یا من یضرع الیہ کل مجھود یا من یطلب عندہ کل مقصود یا من سائلہ غیر مردود یا من یا بہ لھوالہ غیر مسدد ودیا من بابہ بسوالہ غیر مسدد ودیا من ھو غیر موصوف ولا محدود یا من عطاوہٗ غیر ممنون ولا منکور یا من ھو لمن دعاء غیر احید وھم ھوا و یا من وجا عبادہ بجیلہ متدود یا من لیس لہٗ شبیہ ولا مثلہ موجود یا من لیس والد ولا مولود یا من لیس یوصف بقیام ولا قعود ولا بحرکتہ ولا بجمود یا اللہ یا رحمٰن یا ودود یا راحم الشیخ الکبیر یعقوب یا غافرٗ ذنب داؤد یا کاشف ز ایوب یا منجی ابراھیم من نمرود و یا من لیس لہٗ شریک ولا معہ احد مقصود یا من لا یخلف الوعد الموعود یا من برہ و زقۃ الموصیین محمد و یا من ھو برحیم ولتمم المقصود یا من ملجا کل لمھون مطرود یا من اذعن لہٗ جمیع خلقہ بالسجود یا من لہٗ لیس عن باب جودہ مطرود یا من لیس عن بابہ احد مقصود یا من لا یخف فی حکمہ ویحکم علی الظالم العنود ارحم عبد ظلما مخطائم یوف بالعھود وانک فعال لما یرید یا اللہ تین بار یا رب تین بار یا رحیم ودود یا ارحم الراحمین اللھم انی اسئلک بحرمتہ ھذا الدعاء وعظمتہ عندک ان تصلی علی محمد وعلی ال محمد ان تغفرلی ولوالدے وللمسلمین اجمعین

باب ۱۱ گیارھواں اوراد واذکار وغیرہ میں

اب فقیر عفی عنہ بعض اوراد وظائف ونمازوں کو لکھتا ہے کہ دنیا وآخرت میں کام آویں جو کوئی بعد ہر نماز فریضہ کے ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے دنیا میں جملہ آفات وبلیات سے بچا رہے اور مغفرت ہووے اللھم احفظنا من جمیع الخلق فی العاقبتہ بحق لا الہ الا اللہ محمد الرسول اللہ حضرت خواجہ معروف کرخی فرماتے ہیں کہ جو کوئی ہر نماز کے بعد تین بار یہ درود شریف پڑھا کرے اللھم صلے امتہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللھم ارحم امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللھم سلم امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللھم فرج عن امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام گناہ اس کے بخشے جاویں گے ایضاً جو کوئی صبح کو سات بار آیہ پڑھے تمام دن خیر سے گذرے اور جب مرے بہشت میں داخل ہو حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم بعد اس کے یہ دعا پڑھے بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیٔ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ایضاً۔ منقول ہے کہ جو کوئی ان سات سورتوں کو صبح وشام پڑھا کرے سب آفتوں سے بچا رہے اور سکرات سے نجات ملے سورۂ سجدہ اور سورۂ یسین اور سورۂ دخان اور سورۂ واقعہ اور سورۂ ملک اور سورۂ ہل اتی اور سورۂ بروج۔ ایضاً علماء فرماتے ہیں کہ جو کوئی دعا خضر علیہ السلام کو ہر روز صبح وشام تین تین بار پڑھا کرے تمام

دن اور تمام رات آفتوں سے بچارہے اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن صدیقوں کیساتھ محشور کریگا یاسم اللہ ماشاء اللہ لا یسوق الخیر الا اللہ باسم اللہ ماشاء اللہ لا یصرف السوء الا اللہ باسم اللہ ماشاء اللہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ ایضاً ابوداؤد روایت کرتے ہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی کو تعلیم فرمایا کہ صبح وشام ان کلمات کو پڑھا کرو سبحان اللہ وبحمدہ ولاحول ولاقوۃ الا باللہ ماشاء اللہ کان ومالم یشاء لم یکن واعلم ان اللہ علےٰ کل شی قدیر وان اللہ قد احاط بکل شی علماً جو کوئی اس ذکر شریف کو پڑھا کریگا وہ سب آفات سے محفوظ رہیگا۔ ایضاً جو کوئی ان کلمات کو صبح کو پڑھا کریگا اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم اور آخر سورۂ حشر کو اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے اس کی نگہبانی پر مقرر کریگا اور اگر اس روز مریگا تو شہید ہوگا۔ ایضاً حضرت انس سے منقول ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص صبح وشام آخر سورۂ حشر پڑھا کرے اگر دن یا رات کو مرجاویگا تو اسکے سب گناہ بخشے جاویں گے ایضاً حدیث میں ہے کہ جو شخص ہر روز صبح وشام اس ذکر کو پڑھا کرے لا الہ الا اللہ وحدہٗ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لایموت بیدہ الخیر وھو علےٰ کل شیٔ قدیر گناہ اس کے بخشے جاینگے اگرچہ کف دریا سے زیادہ ہوں ایضاً صحیحین میں ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص ہر روز سو مرتبہ اس ذکر کو کہے گا لا الہ الا اللہ سبحٰن اللہ وبحمدہ سب گناہ اسکے معاف ہونگے۔ ایضاً حضرت صلی اللہ علیہ وسلم صبح کو یہ ذکر فرماتے تھے اصبحنا واصبح الملک للہ والکبریاء والعظمۃ والخلق والامر واللیل والنہار ومافیھا للہ وحدہٗ لاشریک لہٗ اللھم اجعل اوّل ھذا النہار صلاحا واوسطہ فلاحا واٰخرہ نجاحا اسئلک خیر الدنیا یا ارحم الراحمین منقول ہے کہ شام کو یہ دعا پڑھے امسینا وامسی الملک للہ والحمد للہ اعوذ باللہ الذی یمسک السماء ان تقع علی الارض الا باذنہ من شر ما خلق د مزاد برا ایضاً۔ عاشقان خدا فرماتے ہیں کہ پڑھنا اس کا قلب کو متوجہ الی اللہ کرتا ہے اللھم قلب قلبی الی ما تحب وترضی ایضاً۔ کثرت سے پڑھنا اسکا موجب محبت خدا ہے اللھم حرق قلبی بنار عشقک وارزقنی ازدیاد محبتک حتی لایبقی شیٔ غیرک ایضاً۔ بعد ہر نماز کے ایک سو بار پڑھے محبت الٰہی بہت ہووے یا وھاب ھب لی ملک غناک ایضاً۔ نماز رضائے والدین کیمیائے سعادت میں لکھا ہے کہ دو رکعت نفل پڑھے اور ثواب اس کا والدین کو بخشے اور خلاصہ اوراد میں یہ ہے کہ نیت دو رکعت نماز کی بلفظ نفل رضائے والدین کی کرے اور ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے آیۃ الکرسی عظیم تک ایکبار اور سورہ اخلاص تین بار پڑھے اور بعد سلام کے ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے اللھم انی صلیت ھذا الصلوۃ فرجعت ثوابھا لوالدی یا علیم یا قدیر اغفرلی ولوالدی وارحمھما انک علی کل شی قدیر ایضاً۔ نماز کفارہ قضائے عمری

منقول ہے کہ بعد نماز جمعہ کے چار رکعت پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے آیتہ الکرسی ایک بار اور سورہ کوثر پندرہ بار بعد سلام کے دس دس بار استغفار اور درود شریف پڑھے کفارہ ہوجائیگا قضا کرنا نمازوں کا ۔ ایضاً صلوٰۃ انوار قبر دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے شھد اللہ انہ لا الٰہ الا ھو والملائکۃ واولوا العلم قائماً بالقسط لا الٰہ الا ھو العزیز الحکیم سات بار پڑھے اور بعد سلام کے وباللہ التوفیق ستر بار کہے، جو کوئی اس نماز کی مداومت کریگا قبر اس کی روشن ہوگی ۔ ایضاً ۔ جو کوئی شخص اس نماز کی مداومت کرے اللہ تعالیٰ اسکو جنت عطا کریگا اور نام اسکا صلوٰۃ الفردوس ہے ترکیب یہ ہے کہ دو رکعت پڑھے پہلی میں بعد فاتحہ کے الٓمٓ ذٰلک الکتاب لاریب فیہ سے لایشعرون تک اور آیہ والٰھکم الٰہ واحد سے یعقلون تک اور پندرہ مرتبہ سورہ اخلاص دوسری میں بعد فاتحہ کے آیتہ الکرسی خالدون تک اور للہ مافی السموات سے آخر سورہ بقر تک اور سورۂ اخلاص پندرہ بار ۔ ایضاً صلوٰۃ الاولیا ۔ جو شخص جس مطلب کے واسطے پڑھے مطلب برآوے اور حشر میں اولیاء اللہ کے ساتھ محشور ہو اس نماز کو حضرت خضر علیہ السلام نے حضرت امام زاہدؒ کو تعلیم فرمایا کہ اکثر اولیا نے پڑھا ہے جس مطلب کیلئے پڑھے وہ ضروری حاصل ہوگا ترکیب یہ ہے کہ قبل نماز صبح کے دو رکعت پڑھے پہلی رکعت میں سات بار سورہ فاتحہ اور ایکبار کافرون اور دوسری میں سات بار سورہ فاتحہ اور ایکبار اخلاص اور بعد سلام کے دس بار کلمہ تمجید اور دس بار یاغیاث المستغیثین اغثنا ایضاً ۔ زیارت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا حضرت سرور عالم نے کہ جس نے دیکھا مجھے ایمان کے ساتھ حرام ہوئی اس پر دوزخ اور جس نے دیکھا مجھے خواب میں گویا دیکھا بیداری میں اس واسطے کہ شیطان میری صورت میں نہیں آتا ایضاً ۔ حضرت خضر علیہ السلام نے محمد بن عبد اللہ تمیمی سے فرمایا کہ جو کوئی یہ نماز پڑھے خواب میں زیارت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہووے ترکیب یہ ہے کہ نماز مغرب سے عشا تک نفل پڑھتا رہے ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے تین بار اخلاص پڑھے اور بعد نماز عشا کے دو رکعت پڑھے ہر رکعت میں بعد فاتحہ کے سات بار اخلاص اور بعد سلام کے سات بار درود شریف اور سات بار کلمہ تمجید اور اسکے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے یاحی یاقیوم یاذوالجلال والاکرام یاارحم الراحمین یارحمن الدنیا والاخرۃ ورحیمھما یاالٰہ الاولین والاخرین یارب یارب یارب یااللہ یااللہ یااللہ پھر روبقبلہ سورہے اگر پہلی رات کو زیارت نصیب ہوجاوے توفبہا ورنہ سات راتوں تک پڑھے

تمت

کتبہ تہذیب الحسن امروہوی

مفتاح

بیاضِ سلیمانی

معروف بہ

نقش سلیمانی

حصہ چہارم

تالیف

عامل باکمال حضرت خواجہ اشرف علی صاحب لکھنوی

ناشر

جے ایس سنت سنگھ اینڈ سنز تاجران کتب چوڑیوالان دہلی ۶

قیمت حصہ چہارم 2/40

فہرست مضامین بیاض سلیمانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی ھو الحی القیوم واسمہ وقیۃ لکل سحر مشوم وکلامہ القدیر ھذ القرآن العظیم انزل الینا امنا من کل بلاء وحرزا من الشیطان الرجیم وعلی اشرف الانبیاء وظہیر الاولیاء افضل الصلوات التحیات علیہ آلہ واصحابہ الذین لھم درجات عند ربھم واولٓئک ھم الفائزون بنعماء الجنان

جاننا چاہیئے کہ اس کتاب میں فقیر مؤلف نے شائقین عملیات کے لیئے اعمال سریع الافعال و تعویذات مجربات لکھے ہیں کہ جن کے مؤثر ہونے میں کچھ شک نہیں مگر عقیدہ کامل اور نیت صادق و یقین واثق ہونا چاہیئے کہ یہ قبول ہی ہوگا حدیث شریف میں وارد ہے لایومن احد کم الا ھو موقن بالاجابتہ اور جس عمل کیواسطے مشائخ اکبار نے مقرر فرمائی ہے ان کا ادا ہونا بھی ضرور ہے اسواسطے پہلے مؤلف نے اس علم کے ضروری ضروری مسائل بیان کیئے کہ عامل کو دریافت کرنا ان کا ضروریات سے ہے جیسے حالات منازل قمر و بروج نجوم و ساعات سبعہ سیارہ وغیرہ پھر بعد اس کے خواص حروف تہجی اور منافع سورہ فاتحہ و آیۃ الکرسی و سورہ لیٰسین اور اعمال و احراز و دفع فقر و فاقہ و حصول و حصول مناسب جلیلہ و تدابیر مراد تسخیر مخلوق خدا و تحفظ جان و مال و دفع سحر و آسیب و شفائے امراض و دیگر اوراد و اذکار وغیرہم کو لکھا کہ اکثر لوگ اس کے شائق ہوتے ہیں جب بفضلہ تعالےٰ اس کی تدوین کامل ہو گئی تو بیاض سلیمانی نام رکھا امید فضل و کرم الٰہی سے یہ ہے کہ مقبول انام ہو اور خاص و عام کو فائدہ پہنچے جس کو اس سے نفع ہو مؤلف کو بذکر خیر یاد کرے اور اس تالیف میں گیارہ باب ہیں۔

باب اوّل منازل قمریں

حق تعالیٰ نے ہے وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَاءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ط یعنی وہ ہے جس نے بنایا سورج کو روشن اور چاند کو اجلا اور بنائیں چاند کے لئے منزلیں تاکہ جانو تم گنتی برسوں کی اور حساب اور دوسری جگہ فرمایا وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ۵ یعنی اور چاند کو ہم نے بانٹ دی ہیں۔ منزلیں یہانتک کہ پھر آرہے جیسے ٹھنی پرانی، جانتے ہو کہ چاند کے لئے اٹھائیس منزلیں ہیں، ہر شب میں ایک منزل طے کرتا ہے اگر ۲۹ شب کو بھی پوشیدہ رہتا ہے تو اس شب کو بھی ایک منزل طے کرتا ہے اور منزل کو اہل ہند نچھتر کہتے ہیں اور اٹھائیس منزلیں یہ ہیں شرطین [۱]۔ بطین [۲]۔ ثریا [۳]۔ دبران [۴]۔ ہقعہ [۵]۔ ہنعہ [۶]۔ ذراع [۷]۔ نثرہ [۸]۔ طرفہ [۹]۔ جبہہ [۱۰]۔ زبرہ [۱۱]۔ صرفہ [۱۲]۔ عوا [۱۳] سماک [۱۴]۔ غفر [۱۵]۔ زبانا [۱۶]۔ اکلیل [۱۷]۔ قلب [۱۸]۔ شولہ [۱۹]۔ نعائم [۲۰]۔ بلدہ [۲۱]۔ سعد [۲۲]۔ ذابح [۲۳]۔ سعد بلع [۲۴]۔ سعد السعود [۲۵] سعد الاخبیہ [۲۶]۔ فرع المقدم [۲۷]۔ فرع المؤخر [۲۸]۔ رشا۔

منزل :۔ ۱۔ شرطین اس کو ہندی میں اشونی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اسکا الف ہے جب چاند اس منزل میں ہوتا ہے لوگوں کے دلوں میں غصہ پیدا ہوتا ہے، عامل وقت میں عمل، بغض و عداوت کرے، محبت و تسخیر نہ کرے اور بخور اسکا فلفل اور شونیز ہے

منزل :۔ ۲۔ بطین ہے ہندی میں اس کو بھرنی کہتے ہیں، صورت اس کی یہ ہے ٥ٖ اور حرف اس کا ب ہے، غصہ دلوں سے دور رہتا ہے، عامل محبت اور طلسمات کرے اور تعویذ شفائے امراض لکھے اگر کیمیا گر کیمیا بناوے گا ضرور بنے گا اور لڑکا پیدا ہو نیکبخت ہو اور بخور اسکا عود اور زعفران اور مصطگی ہے۔

منزل :۔ ۳۔ ثریا ہے اور بعض نجم بھی کہتے ہیں، ہندی اسکا کرتکا ہے صورت اسکی یہ ہے ٥٥٥٥ حرف اسکا ج ہے جب اس منزل میں چاند ہو، عامل عمل محبت کرے اور تعویذ شفائے امراض لکھے اور جو کام اسمیں کرے گا اچھا ہوگا اور اگر لڑکا پیدا ہو اقبال مند ہو اور بخور اس کا بزرکتان اور شونیز ہے

منزل :۔ ۴۔ دبران ہے ہندی میں اسکو روہنی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ حروف اسکا د ہے جب چاند اس منزل میں آتا ہے بغض و فساد دلوں میں پیدا ہوتا ہے عامل عمل محبت نہ کرے جو کام ہوگا اسکا انجام بخیر نہ ہوگا، اگر لڑکا پیدا ہو بدبخت ہو۔ بخور اسکا انار شیریں کے چھلکے اور لوبان تر ہے۔

منزل :۔ ۵۔ ہقعہ ہے ہندی اسکی مرگشرا ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حروف اس کا ہ ہے یہ منزل سعد و نحس ہے، عامل اس میں کوئی عمل نہ پڑھے اور تعویذ نہ لکھے بخور

اس کا عود اور لوبان اور مصطگی ہے
منزل :۔ ۶۔ ہنعہ ہے ہندی اس کی ادرا ہے صورت اس کی یہ ہے ەە ە حرف اس کا و ہے یہ منزل سعد ہے عامل تعویذ محبت لکھے اور عمل ترقی دولت پڑھے بخور اس کا تخم درمنہ ترکی اور قطرب ہے۔
منزل :۔ ۷۔ ذراع ہے ہندی میں پنربس کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ەە حرف اس کا ذ ہے یہ منزل سعد ہے اس میں عمل محبت اور طلسمات کرے اور جو لڑکا پیدا ہو نیک ہو بخور اس کا السی ہے
منزل :۔ ۸۔ نثرہ ہے ہندی اس کی پکھ ہے صورت اس کی یہ ہے ەە حروف اسکا ح ہے یہ منزل نحس ہے اس میں عمل عداوت اور بلا کی اعدا کرے بخور اس کا کٹ اور انار دانہ کے چھلکے ہیں
منزل :۔ ۹۔ طرفہ ہے ہندی اس کی اشلیکھا ہے صورت اس کی یہ ہے ەە حرف اس کا ط ہے یہ منزل نحس ہے عمل محبت نکرے اور کوئی کام نہ کرے بخور اسکا عود اور زعفران ہے
منزل :۔ ۱۰۔ جبہہ ہے ہندی میں اس کو مگھا کہتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے ەە حروف اس کا ی ہے یہ منزل سعد ہے اس میں عمل محبت اور ترقی رزق کرے بخور اس کا حب الاٰئیں و زعفران ہے
منزل :۔ ۱۱۔ زبرہ ہے ہندی میں پوربا پھالگنی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ەە حرف اس کا ک ہے یہ منزل سعد اکبر ہے، عمل طلسمات کرے اور امراء کے پاس جاوے اور سفر کرے اور عمل محبت کرے بخور اس کا میٹھے انار کے چھلکے ہیں۔
منزل :۔ ۱۲۔ صرفہ ہے ہندی اس کی اوترا پھالگنی ہے۔ صورت اس کی یہ ہے ەە حرف اس کا ل ہے یہ منزل نحس اکبر ہے عمل عداوت کرے اعمال محبت نہ کرے بخور اس کا زعفران ہے
منزل :۔ ۱۳۔ عوا ہے ہندی اس کی ہست ہے صورت اس کی یہ ہے ەە حرف اس کا م ہے یہ منزل نحس ہے عمل محبت نہ کرے اور عمل عداوت کرے بخور اس کا لوبان تر ہے۔
منزل :۔ ۱۴۔ سماک ہے، اہل ہند اسکو چترا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ە حرف اس کا ذ ہے یہ منزل نحس ہے، عامل عمل عداوت کرے، بخور اسکا لوبان تر اور سپند ہے
منزل :۔ ۱۵۔ غفرا ہے ہندی اس کی سواتی ہے صورت اس کی یہ ہے ەە حروف اس کا س ہے جب وقت چاند اس منزل میں آوے عامل عمل تسخیر اور ترقی رزق اور طلسمات کرے فائدہ اٹھاوے اور بخور اس کا لوبان تر ہے
منزل :۔ ۱۶۔ زبانا ہے اہل ہند اس کو بساکھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ەە حرف

اس کا ع ہے یہ منزل سعد ہے عمل تسخیر و عداوت کرے بخور اس کا درمنہ ہے

منزل :- ۱۷ - اکلیل ہے ہندی میں انرادھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ۵۵ حرف اس کا ف ہے - یہ منزل منہ اور نحس ہے عامل عمل بغض کرے عمل تسخیر نہ کرے بخور اس کا فلفل اور زعفران اور عود ہے -

منزل :- ۱۸ - قلب ہے اہل ہند اس کو جیشٹھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ۵۵ حرف اس کا ص ہے یہ منزل سعد ہے عمل تسخیر اور ترقی مناصب کرے بخور اس کا ہڑ کی پتی ہے

منزل :- ۱۹ - شولہ ہے ہندی میں اسکومول کہتے صورت اس کی یہ ہے ۵۵ حرف اس کا ق ہے یہ منزل سعد ہے مگر عامل اس میں عمل تسخیر اور ازدیاد مناصب نہ کرے بخور اس کا انار کے چھلکے اور مصطگی ہے

منزل :- ۲۰ - نعائم ہے اہل ہند اس کو پوربا کھاڈ کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ۵۵۵ حرف اس کا ر ہے یہ منزل سعد ہے عمل محبت اور طلسمات کرے بخور اس کا لوبان تر ہے -

منزل :- ۲۱ - بلدہ ہے ہندی میں اس کو اترا کھاڈ کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ۵۵ حرف اس کا ش ہے یہ منزل نحس اکبر ہے کوئی کام جدید نہ کرے مگر عامل عمل عداوت و بغض کرے بخور اس کا سنبل و عود ہے

منزل :- ۲۲ - سعد الذابح ہے اہل ہند سررین کہتے ہیں ۔ صورت اس کی یہ ہے ۵۵ حرف اس کا ت ہے یہ منزل نحس ہے حکام کے پاس نہ جاوے اور عامل عمل محبت نہ کرے اور عمل عداوت و ہلاکی اعدا کرے بخور اس کا کسم ہے -

منزل :- ۲۳ - سعد بلع ہے اہل ہند اس کو دھنشٹھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ۵۵ حرف اس کا ث ہے یہ منزل نحس ہے عامل عمل عداوت کرے ، زیادہ شر و فتنہ اٹھے بخور اس کا بابونہ ہے

منزل :- ۲۴ - سعد السعود ہے ، ہندی میں اس کو پوربا بھادرپد کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ۵۵ حرف اس کا خ ہے یہ منزل سعد ہے عامل عمل محبت و مودت و طلسمات کرے بخور اس کا عود اور مصطگی ہے

منزل :- ۲۵ - سعد الاخبیہ ہے ، ہندی اس کی بکھا ہے سست صورت اس کی یہ ہے ۵۵ حرف اس کا د ہے ، جب چاند اس منزل میں آوے عامل عمل عداوت کرے اور عمل محبت نہ کرے کہ فتنہ و فساد جہاں میں زیادہ ہوتا ہے طلسمات اور کیمیا اور سیمیا بھی نہ کرے بخور اس کا لوبان تر اور فلفل ہے

منزل :- ۲۶ - فرع المقدم ہے ہندی میں اس کو اونترابہادرپد کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ؞؞ حرف اس کا ص ہے جب اس منزل میں چاند ہو عامل عمل تسخیر کرے اور کیمیا وے اور طلسمات کرے بخور اس کا لوبان تر اور زعفران اور شونیز ہے

منزل :- ۲۷ - فرع مؤخر ہے اہل ہند اس کو ریوتی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ؞؞ حرف اس کا ظ ہے جب چاند اس منزل میں آوے عمل عداوت کرے اور عمل محبت نہ کرے اور عمل تغیر برعکس ہوگا۔ بخور اس کا فلفل اور دار چینی ہے

منزل :- ۲۸ - رشا ہے صورت اس کی یہ ہے ؞؞ ؞؞ ؞؞ حرف اس کا ع ہے جب چاند اس منزل میں آوے عامل عمل محبت اور طلسم کرے بخور اس کا شونیز ہے اب اس کا بیان ہے کہ کون منزل کس کس برج سے متعلق ہے۔ مؤخر اور رشا اور ثلث شرطین برج حمل سے تعلق رکھتے ہیں اور ثلث شرطین اور بطین و ثلث ثریا برج ثور سے اور ثلث ثریا و دبران ہنعہ برج جوزا سے اور ہقعہ ذراع ثلث نثرہ برج سرطان سے اور ثلث نثرہ طرفہ و ثلث جبہ برج اسد سے اور ثلث جبہ و زبرہ و صرفہ برج سنبلہ سے اور ثلث غفر اور زبانا برج میزان سے اور ثلث زبانا و اکلیل برج عقرب سے اور ثلث اکلیل و قلب و شولہ برج قوس سے اور نعائم و بلدہ و ثلث ذراع برج جدی سے اور ثلث ذابح و بلع برج دلو سے و ثلث سعد السعد الاخبیہ و فرع المقدم برج حوت سے متعلق ہے۔

باب دوم برجوں کے بیان میں

عامل کو کیفیت بارھوں برجوں کی بھی دریافت کرنا بہت ضروری ہے اس واسطے کہ ان کی تاثیرات سے اس عالم میں طرح طرح کی کیفیات پیدا ہوتی ہیں جان تو کہ فرمایا حق تعالیٰ نے وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا وَّزَيَّنَّاهَا لِلنَّاظِرِينَ یعنی اور بنائے ہیں ہم نے آسمان میں برج اور رونق دی اس کو دیکھنے والوں کے لئے اور دوسری جگہ فرمایا تَبَارَكَ الَّذِي جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا یعنی برکت ہے اس کی جس نے بنائے آسمان میں برج اور تیسری جگہ فرمایا وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوجِ یعنی قسم ہے آسمان کی جس میں برج ہیں، علماء فرماتے ہیں کہ برج سے مراد گھر ہے جیسے دنیا میں گھر بنے ہیں ویسے ہی آسمان میں بھی اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ مراد بروج سے نجوم ہیں، حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ فِي السَّمَاءِ بُرُوجًا سے مراد برج دوازدہ گانا ہیں اور اس پر سب گروہ مثل ہنود اور پارسی اور یونانی اور عربی اور فرنگی اتفاق رکھتے ہیں کہ برج بارہ ۱۲ ہی ہیں اور کوئی قوم ان میں سے مختلف نہیں ہے اور بارہ برج یہ ہیں اور برج کو اہل ہند راس کہتے ہیں۔ حمل، ثور، جوزا، سرطان، اسد، سنبلہ، میزان، عقرب، قوس، جدی، دلو، حوت پہلا برج حمل ہے ہندی اس کی میکھ ہے، یہ برج مینڈھے

کی صورت پر واقع ہے، جملہ ستارہ اس میں اٹھارہ ہیں تیرہ داخل صورت اور پانچ خارج صورت منجملہ اس کے دو ستارے روشن کہ اس کے سر پر ہیں ان کو شرطین کہتے ہیں اور ایک ستارہ روشن خارج صورت اس کی شاخ پر ہے اس کو ناطح کہتے ہیں اور جو ستارے آنت اور ران پر ہیں ان کو بطین کہتے ہیں شرطین اور بطین دو منزلیں ہیں قمر کی صاحب حرزالامان نے فرمایا ہے کہ در مکنونہ میں لکھا ہے کہ مؤکل برج حمل سراخیل ہے اور حرف ا ل م ر ن ش ذ ہیں، دوسرا برج ثور ہے، ہندی میں برکھ کہتے ہیں یہ برج بیل کی صورت ہے اس کی صورت میں ۳۳ ستارے ہیں بائیس۲۲ داخل صورت اور گیارہ خارج صورت ایک ستارہ سرخ روشن اس کی آنکھ پر ہے اس کو دبران کہتے ہیں اور جو ستارے اس کے کندھے پر ہیں ان کو ثریا کہتے ہیں اور نجم بھی وہ چھ ستارے ہیں بشکل خوشہ انگور کے اور دبران اور ثریا یہ دونوں منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا عزرائیل ہے، حرف اس کے ب و ی ن ض ت ص۔ تیسرا برج جوزا ہے اس کو توامین بھی کہتے ہیں ہندی اس کی متھن ہے صورت دو آدمی ملے ہوئے کی سی ہے ۱۸ ستارے داخل صورت اور سات خارج صورت دو ستارے روشن اس کے سر پر واقع ہیں ان کو ذراع کہتے ہیں اور دو ستارے کہ پستان پر واقع ہیں ان کو ہنعہ کہتے ہیں اور یہ دو منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا اسرافیل ہے اس کا حرف و ک س ق ث ظ چوتھا برج سرطان ہے ہندی اس کی کرک ہے، کیکڑے کی صورت پر ہے، نو ستارے داخل صورت اور چار خارج صورت ہیں ایک ستارہ بہت روشن ہے اس کو نثرہ کہتے ہیں اور ایک ستارہ پاؤں پر واقع ہے اس کو طرفہ کہتے ہیں یہ دونوں منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا فہفائیل ہے حرف اس کا د ح ل ع د خ غ ہے پانچواں برج اسد ہے، ہندی میں سنگھ کہتے ہیں، شیر کی صورت ہے ستائیس ستارے داخل صورت ہیں اور آٹھ خارج صورت ہیں ان کو طرف کہتے ہیں اور چار ستارے کہ اس کی گردن پر ہیں ان کو جبہ اور جو ستارے اس کے سینہ پر ہیں ان کو قلب اور جو اس کی پیٹھ پر ہیں ان کو زبرہ کہتے ہیں اور جو ستارے دُم پر ہیں ان کو صرفہ یہ منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا شراطیل ہے حرف اس کا ا ل ط م ف ش ذ چھٹا برج سنبلہ ہے ہندی اس کی کنیا ہے عورت کی صورت، چھبیس ستارے داخل صورت اور چھ خارج صورت اور ایک ستارہ روشن اس کے کندھے پر ہے اس کو عوا کہتے ہیں، یہ تیرھویں منزل قمر کی ہے اور جو ستارے بائیں پاؤں پر ہیں ان کو عفرا کہتے ہیں مؤکل اس کا شھکیل ہے حرف اس کے ب و ی ن ص ت ض ساتواں برج میزان ہے ہندی میں تلا کہتے ہیں ترازو کی صورت ہے آٹھ ستارے داخل صورت اور نو ستارے خارج صورت ہیں اس مجموع سے کوئی ستارہ مشہور نہیں ہے۔ مؤکل اس کا اسرافیل ہے حرف اس کا د ح ل

ع د خ غ آٹھواں برج عقرب ہے ہندی اس کی برچھک ہے بچھو کی صورت پر ہے تارے
اس کی اکیس داخل صورت اور تیس خارج صورت جو ستارے پیشانی پر ہیں انکو اکلیل
کہتے ہیں اور دو ستارے دم پر ہیں ان کو شولہ کہتے ہیں اکلیل اور شولہ دو منزلیں قمر کی ہیں مؤکل
اس کا صرصائیل ہے حرف اس کے ا ل ا م ف ش ذ نواں برج قوس ہے ہندی میں دھن
کہتے ہیں یہ برج کمان کی طرح پر ہے، اکیس ستارے ہیں مؤکل اس کا سرکطائیل ہے حرف
اس کا ب و م ی ن ص ت ض دسواں برج جدی ہے ہندی میں مکر کہتے ہیں بکری کی
صورت پر ہے اس میں اٹھائیس ستارے ہیں دو ستارے اس کی گردن پر ہیں ان کو
سعد ذابح کہتے ہیں مؤکل اس کا شمکائیل ہے، حرف اس کے ج د ک س ق ت ظ ہیں
گیارھواں برج دلو ہے ہندی میں کنبھ کہتے ہیں، ایک مرد کی صورت ہاتھ میں ڈول
لئے ہوئے اس میں بیالیس ستارے ہیں منجملہ ان کے دو ستارے ہیں جن کو سعد السعود
کہتے ہیں اور تین ستارے بائیں ہاتھ پر ہیں ان کو سعد بلع کہتے ہیں اور تین ستارے اس
کے داہنے ہاتھ پر ہیں اس کو سعد الاخبیہ کہتے ہیں مؤکل اس کا میکائیل ہے، حرف
اس کے ح ل د خ غ ہیں بارھواں برج حوت ہے اہل ہند مین کہتے ہیں صورت
دو مچھلیوں کی مانند ہے چونتیس ستارے اس میں ہیں تیس داخل صورت اور چار خارج
صورت مؤکل اس کا قیصبائیل ہے، حرف اس کے ج ز س ق ث ظ جان تو کہ ان
برجوں میں تین برج آتشی یعنی حمل۔ اسد قوس اور تین خاکی یعنی ثور، سنبلہ جدی اور
تین آبی یعنی سرطان، عقرب حوت اور تین بادی یعنی جوزا میزان دلو اور بارھوں برجوں
میں چار برج ہیں منقلب ہیں، حمل سرطان میزان جدی اور چار ثابت ثور اسد عقرب دلو
اور چار ذوجسدین جوزا سنبلہ، قوس حوت جب آفتاب برج منقلب میں ہو عمل محبت
کشائش رزق وغیرہ نہ کرے عمل ہلاکی دشمن کا کرے اور جب برج ثابت میں ہو عمل بغض
وغیرہ نہ کرے اور ذوجسدین میں جو چاہے کرے مگر بشرط ضرورت اور مہینوں ہندی کا بھی
یہی حال ہے اور ابتد البساکھ سے ہے علامہ بوعلی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ واسطے
بروج کے بلاد مقرر ہیں اور ہم چند شہروں کے نام لکھتے ہیں انھیں پر قیاس کرنا چاہیئے
برج حمل بابل اور فارس اور آذربائیجان برج ثور ہمدان اور کرد اور برج جوزا جرجان اور
گیلان برج سرطان چین اور خراسان برج اسد ترک برج سنبلہ شام و جزیرہ دجلہ فرات
برج میزان روم وافریقہ و مصر و حبش برج عقرب حجاز و یمن برج قوس بغداد و اصفہان
برج جدی کرمان و عمان و ہند برج دلو کوفہ و حجاز برج حوت طبرستان واسکندریہ و روم

باب ۳ سوم ستاروں کے بیان میں

حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَکُمُ النُّجُوْمَ لِتَھْتَدُوْا بِھَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
یعنی اور اسی نے بنا دیئے تمہارے لئے تارے کہ ان سے راہ پاؤ اندھیروں میں جنگل اور دریا کی اور دوسرے مقام پر فرمایا وَبِالنَّجْمِ ھُمْ یَھْتَدُوْنَ اور تاروں سے لوگ راہ پاتے ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ علم نجوم کا نفع دینے والا ہے اور اکثر لوگ اس کو نہیں جانتے ہیں، ان کی سیر و سیاحت سے اس عالم میں تغیرات ہوتے ہیں اور کیفیاتِ عالم کو متغیر کرتے ہیں اسی واسطے ان کو مدبر عالم بھی کہتے ہیں فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا یعنی ہر کام بناتے ہیں، حکم سے اس آیۃ شریفہ کی تفسیر میں مفسرین فرماتے ہیں کہ مراد اس سے کواکب سیارہ ہیں۔ جب مشرق سے مغرب کو اور ایک برج سے دوسرے میں جاتے ہیں عالم سفلی میں تغیر ہوتا ہے اور فصلیں بدلتی ہیں اور ہزاروں طرح کے فائدے ان کے طلوع و غروب سے اہل عالم کو ہوتے ہیں، ہر ایک ستارے کی ایک نئی خاصیت ہے جبکہ وہ حاکم وقت ہوتا ہے اپنی تاثیر عالم میں ظاہر کرتا ہے پس واجب ہے عامل علم نجوم کو بھی سیکھے اور تاثیرات سے نجوم کی واقف ہو ورنہ عمل ضائع ہوگا ہم نے سب ستاروں کا بیان بسبب طول تقریر نہیں لکھا بنظر اختصار اب ہم سبعہ سیارہ ہی کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں اور حرف مؤکلات سبعہ سیارہ کو موافق قول در مکنونہ وغیرہ کے لکھا ہے، سبعہ سیارہ یہ ہیں قمرؔ، عطاردؔ، زہرہؔ، شمسؔ، مریخؔ، مشتریؔ، زحلؔ، قمرؔ یعنی سوم یہ ستارہ سبعہ سیاروں میں سب سے چھوٹا ہے مگر سب سے زیادہ سریع السیر ہے اور سعد اصغر ہے اور ہر برج میں دو شب اور دو ثلث رہتا ہے اور تمام فلک کو ایک مہینے میں طے کرتا ہے یہ مذکر ہے طبیعت اس کی بارد ہے اور حرارت عرضی ہے بسبب قبول کرنے روشنی آفتاب کے پہلے فلک پر ہے اور نام فلک قمر کا برقیلا ہے اور حرف اس کے ط ص ظ مؤکل اس کا اسماعیلؔ ہے اور حرف قمر کے ج ل س ف ہیں حاکم سوموار یعنی دوشنبہ کے دن کا ہے عطاردؔ یعنی بدھ یہ ستارہ مختلف الحال سعد کے ہمراہ سعد اور نحس کے ہمراہ نحس اسواسطے منجم اسکو منافق کہتے ہیں اور ہر برج میں پندرہ روز رہتا ہے اور تمام فلک کو ایکسو اٹھائیس روز میں طے کرتا ہے اور یہ ستارہ مخنث ہے اور حرارت اور برودت مساوی رکھتا ہے اور دوسرے فلک پر ہے، نام اس کا برقید ز ہے اور حرف اس کے ح ف ض اور مؤکل عطارد کا شمخائیل ہے اور حروف عطارد ب س ت ذ ہے یہ ستارہ حاکم ہے بدھ یعنی چہارشنبہ کے دن کا زہرہ یعنی شکر یہ ستارہ سعد ہے ہر برج کو پچیس روز میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو دوسو پچیس دن اور ربع دن میں قطع کرتا ہے، یہ ستارہ مونث ہے بارد رطب ہے تیسرے فلک

پر ہے اور نام اسکے فلک کا باعون ہے حرف اس کے ز ع ذ اور مؤکل زہرہ کا سید ہائیل حرف ش و ظ ذ ہے اور حاکم جمعہ کے دن کا ہے۔ شمس یعنی یہ ستارہ سعد ہے اور جب نحس ستارے کے مقابل ہوتا ہے نحس ہوجاتا ہے۔ سبعہ سیارہ میں بہت بڑا ہے اور ہر برج میں تیس دن رہتا ہے اور تمام فلک کو تین سو پینسٹھ دن اور ربع دن میں تمام کرتا ہے مذکر ہے حار یابس ہے اور چوتھے فلک پر مقیم ہے اور اس کے فلک کا نام افلون ہے حرف اس کے د س خ مؤکل شمس کا صلصائیل حرف ح ہ ع ی اور حاکم اتوار یعنی یکشنبہ کے دن کا مریخ یعنی منگل یہ ستارہ نحس اصغر ہے ہر برج کو چالیس دن میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو چھ سو تیس دن میں مذکر ہے۔ طبیعت اس کی حار یابس ہے، پانچویں فلک پر مقام ہے اس کے فلک کا التفا نام ہے حرف اس کے ہ ت ث مؤکل مریخ کا کائیل ہے حرف مریخ ا ت م س ہیں یہ ستارہ حاکم منگل یعنی سہ شنبہ کے دن کا مشتری یعنی برہسپت یہ ستارہ سعد ہے، ہر برج کو ایک سال میں طے کرتا ہے۔ اور تمام فلک کو گیارہ برس اور ستائیس روز میں طے کرتا ہے مذکر ہے طبیعت اس کی معتدل ہے چھٹے فلک پر مقام ہے اور نام اس کا برلیقا ہے اور حرف اس کے د ہ ن مؤکل مشتری سمحائیل ہے حرف ظ ق ک س یہ ستارہ جمعرات یعنی روز پنجشنبہ کا حاکم ہے زحل یعنی سنیچر یہ ستارہ نحس اکبر ہے، ہر برج کو تیس ماہ میں قطع کرتا ہے اور تمام فلک کو انتیس برس میں طے کرتا ہے مذکر ہے طبیعت اس کی بارد یابس ہے ساتویں فلک پر مقام ہے اور نام اس کا عجوجائیل ہے حرف فلک زحل کے ج ل ش موکل زحل کا فرئیائیل ہے، حروف ن و ح غ حاکم ہفتہ یعنی شنبہ کے دن کا اور حرف سبعہ سیارہ کے موافق قول علمائے جفر کے ہم نے کتاب مجربات سلیمانی میں لکھے ہیں ملاحظہ کرنا چاہیئے

باب چہارم دن اور رات کی ساعتوں میں

حق تعالیٰ نے ستاروں میں طرح طرح کی تاثیریں عطا فرمائی ہیں اور عالم سفلی کو عالم علوی کا تابع کیا ہے کوئی ستارہ سعد ہے اور کوئی نحس ستارہ جس وقت سعد ہوتا ہے کام بنتا ہے اور جب نحس ہوتا ہے کام بگڑتا ہے، یہ ستارے جن کو سبعہ سیارہ کہتے ہیں شب و روز دورہ کرتے ہیں اہل نجوم نے تحقیق کرکے ان کی ساعتیں مقرر کی ہیں اور ہر ساعت کی تاثیریں لکھی ہیں عاملوں کو عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے کے لئے ساعتیں مقرر ہیں اگر خلاف ہوگا تو عمل برباد ہوگا کچھ تاثیر نہ ہوگی عامل کو چاہیئے کہ جب عمل پڑھنے یا تعویذ لکھنے کا قصد کرے تو اول ساعت کو دیکھے کہ آج کے روز کون ستارہ حاکم ہے اور اس وقت کس ستارے کا دور ہے اور یہ سعد ہے یا نحس ساعت ہر ستارے کی ایک گھنٹے کی ہوتی ہے اب ہم ساعتوں کو قول صاحب شمس المعارف کے موافق

لکھتے ہیں اور ہر روز کی بارہ ساعتیں ہیں اور اہل ہند نے انھیں ستاروں پر ایام کے نام رکھے ہیں جیسا اتوار ابت اہل ہند سورج کو کہتے ہیں اس روز پہلی ساعت میں شمس ہوتا ہے اس واسطے اس دن کا نام اتوار رکھا گیا یعنی یہ دن سورج کا ہے اور سومبار یعنی یہ دن چاند کا ہے اور منگل یعنی یہ دن مریخ کا ہے اور بدھ یعنی یہ دن عطارد کا ہے، برہسپت یعنی یہ دن مشتری کا ہے شکر یعنی یہ دن زہرہ کا ہے، سنیچر یعنی یہ دن زحل کا ہے

روز یکشنبہ۔ یعنی اتوار پہلی ساعت میں صاحب زماں شمس ہے اس میں عمل محبّت کرے اور حکام کی ملاقات کو جائے اور نیا کپڑا پہنے دوسری ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت مذموم ہے کوئی کام جدید نہ کرے تیسری ساعت عطارد ہے اس میں تعویذ محبت کے لکھے اور مسافرت کرے چوتھی ساعت میں قمر ہے اس میں بیع شرا نہ کرے اور کسی کام جدید کا بخیر انجام نہ ہووے پانچویں ساعت میں زحل ہے اس میں اعمال بغض و عداوت کرے چھٹی ساعت میں مشتری ہے اس میں حکام وغیرہ سے اپنا مافی الضمیر بیان کرے ساتویں ساعت میں مریخ ہے، یہ سعد نحس ہے۔ کچھ کام نہ کرے آٹھویں ساعت میں شمس ہو یہ ساعت نیک ہے اس میں جو کام کرے بخیر و خوبی انجام ہو نویں ساعت میں زہرہ ہے اس میں عمل محبت و تسخیر نہ کرے اور سفر کرے دسویں ساعت میں عطارد ہے یہ ساعت نیک ہے عمل محبت کرے گیارھویں ساعت میں قمر ہے اس میں طلسمات وغیرہ لکھے بارھویں ساعت میں زحل ہے یہ ساعت نحس ہے اس میں عمل بغض و عداوت کرے اور اچھا کام نہ کرے۔

روز دوشنبہ۔ یعنی سومبار پہلی ساعت میں قمر ہے اس میں تسخیر و زبان بندی کا عمل کرے دوسری ساعت میں زحل ہے اس میں سفر کرے اور اپنی حاجت کو حکام سے بیان کرے تیسری ساعت میں مشتری ہے اگر زوج و زوجہ میں ناموافقت ہووے تو تسخیر کے لئے عمل کرے چوتھی ساعت میں مریخ ہے تباہی دشمن کے لئے عمل کرے یا اس کا عمل کرے کہ دشمن کے کسی جگہ سے خون جاری ہو جاوے، پانچویں ساعت میں شمس ہے واسطے انحصول مرام و عقد لسان و تسخیر کی یہ ساعت خوب ہے۔ چھٹی ساعت زہرہ کی ہے اس میں طلسمات کو کرے، ساتویں ساعت میں عطارد ہے اس میں اعمال تسخیر و عقد لسان کرے اور یا جس کام کے لئے جو عمل کریگا ہو جاوے گا آٹھویں ساعت قمر کی ہے اس میں اعمال محبت کرے اگر زوج و زوجہ میں ناموافقت ہے دونوں مل جاویں نویں ساعت زحل کی ہے اس میں اعمال بغض و ہلاکی کرے دسویں ساعت میں مشتری سعد ہے اس میں جو کام کرے بخیر و خوبی انجام ہووے گیارھویں ساعت مریخ کی ہے اس میں تعویذ بغض لکھے اور عداوت کا عمل کرے بارھویں ساعت شمس کی ہے اس میں عمل زبان بندی و

محبت کرے۔

روز سہ شنبہ۔ یعنی منگل پہلی ساعت میں مریخ ہے اس میں بغض و عداوت و بیماری کے عمل کرے دوسری ساعت میں شمس ہے اس میں کچھ کام نہ کرے تیسری ساعت میں زہرہ ہے اس میں عورت کا نکاح کرے نیک بخت لڑکا پیدا ہو چوتھی ساعت میں عطارد ہے واسطے خلاصی قیدی کے عمل کرے، پانچویں ساعت میں قمر ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے چھٹی ساعت میں زحل ہے تعویذ بیمار کے لکھے ساتویں ساعت میں مشتری ہے عمل دفع بیماری اور تسخیر کا کرے اور آٹھویں ساعت میں مریخ ہے عمل بیمار ہونے کا کرے، نویں ساعت شمس کی ہے اس کی ساعت میں نکاح کرے اور اپنی عورت سے صحبت داری اور اعمال محبت کرے دسویں ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے گیارھویں ساعت میں عطارد ہے اسمیں سفر نہ کرے بارھویں ساعت میں قمر ہے، عمل بغض کرے۔

روز چہار شنبہ۔ یعنی بدھ پہلی ساعت میں عطارد ہے یہ ساعت واسطے محبت و تسخیر کے ہے دوسری ساعت میں قمر ہے یہ ساعت مذموم ہے کوئی عمل نہ کرے، تیسری ساعت زحل کی ہے تعویذ شفائے امراض لکھے۔ چوتھی ساعت مشتری کی ہے یہ ساعت نیک ہے اسمیں عمل محبت و ترقی رزق کرے، پانچویں ساعت میں مریخ ہے یہ ساعت نحس ہے اس میں اعمال مخاصمت کرے چھٹی ساعت میں شمس ہے یہ ساعت اچھی ہے سفر کرے اور اعمال ترقی رزق اور محبت لکھے اور پڑھے، ساتویں ساعت زہرہ کی ہے یہ ساعت نیک ہے جو کام کرے اچھا ہووے آٹھویں ساعت میں عطارد ہے تعویذ گریہ اطفال اور نظر بد لکھے، نویں ساعت قمر کی ہے اس میں اعمال بغض و عداوت نہ کرے دسویں ساعت زحل کی ہے اس میں حکام سے ملاقات کرے گیارھویں ساعت مشتری کی ہے اس ساعت میں حکام کے پاس ملاقات کیلئے جاوے بارھویں ساعت مریخ کی ہے اعمال بغض و عداوت کرے

روز پنجشنبہ۔ یعنی جمعرات پہلی ساعت مشتری کی ہے اسمیں ترقی رزق و خلاصی قید اور تسخیر کا عمل کرے، دوسری ساعت میں مریخ ہے اس میں سفر نہ کرے اور کوئی کام جدید نہ کرے، تیسری ساعت میں شمس ہے اس میں سفر نہ کرے اور تعویذ محبت و الفت لکھے، چوتھی ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت اچھی ہے محبت و تسخیر کے لئے عمل کرے، پانچویں ساعت میں عطارد ہے اس میں نکاح کرے، چھٹی ساعت میں قمر ہے اس کی ساعت میں سفر کرے اور حکام سے ملاقات کرے، ساتویں ساعت زحل کی ہے یہ بھی اچھی ہے جو کام کرے اچھا ہووے آٹھویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت نیک ہے عمل رزق و تسخیر کرے، نویں ساعت میں مریخ ہے اس کی مسلوت میں عمل تسخیر کرے اور حکام سے ملاقات کرے، دسویں ساعت میں شمس ہے اس کی ساعت میں حکام سے عرض مطلب کرے گیارھویں ساعت میں

زہرہ ہے اس میں تعویذ محبت لکھے، بارھویں ساعت میں عطارد ہے اس میں جدید کام نہ کرے۔

روز جمعہ۔ یعنی شکر پہلی ساعت میں زہرہ اس کی ساعت میں نکاح کرے اور عمل تسخیر دوسری ساعت میں عطارد ہے اس میں طلسمات لکھے، تیسری ساعت میں قمر ہے اس میں کچھ کام نہ کرے اور چوتھی ساعت میں زحل ہے تعویذ نظر بد لکھے پانچویں ساعت میں مشتری ہے اگر زوج و زوجہ میں ناموافقت ہو عمل محبت کا کرے ساتویں ساعت میں مریخ ہے اسمیں تعویذ قضائے حاجت لکھے اور حکام سے ملاقات کرے ساتویں ساعت میں شمس ہے اس کی ساعت میں تعویذ محبت لکھے اور نکاح کرے آٹھویں ساعت میں زہرہ ہے سب کام اچھے ہو جاویں، نویں ساعت عطارد ہے یہ ساعت مبارک ہے اس میں عمل تسخیر کرے، دسویں ساعت میں قمر ہے اعمال عداوت کرے گیارھویں ساعت زحل کی ہے اس میں کوئی عمل نہ کرے بارھویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت بڑی مبارک ہے اسمیں اعمال قضائے حاجات وتسخیر کرے۔

روز شنبہ۔ یعنی سینچر پہلی ساعت زحل کی ہے اگر اس دن میں یہ ساعت شروع ماہ میں ہو تو نیک ہے عمل محبت اور ترقی رزق کرے اور اگر اخیر ماہ میں ہو تو نحس ہے اعمال بغض و عداوت کرے، دوسری ساعت مشتری کی ہے عمل محبت کرے تیسری ساعت میں مریخ ہے اعمال بغض و عداوت کرے چوتھی ساعت میں شمس ہے، تعویذ محبت اور قضائے حاجات لکھے، پانچویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں عمل محبت کرے چھٹی ساعت عطارد ہے واسطے حصول غنا کے عمل کرے ساتویں ساعت میں قمر ہے، یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے، آٹھویں ساعت میں زحل ہے عمل بیماری کا کرے نویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت سعد ہے اس میں جو کام کرے بخیر انجام ہووے، دسویں ساعت مریخ کی ہے یہ ساعت نحس ہے تعویذ بیماری کا لکھے گیارھویں ساعت میں شمس ہے اس میں تعویذ تسخیر لکھے بارھویں ساعت میں زہرہ ہے اس کی ساعت میں تعویذ محبت و تسخیر لکھے اور اگر درمیان زوج و زوجہ کے ناموافقت ہووے تعویذ موکلات کرے محبت ہووے واللہ اعلم بالصواب

باب پانچواں ساتوں دنوں کے موکلات میں

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ نے کتاب سر المصون والجواہر المکنون میں لکھا ہے کہ عامل کو چاہیئے کہ ساتوں دنوں کے موکلوں کو بھی دریافت کرے کہ یکشنبہ کا کون موکل ہے اور دوشنبہ وغیرہ کا کون موکل ہے اور ان کا نام کیا ہے جس روز عمل شروع کرے تو ان کا نام باادب و تعظیم لیوے اور ان سے استعانت و امداد چاہے تاکہ مقصد دلی حاصل ہونے میں دیر نہ ہووے

ہر ایک دن میں دو فرشتہ مؤکل ہیں، ایک علوی سماوی دوسرا سفلی ارضی اور نام ان کے یہ ہیں۔
یکشنبہ کو ملک علوی دونیا ئیل اور ملک سفلی ابوعبداللہ مذہب ہے دوشنبہ کو ملک علوی جبرائیل
اور جبرائیل کا خادم سمکائیل ہے اس کو بھی یاد کرے ملک سفلی بنین ابوعبداللہ الحارث سہ شنبہ
کو ملک علوی سلسائیل اور بعض کہتے ہیں ملک سفلی ارضی الاحمر ہے چہارشنبہ ملک علوی میکائیل
اور میکائیل کا ایک خادم ہے نام اس کا نوائیل ملک سفلی کے دو نام ہیں ایک دولبعہ اور دوسرا
برقان پنجشنبہ کو ملک علوی صوفیائیل ملک سفلی السید شمھورس جمعہ ملک علوی عینائیل ملک سفلی
عبدالرحمن لقب اس کا ابیض ہے شنبہ ملک علوی حصصفیائیل ملک سفلی ابونوح میمون السجان

باب چھٹا موکلات ہر چہار سمت میں

عامل کو یہ بھی دریافت کرنا ضروری ہے کہ مشرق و مغرب و جنوب و شمال کا کون مؤکل ہے
ان سے استمداد کرنا چاہیئے، مؤکل مشرق کا دنیائیل ہے اور اعوان ان کے دوحمائیل وحموتیائیل
وسمعیائیل اور موکل مغرب دردیائیل ہے اور ایوان انکے جبرقیل و قصمائیل و شویائیل ہے
اور مؤکل قبلہ کا ابنائیل اور ایوان ان کے فرغوئیل وطاحیل واللول ہے اور مؤکل جنوب کا
صرتائیل ہے اور اعوان ان کے قمیائیل اور مرحبائیل اور حرمکائیل ہے اور مؤکل شمال کا
اسیائیل اور اعوان ان کے قمیائیل اور طائیل ہے

باب ساتواں حروف تہجی کے بیان میں

ہر قوم و ہر ملت میں قاعدہ ہے کہ اوّل جب علم سیکھنے کا ارادہ کرتے ہیں تو ابتدا مفردات
سے کرتے ہیں پھر مرکبات کو سیکھتے ہیں یہ ممکن نہیں کہ مبتدی پہلے مرکبات کو سیکھے اور فائز المرام
ہو کیونکہ پہلے جب حروف کے اشکال مبتدی کے ذہن میں آجاویں گے تو بآسانی مرکبات کو
سمجھیگا جس شخص کو شوق تحصیل اس علم شریف کا ہووے اس پر واجب ہے کہ پہلے کیفیت
حرف کی خوب دریافت کرے پھر اور عمل پڑھے کیونکہ مبتدی بغیر سیکھے اس کے اپنے مطالب
کو نہ پہونچے گا اس لئے ہم حرف تہجی کا بیان کرتے ہیں ان ہی کو حرف معجم کہتے ہیں، کسی
نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا حضرت حرف معجمہ کون ہیں آپنے فرمایا
یہ ہیں ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ لا ء
ی یہ عربی ہیں ان کی برکت و عظمت سب پر ظاہر ہے کہ قرآن مجید و اسمار ربانی اور
احادیث نبوی انھیں حروف میں ہیں اور سب پر ان کی عظمت کرنا واجب ہے انھیں
کے ورد سے انسان روحانیت سے افضل ہو جاتا ہے، حرف دو قسم کے ہیں ایک
نورانی اور دوسرے ظلمانی اور ان کو نورانی اس واسطے کہتے ہیں کہ کوئی ایسا اسم

اسمائے حسنیٰ سے نہیں ہے کہ جو ان سے مرکب نہ ہو مگر ایک اسم الودود ہے۔ حروف نورانی جن کو حروف عالیات بھی کہتے ہیں وہ یہ ہیں ال م می ذ ل ک و ی ع ط س ح ق ن اور مجموعہ ان کا یہ ہے صراط علی حق نمسکہ۔ صاحب حرز الامان نے کتاب الملحہ سے نقل کیا ہے کہ اگر کسی شخص کو بچھو کاٹے حرف نورانی کو چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلاوے درد دور ہو، صاحب درالنظم نے لکھا ہے کہ اگر حرف نورانی کو لکھ کر اپنے مال میں رکھے مال ضائع نہ ہووے اور حرف ظلمانی یہ چودہ حرف ہیں ب ت ث ج خ د ذ ر ش ض ظ غ ف ان کو ظلمانی اس واسطے کہتے ہیں کہ کوئی اسم اسمائے حسنیٰ سے مرکب نہیں ہے بغیر امتزاج حرف نورانی کے مگر ایک اسم الودود ہے لکھا ہے کہ جو کوئی ان کو اپنے پاس رکھیگا دشمنوں پر فتحیاب رہیگا۔ اب ہر حرف کی علیحدہ علیحدہ کیفیت اور خاصیت لکھتے ہیں ا یہ حرف اول حرف تہجی ہے اور حروف سے بزرگترین ہے اسم ذات جناب باری عزاسمہ ان سب حروف سے پہلے حرف یہی ہے لکھا ہے کہ جب حق تعالیٰ کا حکم قلم کو ہوا کہ جو کچھ قیامت تک ہونیوالا ہے لکھ قلم نے سر لوح پر لکھا اس سے ایک نقطہ نور کا ٹپکا وہ الف کی صورت پر ہو گیا، حق تعالیٰ نے حرف میں سب سے پہلے اس کو بنایا اور سورہ فاتحہ میں اسی کو مقدم کیا اور سورہ بقر وغیرہ کی ابتدا الف سے کی ہے عدد اس کا ایک ہی ہے یہ آتشی ہے اور آتش اول عنصر ہے علماء فرماتے ہیں کہ جو کوئی لکھے الف کو ایک سو گیارہ بار سونے کی تختی پر آفات سے بچا رہے ایضاً۔ اگر دشمنوں کے شر سے بچنا چاہے یا بخار آتا ہو تو کاغذ کو زعفران سے رنگے یا کاغذ پر سونے سے اتوار کے دن شمس کے شرف میں لکھے، حق تعالیٰ جمیع آفات و بلیات سے محفوظ رکھے اگر عورت کو درد زہ ہو اور وہ دیکھے لڑکا باسانی پیدا ہو صورت اس کی یہ ہے ....

۷۸۶

۱۱۱	۱۱۱

اگر کسی کو خفقان ہو یا نظر بد ہو تو اس طرح سے سات دن تک لکھے صحت ہوگی۔ ایضاً۔ جو کوئی چاہے جاہ و منصب ملے وہ اس نقش کو سونے پر کندہ کرا کے سونے کی انگوٹھی پر رکھ کر پہنے قمر برج ہوت میں ہو نقش یہ ہے ....

۷۸۶

ا	ل	ن
ل	ق	۲
ف	ا	ل

۳۴	۴۱	۳۶
۳۹	۳۷	۳۵
۳۸	۳۳	۴۰

ب یہ دوسرا حرف ہے حار یابس ہے عدد اسکے دو ہیں لکھا ہے کہ حق تعالیٰ نے ب کو پیدا کیا اور اسکے ساتھ اکسٹھ فرشتے پیدا کئے اور وہ فرشتے حق تعالیٰ کی حمد و ثنا قیامت تک کرتے رہیں گے یہ حرف بڑی برکت کا ہے کہ بسم اللہ میں اول یہی ہے اور بسم اللہ بڑی برکت کی چیز ہے علماء نے لکھا ہے کہ جو کوئی اس حرف کو ہر روز صبح کو ساٹھ مرتبہ پڑھا کرے صاحب کرامت ہو جاوے۔ ایضاً۔ جو لڑکا بولتا نہ ہو یا ہکلاتا ہو اس حرف کو کاغذ پر